★★★پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 29 محرم الحرام 1447ھ، 25 جولائی 2025ء 10 ساون 2082 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 246

سکیورٹی فورسز کی کارروائی فتنہ الہندوستان کے 3 دہشتگرد ہلاک میجر اور سپاہی شہید

سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع مستونگ میں آپریشن کیا، کارروائی فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کی گئی

سکیورٹی فورسز ملک سے انڈین سپانسرڈ دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پُرعزم ہمارے بہادر جوانوں کی ایسی قربانیاں ہمارے عزم کو مزید تقویت دیتی ہیں: آئی ایس پی آر

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق سکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کے 3 دہشت گرد جہنم واصل جبکہ میجر اور سپاہی شہید ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع مستونگ میں آپریشن کیا، کارروائی فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کی گئی۔ کارروائی کے دوران بھارتی حمایت یافتہ 3 دہشت گرد جہنم واصل ہو گئے جبکہ(بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: پاکستان میں چین کے سفیر، مسٹر جیانگ زیڈونگ، صدر الیون جن پنگ کی طرف سے صدر آصف علی زرداری کو سالگرہ کا پیغام پیش کر رہے ہیں

ترکیہ، جنگل کی آگ میں شدت، 10 فائر فائٹرز و امدادی کارکن جاں بحق

انقرہ (این این آئی) ترکیہ میں آگ بجھانے کی کوششوں کے دوران 10 فائر فائٹرز اور امدادی کارکن جاں بحق ہوگئے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق ترک وزیر زراعت اور جنگلات ابراہیم یماکلی نے بتایا ہے کہ 5 فائر فائٹرز اور 5 امدادی کارکنوں (بقیہ نمبر 2)

وزیراعلیٰ مریم نواز کی غیر ملکی یونیورسٹیوں کے کیمپس اور ”ویجی لینس سکواڈ“ کی منظوری

وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیرصدارت اجلاس، کالج مینجمنٹ کونسل کا KPI سسٹم، لیپ ٹاپ اسکیم اور پہلی ہائر ایجوکیشن کانفرنس کی بھی منظوری

یونیورسٹیوں کی درجہ بندی اور گورننس ریفارمز پر بھی مشاورت، تفصیلی بریفنگ

لاہور (زیڈ این این) پنجاب میں اعلیٰ تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیرصدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے متعلق(بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک بحریہ کے لیے تیار کردہ گن بوٹ پی این ایس ساہیوال کی لاؤنچنگ تقریب کا انعقاد

نئی تیار کردہ گن بوٹ مختلف نوعیت کی بحری سکیورٹی امور سرانجام دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے، وائس چیف آف دی نیول اسٹاف

کراچی (این این آئی) پاک بحریہ کے لیے مقامی طور پر ڈیزائن کردہ گن بوٹ پی این ایس ساہیوال کی لاؤنچنگ تقریب کراچی شپ یارڈ اینڈ انجینئرنگ ورکس (KS&EW)(بقیہ نمبر 8)

مٹھی بھر دہشتگرد بلوچستان کی ترقی کا راستہ نہیں روک سکتے

ڈی جی آئی ایس پی آر

’کشمیر پاکستان کی شہ رگ تھا، ہے اور رہے گا‘ انتظامیہ اور طلبہ نے پرتپاک استقبال کیا‘ جنرل احمد شریف چودھری نے آپریشن بنیان مرصوص میں کامیابی پر روشنی ڈالی‘ طلباء کا پاک فوج کو خراج تحسین

بلوچ عوام پاکستان سے تاریخ، مذہب، ثقافت اور روایت کے رشتوں میں جڑی ہے‘ معرکہ حق میں فتح مُبین میں عوام کی حمایت بالخصوص نوجوانوں کا کردار اہم رہا

لاہور (یو این پی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف کا کہنا ہے کہ مٹھی بھر دہشت گرد بلوچستان اور پاکستان کی مجموعی ترقی اور خوشحالی کا راستہ نہیں روک سکتے۔ مسلح افواج (بقیہ نمبر 4)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

پاکستان اور چین کے درمیان معیشت اور علاقائی روابط کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں: صدر مملکت

چینی سفیر کی صدر مملکت سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی تعاون پر تبادلہ خیال

خطے میں امن، سلامتی اور خوشحالی کے لیے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے: آصف علی زرداری

اسلام آباد (این این آئی) چینی سفیر جیانگ زائی دونگ نے ایوانِ صدر میں صدرِ مملکت سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان چین کے ساتھ اپنے تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تجارت، معیشت، ثقافت اور علاقائی روابط کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں امن، سلامتی اور خوشحالی (بقیہ نمبر 5)

میجر محمد انور کاکڑ شہید اپنے پیچھے والدین، اہلیہ اور تین بیٹے چھوڑ گئے ہیں

بلوچستان کی ابلاغی جنگ میں انتہائی اہم کردار ادا کرنیوالے میجر انور کاکڑ دہشتگرد حملے میں شہید

بھارت کی سرپرستی میں پلنے والے دہشتگرد گروہوں کو ہر محاذ پر شکست دی جائے گی اور ہر سازش کو خاک میں ملا دیا جائیگا، فوجی ترجمان

پشین (این این آئی) بلوچستان کے ضلع پشین سے تعلق رکھنے والے پاک فوج کے بہادر افسر میجر محمد انور کاکڑ 19 جولائی 2025 کو کوئٹہ میں ”فتنہ الہندوستان“ نامی بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے دہشتگرد گروہ کے بزدلانہ حملے میں جام شہادت نوش کر گئے۔ وطن کے اس عظیم سپوت نے (بقیہ نمبر 3)

امریکی اٹارنی جنرل نے مئی میں ٹرمپ کو ایپسٹن دستاویزات میں نام سے متعلق بتایا تھا، امریکی اخبار

واشنگٹن (این این آئی) امریکی اخبار نے دعوی کیا ہے کہ امریکی اٹارنی جنرل پام بانڈی اور ان کے نائب نے مئی میں ایک میٹنگ کے دوران صدر ٹرمپ کو بتایا تھا کہ ان کا نام جنسی اسمگلنگ (بقیہ نمبر6)

آئی ایم ایف نے وزارت توانائی کا 3 سالہ مارجنل انرجی پیکج مسترد کر دیا

مذاکرات ناکام، آئندہ اقتصادی جائزہ مذاکرات میں نئی تجاویز کے ساتھ دوبارہ پیکج تیار کرکے بات چیت ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف نے وزارت توانائی کا صنعتوں کیلئے 3 سالہ مارجنل انرجی پیکج مسترد کر دیا۔ ذرائع نے بتایا کہ وزارت توانائی کے حکام آئی ایم ایف کو مارجنل (بقیہ نمبر 10)

پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی استعداد کار میں اضافہ کیا جا رہا ہے: خواجہ سلمان رفیق

پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی مانیٹرنگ اتھارٹی کا 35 واں اجلاس، اہم منظوریاں دی گئیں

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیرصدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی مانیٹرنگ اتھارٹی کا 35 واں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری آپریشنز طارق محمود رحمانی، (بقیہ نمبر 11)

کولمبیا یونیورسٹی نے فنڈنگ پر ٹرمپ انتظامیہ سے ڈیل کرلی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی کولمبیا یونیورسٹی نے قانونی جنگ ختم کرنے اور وفاقی فنڈنگ پر ڈونلڈ ٹرمپ انتظامیہ سے ڈیل کر لی۔ غیر (بقیہ نمبر12)

روس میں مسافر طیارہ گر کر تباہ ہوگیا، تمام 49 افراد ہلاک

ماسکو (این این آئی) روس میں مسافر طیارہ گر کر تباہ ہوگیا جس میں سوار تمام 49 (بقیہ نمبر13)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ، جناب رانا تنویر حسین کی زیرصدارت اجلاس ہو رہا ہے

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی ضم شدہ اضلاع (سابقہ فاٹا) سے تعلق رکھنے والے قبائلی جرگے کے اراکین سے پارلیمنٹ ہاؤس میں خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی کی قیادت میں خطاب کر رہے ہیں

مختلف ممالک پر 15 سے 50 فیصد ٹیرف عائد کریں گے، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ مختلف ممالک پر 15 سے 50 فیصد کے درمیان ٹیرف عائد کریں (بقیہ نمبر15)

ایئر انڈیا حادثہ، بھارت نے برطانیہ میں ہلاک افراد کے لواحقین کو غلط لاشوں کی باقیات بھیج دیں

نئی دہلی (این این آئی) بھارت نے ایئر انڈیا کے حادثے میں جاں بحق افراد(بقیہ نمبر 16)

فلسطین کا مسئلہ حل نہ ہوا تو اقوام متحدہ کی ساکھ داؤ پر لگ جائے گی

اسحاق ڈار

سرائیل کی جانب سے اسپتالوں، اسکولوں، اقوام متحدہ کی تنصیبات، اور پناہ گزین کیمپوں کو نشانہ بنانا ایک سوچا سمجھا منصوبہ ہے

عالمی برادری فوری جنگ بندی اور انسانی امداد کی بلا رکاوٹ رسائی کو یقینی بنائے‘ سلامتی کونسل کے سہ ماہی مباحثہ کی صدارت میں خطاب

نیویارک (این این آئی) پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے فلسطینی مسئلے کو اقوام متحدہ کی ساکھ اور اثر کا امتحان قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر اس مسئلے کا حل نہ نکالا گیا تو اقوام متحدہ کی ساکھ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے‘ عالمی برادری فوری جنگ بندی اور انسانی امداد کی بلا رکاوٹ رسائی کو یقینی بنائے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے سہ ماہی مباحثہ کی صدارت کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے مشرق وسطیٰ کی صورتحال اور فلسطینی مسئلے پر تفصیلی خطاب کیا۔ اس مباحثہ کا موضوع مشرق وسطیٰ کی صورتحال بشمول فلسطینی مسئلہ تھا جس میں اسحاق ڈار نے فلسطینی عوام پر ڈھائے جا(بقیہ نمبر 14)

عافیہ صدیقی کیس‘ وزیراعظم اور کابینہ کو توہینِ عدالت کا نوٹس بھیجنے کا معاملہ رُک گیا

جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان کے نوٹ سے پہلے ہفتہ وار روسٹر جاری ہو چکا تھا، ذرائع رجسٹرار آفس

اسلام آباد (این این آئی) عافیہ صدیقی کیس میں وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی کابینہ کو توہینِ عدالت کا نوٹس بھیجنے کا معاملہ رُک گیا۔ رجسٹرار آفس اسلام آباد ہائی کورٹ سے وزیراعظم شہباز (بقیہ نمبر 18)

جاپان کے ساتھ تجارتی معاہدہ ہوگیا، امریکا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ جاپان کے ساتھ تجارتی معاہدہ ہوگیا ہے۔ سوشل میڈیا پر امریکی صد(بقیہ نمبر 17)

بانی پی ٹی آئی کو جیل میں وہ سہولتیں دی جا رہی ہیں: عظمیٰ بخاری

قوم کے بچوں کو استعمال کرنے والا شخص آج جھوٹے پروپیگنڈے سے ہمدردی سمیٹنے کی ناکام کوشش کر رہا ہے

بانی پی ٹی آئی کے الزامات جھوٹ پر مبنی ہیں، جیل سہولتیں بی کلاس سے بڑھ کر ہیں، وزیراطلاعات پنجاب

لاہور (زیڈ این این) وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے بانی پاکستان تحریک انصاف کے جانب سے جیل میں سہولتوں کی عدم فراہمی (بقیہ نمبر 19)

مغربی کنارے میں اسرائیلی خودمختاری کی درخواست منظور

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی پارلیمنٹ نے مغربی کنارے میں اسرائیلی خودمختاری کی مجوزہ درخواست کی منظوری دے دی۔ دوسری جانب حماس جنگ بندی تجاویز پر رضامند ہوگیا، معاہدے پر دستخط کر کے ثالثوں کے حوالے کرد(بقیہ نمبر 20

جج نے انصاف کی فراہمی کو شفاف بنانے کا حلف لے رکھا ہے، چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ

وکلاء سے بھی گزارش ہے کے کیسز میں پوری تیاری سے آئیں تاکہ کیسز کا فیصلہ بروقت کیا جاسکے، لاڑکانہ بار سے خطاب

لاڑکانہ (این این آئی) چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ جسٹس محمد جنید غفار نے کہا کہ جج نے حلف لیا ہے کہ انصاف کی فراہمی کو شفاف بنایا جائے گا، تمام قانونی تقاضوں کو پورا کیا جا(بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد: مینجنگ ڈائریکٹر PBM سینیٹر کیپٹن شاہین خالد بٹ اور مینجنگ ڈائریکٹر OPF محمد افضال بھٹی PBM کے لیڈ آفس میں منعقدہ ایک تقریب میں ایک مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

موسلا دھار بارشیں، لینڈ سلائیڈنگ اور طغیانی کا خطرہ

لاہور، گوجرانوالہ، راولپنڈی، گلگت بلتستان سمیت کئی شہروں میں شدید بارشوں کا سلسلہ جاری

ندی نالوں میں طغیانی اور گلیشیائی جھیلیں پھٹنے سے ممکنہ سیلابی صورتحال، این ڈی ایم اے کا الرٹ جاری

لاہور (زیڈ این این) ملک بھر میں مون سون بارشوں کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پنجاب کے بیشتر اضلاع میں آج بھی گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے، جبکہ لاہور اور گردونواح میں بارش نے موسم خوشگوار بنا دیا ہے۔ لاہور کے سمن آباد، اچھرہ(بقیہ نمبر 22)

9 مئی جلاؤ گھیراؤ کیس کا تحریری فیصلہ جاری

یاسمین راشد سمیت دیگر ملزموں نے عوام کو فوج کیخلاف اکسایا

ملزموں کے اس اقدام نے ملک پر تباہ کن اثرات چھوڑے، وقوعہ کی فوٹیجز اور آڈیو، ویڈیو کلپس میں ملزمان کی شناخت کی گئی

تفتیشی افسران شاہ محمود قریشی سمیت 6 ملزمان کے خلاف شواہد پیش نہیں کر سکے، انسداد دہشت گردی عدالت نے بری کر دیا

لاہور (این این آئی) لاہور کی انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے شیر پاؤ پل جلاء گھیراؤ کیس کا 42 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ جاری کردہ تحریری فیصلے کے مطابق تفتیش میں تمام ملزمان ان واقعات میں ملوث پائے گئے، تفتیشی افسران شاہ محمود قریشی سمیت 6 ملزمان کے خلاف شواہد پیش نہیں کر سکے، شاہ محمود قریشی سمیت 6 ملزمان کو بری کیا جاتا ہے، شاہ محمود قریشی کسی (بقیہ نمبر 23)

سکیورٹی خدشات کے باعث ٹانک کے علاقے جنڈولہ میں کرفیو نافذ

تمام تجارتی مراکز اور دکانیں بند، خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی

ٹانک (این این آئی) سکیورٹی خدشات کے پیش نظر ضلع ٹانک کے سب ڈویژن جنڈولہ میں جمعرات کو کرفیو نافذ کیا گیا ہے۔ نیم قبائلی علاقہ میں کرفیو کے حوالے سے اعلامیہ ڈی سی کی جانب سے جاری کر دیا گیا، جس میں بتایا گیا ہے کہ سکیورٹی خدشات کے پیش نظر ٹانک کے سب ڈویژن جنڈ(بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ اور ثقافت ڈویژن اورنگزیب خان کھچی انڈونیشیا کے وزیر کونسلر رحمت ہندیارتا کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

غزہ کا محاصرہ، بھوک کی شدت سے مزید 10 فلسطینی انتقال کر گئے

غزہ (این این آئی) اسرائیلی محاصرے کے باعث غزہ میں غذائی قلت شدت اختیار کرگئی، غزہ میں بھوک کی شدت سے مزید 10 فلسطینی (بقیہ نمبر25)

احتجاج کیس، اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کے قابل ضمانت وارنٹ جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے احتجاج کے کیس میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) (بقیہ نمبر26)

بابوسر سیلاب میں بہہ جانے والی ڈاکٹر مشعال کے 3 سالہ بیٹے کی لاش بھی مل گئی

گلگت (این این آئی) دیامر میں بابوسر سیلاب میں اپنی والدہ ڈاکٹر مشعال کے ساتھ تین سالہ بیٹے کی لاش بھی مل گئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق گزشتہ شام 7 بجے تھک بابوسر کے قریب ڈاسر پر (بقیہ نمبر27)

غزہ: شدید غذائی قلت کے درمیان، فلسطینی ایک فلاحی تنظیم کی جانب سے تقسیم ہو رہا ہے

کسی کے ذہن کا خوف نہیں نکال سکتے، پولیس انویسٹیگیشن سے نہیں روک سکتے: چیف جسٹس عالیہ نیلم

مبینہ جعلی پولیس مقابلے سے بچاؤ کی استدعا مسترد، اگر ملزم مقدمے میں ملوث ہے

تو تفتیش بھی ہوگی، پولیس کو تفتیش سے نہیں روکا جاسکتا، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کے ریمارکس

لاہور (زیڈ این این) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے مبینہ جعلی پولیس مقابلے میں ہلاک نہ کرنے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے ریمارکس دیے کہ عدالت کسی کے دماغ میں بیٹھا خوف ختم نہیں کرسکتی، نہ ہی پولیس کی تفتیشی کارروائیوں کو روکا جا سکتا ہے۔ یہ ریمارکس ا(بقیہ نمبر 28)

طلبہ میرٹ پر پوزیشن حاصل کر رہے ہیں: صوبائی وزیر تعلیم

آئندہ 100 فیصد شفافیت لائی جائیگی، سبزی فروش، کسان کے بچے بھی پوزیشن لے رہے ہیں، رانا سکندر حیات

گیارہ ہزار امتحانی سٹاف نے ڈیوٹیاں دیں، امتحانی مراکز میں کیمروں سے مانیٹرنگ کی گئی، چیئرمین لاہور بورڈ

لاہور (زیڈ این این) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے میٹرک کے سالانہ نتائج آن لائن جاری کر دیے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ محکمہ تعلیم نے امتحانی نظام میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس بار 90 فیصد نتائج میں شفافیت یقینی بنائی گئی ہے، جبکہ اگلے سال 100 فیصد شفاف نتائج کے لیے مزید اصلاحات کی جائیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ اب سبزی فروش، کسان اور دیگر مزدور طبقے کے بچے بھی پوزیشن حاصل کر رہے ہیں جو نظام کی بہتری کا ثبوت ہے۔(بقیہ نمبر 32)

9 مئی کے واقعات میں ملوث ملزمان کے خلاف شواہد موجود تھے: عطاء تارڑ

190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی چیئرمین پی ٹی آئی اپنے حق میں کوئی شواہد پیش نہیں کر سکے، وزیر اطلاعات

190 ملین پاؤنڈ کیس کا جواب مذہبی نہیں نہ ہی ریاست مدینہ ہے، آپ قوم کو بتائیں کہ آپ نے بزنس ٹائیکون کے اربوں روپے کس طرح استعمال کئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ 9 مئی کے واقعات میں ملوث ملزمان کے خلاف شواہد موجود تھے، سی سی ٹی وی فوٹیج موجود تھیں، یہ معلوم تھا کہ ان واقعات میں کون ملوث تھے، 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی چیئرمین پی ٹی آئی ا(بقیہ نمبر 29)

بھوک کو فلسطینیوں کی نسل کشی کیلئے جنگی ہتھیار بنانے پر اسرائیل کے اندر سے آوازیں اٹھنے لگیں

غزہ (این این آئی) بھوک کو فلسطینیوں کی نسل کشی کے لیے جنگی ہتھیار بنانے پر اسرائیل کے اندر سے آوازیں اٹھنے لگیں۔ غزہ میں قحط(بقیہ نمبر30)

قانونی اخلاقی معاشرتی لحاظ سے ہمارا فرض ہے کہ عوام کو ریلیف دیں: چوہدری انوارالحق

وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوارالحق کی ہدایات پر تینوں تحصیلوں میں مجسٹریٹس متحرک

گراں فروشوں، ناجائز منافع خوروں، ذخیرہ اندوزوں کو جرمانے، ڈپٹی کمشنر چوہدری حق نواز کو رپورٹ ارسال کر دی گئی

بھمبر، سماہنی برنالہ (این این آئی) عوام کو مہنگائی سے ریلیف دینے کے حوالے سے وزیراعظم آزادکشمیر چوہدری انوارالحق کی ہدایات پر تینوں تحصیلوں میں مجسٹریٹس متحرک، گراں فروشوں، ناجائز منافع خوروں، ذخیرہ اندوزوں کو جرمانے، ڈپٹی کمشنر چوہدری حق نواز کو رپو(بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے بحری امور، محمد جنید انور چوہدری پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن اور شینگ ڈونگ زن سو گروپ کارپوریشن کمپنی چائنہ کے درمیان مفاہمت نامے کی دستخطی تقریب کا مشاہدہ کر رہے ہیں۔

ملک بھر میں ساڑھے چار سال کے دوران 79 خودکش حملے، 690 افراد جاں بحق

1300 سے زائد زخمی ہوئے، خیبر پختونخوا میں 54، بلوچستان میں 19، سندھ میں 4 اور پنجاب میں ایک خودکش حملہ ہوا

2024 میں 17 خودکش دھماکے ہوئے جن میں 139 جاں بحق اور 134 افراد زخمی ہوئے

پشاور (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ ساڑھے چار سال کے دوران 79 خودکش حملے ہوئے جن میں 690 جاں بحق اور 1300 سے زائد زخمی ہوئے۔ خیبر پختونخوا میں 54، بلوچستان میں 19، سندھ میں 4 اور پنجاب میں ایک خودکش حملہ ہوا، خیبر پختونخوا سب سے زیادہ متاثرہ صوبہ رہا جبکہ بلوچستان دوسرے نمبر پر متاثرہ صوبہ رہا۔ 2025 کے پہلے چھ ماہ میں 13 خودکش حملے ہوئے، جن میں 103 افراد جاں بحق اور 230 افراد زخمی ہوئے (بقیہ نمبر 33)

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس) محمد سلیم کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایڈوائزری و ٹاسک فورس کمیٹی کے اجلاس کا انعقاد

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس) محمد سلیم کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایڈوائزری و ٹاسک فورس کمیٹی کے اجلاس کا انعقاد، اجلاس میں کھاد کی موجودہ صورتحال کے علاوہ کاشتکاران کے مسائل کے حوالے سے ڈی ڈی زراعت (توسیع) افتخار احمد کی طرف سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس کو بریفنگ دی گئی۔ اے ڈی سی (ایف اینڈ پی) نارووال نے اس موقع پر کہا کہ پنجاب حکومت کاشتکاروں کے ہاتھ مضبوط کرنے اور انہیں زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، زراعت کے شعبے کو مضبوط اور مستحکم بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ شعبہ زراعت کی ترقی میں کاشتکاروں کے کردار کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ اجلاس میں ڈی ڈی زراعت (توسیع) افتخار احمد، اے ڈی ایل ڈاکٹر فرحان، اے ڈی زراعت بدوملہی، اے ڈی پلانٹ پروٹیکشن تنزیل احمد، نمائندہ کاشتکاران ودیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایڈوائزری اور ڈسٹرکٹ ٹاسک فورس کے حوالے سے محکمہ زراعت کی طرف سے کی جانے والی کارروائیوں کے حوالے سے ڈی ڈی زراعت (توسیع) نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نارووال کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ محکمہ زراعت کی ٹاسک فورس ٹیمیں بھرپور طریقے سے کام کر رہی ہیں، اس سلسلہ میں عوامی شکایات پر ضلع بھر میں سے یکم جنوری سے اب تک مختلف مقامات سے کھادوں کے 175 نمونے لیے گئے جنہیں متعلقہ لیبارٹری بھجوا دیا گیا جن میں آب تک 65 نمونہ جات کے رزلٹ موصول ہوئے ہیں جن میں 56 فٹ جبکہ 9 کو ان فٹ قرار دیا گیا جس کے تحت متعلقہ کھاد ڈیلرز کے خلاف مقدمات درج کرا دیئے گئے ہیں۔ ڈی ڈی زراعت نے بتایا کہ یوریا کھاد کی فروخت کی اوور چارجنگ کے حوالے سے جاری مہم کے تحت مجموعی طور پر 3 ایف آئی آر درج کی گئی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت نے بتایا کہ کسانوں کو درپیش مسائل کے لیے محکمہ زراعت اپنے تمام وسائل بروئے کار لا رہا ہے اور شعبہ زراعت کے فروغ کے حوالے سے انہیں زیادہ سے زیادہ آگاہی فراہم کرنے کے لیے تینوں تحصیلوں میں فارمر ڈے کا انعقاد بھی کیا جا رہا ہے۔ اجلاس میں اے ڈی ایل نارووال ودیگر افسران نے اجلاس کے دوران اے ڈی سی آر نارووال کو اپنے اپنے محکموں کی طرف سے کیے جانے والے اقدامات بارے بریفنگ دی۔

تصوف و طریقت اور ہجویریات کے سلسلے میں نئے دور کا آغاز

ایوانِ اوقاف میں سیکرٹری اوقاف کی زیر صدارت "ہجویر ایپ" کے آغاز کے سلسلے میں اجلاس

لاہور (صابر غوری) سیکرٹری / چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ایوان اوقاف میں "ہجویر ایپ" کے سلسلے میں پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی ٹیم کے ساتھ منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ حضرت داتا گنج بخشؒ کے 982ویں سالانہ عرس کے موقع پر "ہجویر ایپ" کا افتتاح ہوگا۔ ایپ میں اردو، عربی، فارسی اور انگریزی سمیت کثیر الجہتی لسانیات کی سہولت میسر ہوگی۔ ہجویر ایپ کو ڈیسکٹاپ، ٹیبلٹ اور سمارٹ فون کے تمام صارفین استعمال کرسکیں گے۔ ایپ میں قارئین بک مارکنگ اور میٹریل کو صارفین کے ساتھ شیئر بھی کرسکیں گے۔ ہجویر ایپ کے ذریعہ داتا صاحبؒ کی تعلیمات ہر عام قاری کی دسترس میں ہوں گی۔ اس میں روحانیت اور تصوف کی آڈیو لائبریری، ویڈیو لیکچر اور متعلقہ ڈاکو منٹریز بھی دستیاب ہوں گی۔ صارفین آف لائن ڈیٹا (Offline Data) تک ہمہ وقت رسائی حاصل کرسکیں گے۔ ہر قسم کی نئی انفارمیشن (New Content) کا نوٹیفکیشن ہر ممبر کو ہمہ وقت موصول ہوتا رہے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس ایپلیکیشن میں حضرت داتا گنج بخشؒ کے احوال و آثار اور کشف المحجوب کے مضامین ومعارف کے حوالے سے جملہ علمی و تحقیقی کام دستیاب ہوگا۔ یہ تصوف و طریقت اور بالخصوص ہجویریات پر ریسرچ کے حوالے سے ایک نئے عہد کا آغاز ہے، اس ضمن میں مختلف سطح پر ہونے والے انسائیکلو پیڈیائی کام کو بھی اس ایپ میں جمع کیا جائے گا۔ کشف المحجوب کے دستیاب قلمی نسخوں کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا، کشف المحجوب کی آڈیو ریکارڈنگ بھی اس میں موجود ہوگی اور یہ سب کچھ آپ کے موبائل پر ایک کلک (Click) پر دستیاب ہوگا۔ انہوں کہا کہ اس وقت دنیا کی تمام نمائندہ زبانوں میں کشف المحجوب کے تراجم اور اس پر پی ایچ ڈی کی سطح کا کام ہو چکا ہے، اس کو یکجا ہونے کی ضرورت ہے تاکہ ماہرین کو یہ تمام علمی ذخیرہ ایک مقام پر میسر آسکے۔ اجلاس میں خطیب داتا دربار مفتی محمد رمضان سیالوی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر مذہبی امور حافظ محمد جاوید شوکت اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی طرف سے اویس ارشد و دیگر آفیسران نے شرکت کی۔

شہر لاہور کے مختلف علاقوں سے چارنا افراد کی لاشیں برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر لاہور کے مختلف علاقوں سے چارنا افراد کی لاشیں برآمد، متعلقہ پولیس نے لاشیں شناخت نہ ہونے پر مردہ خانے منتقل کر کے لواحقین کی تلاش شروع کر دی ایدھی ترجمان کے مطابق نولکھا کے علاقے سے 45 سالہ نامعلوم شخص اور اچھرہ کے علاقے سے 50 سالہ خواجہ سرا کی لاشیں ملیں جبکہ قائد اعظم انڈسٹریل ایریا، ہمدرد چوک کے قریب 32 سالہ شخص اور کاہنہ کے علاقے نجومتہ کے علاقے میں 50 سالہ نامعلوم شخص نشے کی زیادتی کے باعث جاں بحق ہو گئے متعلقہ تھانوں کی پولیس نے ایدھی رضاکاروں کی مدد سے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے لواحقین کی تلاش شروع کر دی

پروفیسر ڈاکٹر صائمہ اور پروفیسر ڈاکٹر رانا محمد ایوب تین سال کے لیئے ویٹرنری یونیورسٹی کے ڈینز تعینات



لاہور (خبر نگار) چانسلر/گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے راوی کیمپس پتوکی کے سینئر پروفیسر ڈاکٹر صائمہ کو ڈین فیکلٹی آف اینیمل پروڈکشن اینڈ ٹیکنالوجی جبکہ چیئرمین ڈیپارٹمنٹ آف اکنامکس اینڈ بزنس مینجمنٹ پروفیسر ڈاکٹر رانا محمد ایوب کو ڈین فیکلٹی آف لائف سائنسز بزنس مینجمنٹ یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور میں تین سال کے لیئے تعینات کیا ہے۔ وائس چانسلر میری ٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) نے دونوں پروفیسرز کی اپنی اپنی فیکلٹیز میں بطور ڈین تعیناتی پر مبارکباد پیش کی نیز ان کی فیلڈ سے متعلقہ پیشہ وارانہ خدمات کو بھی سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پروفیسر ڈاکٹر صائمہ ویٹرنری یونیورسٹی کی تاریخ میں پہلی خاتون پروفیسر ہیں جو مسلسل دوسری مرتبہ ڈین تعینات ہوئی ہیں اور پروفیسر ڈاکٹر رانا محمد ایوب ایک نامور اکنامکس اینڈ بزنس مینجمنٹ کے ماہر ہیں جو کہ اپنے شعبہ جات میں پڑھانے کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

یورپی یونین، یو این او ڈی سی اور نیکٹا کے تعاون سے مائل اسٹون نے دہشت گردی کے 100 سے زائد متاثرین کو معاون آلات فراہم کیے

منصوبے کے تحت ہر متاثرہ فرد کی کہانی پر مبنی مختصر ویڈیو ڈاکیومنٹریز بھی تیار کی جا رہی ہیں

CLOSING CEREMONY

لاہور (خبر نگار) مائل اسٹون سوسائٹی فار دی اسپیشل پرسنز کی جانب سے "دہشت گردی کو نہ کہو: متاثرین کے ذریعے آگاہی" کے عنوان سے جاری منصوبے کی اختتامی تقریب 24 جولائی کو میل اسٹون ہاؤس لاہور میں منعقد ہوئی۔ یہ منصوبہ دہشت گردی اور انتہا پسندی کے متاثرین، بالخصوص کمزور علاقوں میں رہنے والے عام شہریوں اور نچلے درجے کے پولیس و سیکیورٹی اہلکاروں کی بحالی اور حقوق کے تحفظ کے لیے شروع کیا گیا تھا۔ پاکستان میں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں متاثرین ایک اہم طبقہ ہیں جنہیں ترجیحی بنیادوں پر مدد فراہم کرنا ناگزیر ہے۔ اس منصوبے کے تحت خصوصی افراد کو معاون آلات فراہم کیے گئے جن میں -25 الیکٹرک وہیل چیئرز -25 مینیوول وہیل چیئرز -25 سماعتی آلات -25 سفید چھڑیاں شامل ہیں یہ آلات متاثرین کی نقل و حرکت، سماجی شمولیت اور خود مختاری میں مددگار ثابت ہوئے۔ منصوبے کے تحت ہر متاثرہ فرد کی کہانی پر مبنی مختصر ویڈیو ڈاکیومنٹریز بھی تیار کی جا رہی ہیں تاکہ ان کی جدوجہد کو سوشل میڈیا کے ذریعے عوام تک پہنچایا جا سکے۔ تقریب میں معروف شخصیات نے شرکت کی جنہوں نے منصوبے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ کرنل (ر) شہزاد عامر، سی ای او پنجاب چیریٹی کمیشن (مہمان خصوصی) - ڈاکٹر اظہار الحق ہاشمی، ڈائریکٹر پروگرامز، پنجاب ویلفیئر ٹرسٹ فار دی ڈس ایبلڈ - ڈاکٹر خالد جمیل (بگ برادر) - محترمہ فاطمہ رضا، یو این او ڈی سی - محترمہ ماریانہ اقبال، یو این او ڈی سی - محمد شفیق الرحمن، صدر، مائل اسٹون سوسائٹی فار دی اسپیشل پرسنز محمد شفیق الرحمن نے کہا کہ معاون آلات کی تقسیم نے متاثرین کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لائی ہے، جس سے ان کی نقل و حرکت، رابطہ اور سماجی شرکت میں اضافہ ہوا ہے۔ یو این او ڈی سی کے نمائندوں نے منصوبے کی بروقت اور مؤثر تکمیل کو سراہا۔

سی ٹی او لاہور کا اہم اقدام ٹریفک پولیس لاہور کو سٹاپ لائن پر عمل درآمد کروانے کا حکم مل گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سی ٹی او لاہور کا اہم اقدام ٹریفک پولیس لاہور کو سٹاپ لائن پر عمل درآمد کروانے کا حکم مل گیا، لائن کے پیچھے رکیں یہ صرف رنگ نہیں تہذیب کی نشانی ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید کے حکم پر ٹریفک پولیس لاہور متحرک ہے جبکہ ٹریفک ایجوکیشن یونٹ بھی سڑکوں پر موجود ہے، سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید کا کہنا تھا کہ سٹاپ لائن کے بعد زیبرا کراسنگ ہے سگنل بند ہونے پر پیدل چلنے والوں کا اس پر پہلا حق ہے۔ سٹاپ لائن سے پہلے گاڑی روکنے کا مقصد پیدل سڑک کراس کرنے والوں کو حادثات سے محفوظ رکھنا ہے، تمام سگنلز پر ٹریفک وارڈنز سٹاپ لائن سے پہلے گاڑی روکیں گے عمل نہ کرنے کی صورت میں چالان جاری کریں۔ سڑک پر لین لائن اور سٹاپ لائن کا نفاذ شہریوں کو بحفاظت انکی منزل تک پہنچاتا ہے، تمام شہریوں کہ یہ ضرور یاد رکھنا ہوگا کہ سٹاپ لائن کی خلاف ورزی پر انکوائری چالان کا سامنا بھی کرنا پڑے گا۔

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان مون سون شجر کاری مہم کے تحت سول سیکرٹریٹ کے سبزہ زار میں پودا لگا رہے ہیں

مون سون شجر کاری، چیف سیکرٹری نے سول سیکرٹریٹ کے سبزہ زار میں پودا لگایا

ہارٹیکلچر سرگرمیوں کو مؤثر انداز میں فروغ دینے کیلئے تمام اضلاع میں پی ایچ اے قائم کی جا رہی ہیں۔ زاہد اختر زمان

وزیر اعلیٰ لاہور میں 1399 ہیلپ لائن کے ذریعے گھر گھر جا کر شہریوں کو مفت پودے فراہم کیے جا رہے ہیں۔ ڈی جی پی ایچ اے

لاہور (خبر نگار) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے جمعرات کے روز مون سون شجر کاری مہم کے سلسلے میں سول سیکرٹریٹ کے سبزہ زار میں پودا لگایا۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری نے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات سے بچاؤ کے لیے شجر کاری ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ درخت فطرت کی جانب سے ایک ایسی قدرتی ڈھال ہیں جو نہ صرف آلودگی کے خلاف تحفظ فراہم کرتے ہیں بلکہ آئندہ نسلوں کے لیے ایک محفوظ اور سرسبز مستقبل کی ضمانت بھی ہیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر شہروں کو سرسبز، خوشنما اور ماحول دوست بنانے کے لیے ایک جامع حکمت عملی پر عملدرآمد جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تمام اضلاع میں پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹیز (PHA) قائم کی جا رہی ہیں تاکہ شہری سطح پر شجر کاری اور ہارٹیکلچر سرگرمیوں کو مؤثر انداز میں فروغ دیا جا سکے۔ چیف سیکرٹری نے عوام سے اپیل کی کہ وہ شجر کاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور لگائے گئے پودوں کی دیکھ بھال کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ شجر کاری صرف ایک مہم نہیں بلکہ ایک قومی ذمے داری ہے، جس میں ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ لاہور میں پی ایچ اے کی ہارٹیکلچر سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ ان کی بدولت شہر کی خوبصورتی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ ڈی جی پی ایچ اے کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر لاہور میں 1399 ہیلپ لائن کے ذریعے گھر گھر جا کر شہریوں کو مفت پودے فراہم کیے جا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ اہم شاہراہوں، بالخصوص کینال روڈ کو پھولدار پودوں سے آراستہ کر کے شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:50
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	9:00

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

لاہور: ایسٹرن ہاؤسنگ ماس گروپ کی جانب سے منعقدہ تقریب کے موقع پر سی ای او میاں عبدالصمد، ایم ڈی غلام مرتضی، چیئرمین میاں عبدل وامیق، فرحت نواز، یاسر بھٹی ودیگر کا گروپ فوٹو

لاہور میں خودکشی کے واقعات میں تشویشناک اضافہ، رواں سال 75 افراد جان کی بازی ہار گئے

فروری میں 11 افراد نے اپنی زندگی کا خاتمہ کیا، جن میں 7 مرد اور 4 خواتین شامل ہیں

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں خودکشی کے واقعات میں تشویشناک اضافہ، رواں سال 75 افراد جان کی بازی ہار گئے ایدھی فاؤنڈیشن کے ترجمان کے مطابق رواں سال 2025 کے آغاز سے جولائی کے پہلے 20 دنوں تک مختلف وجوہات کی بنا پر 75 افراد نے خودکشی کی، جن میں 50 مرد اور 25 خواتین شامل ہیں ریکارڈ کے مطابق جنوری میں خودکشی کے 12 واقعات رپورٹ ہوئے جن میں 9 مرد اور 3 خواتین شامل تھیں۔ فروری میں 11 افراد نے اپنی زندگی کا خاتمہ کیا، جن میں 7 مرد اور 4 خواتین شامل ہیں۔ مارچ کے مہینے میں 6 واقعات پیش آئے جن میں 4 مرد اور 2 خواتین جان کی بازی ہار گئیں۔ اپریل میں خودکشی کے 12 کیسز سامنے آئے، جن میں 8 مرد اور 4 خواتین شامل تھیں، جب کہ مئی میں یہ تعداد بڑھ کر 17 ہو گئی، جن میں 13 مرد اور 4 خواتین شامل ہیں۔ جون میں 8 افراد نے خودکشی کی، جن میں 3 مرد اور 5 خواتین شامل ہیں۔ جولائی کے پہلے 20 دنوں کے دوران مزید 9 خودکشیوں کے واقعات رپورٹ ہوئے، جن میں 6 مرد اور 3 خواتین شامل ہیں۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے ترجمان کا کہنا ہے کہ خودکشی کے ان واقعات کے پیچھے گھریلو تنازعات، ذہنی دباؤ اور ذاتی نوعیت کے مسائل جیسے محرکات کار فرما ہیں۔ ایدھی فاؤنڈیشن نے عوام سے اپیل کی ہے کہ ذہنی دباؤ کا شکار افراد کو فوری طور پر معاونت فراہم کی جائے تاکہ قیمتی جانوں کے ضیاع کو روکا جا سکے۔

مخیر حضرات کا جنرل ہسپتال کو جدید لیپرو سکوپک مشین کا عطیہ، پرنسپل کا اظہار تشکر

جدید کیمرہ سرجری سے درد کم، شفا تیز، اور زندگی باوقار بن جاتی ہے: پروفیسر فاروق افضل

لاہور (خبر نگار) جنرل ہسپتال کے شعبہ ایمرجنسی کو مخیر حضرات کی جانب سے جدید لیپرو سکوپک مشین عطیہ کر دی گئی جو اس شعبے میں نئے اور جدید دور کا آغاز ہے۔ اس حوالے سے پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے مخیر حضرات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے لیپرو سکوپک مشین کا عطیہ وصول کیا اور کہا کہ لیپرو سکوپک مشین صرف آپریٹنگ تھیٹر کا سامان نہیں بلکہ سینکڑوں مریضوں کی جلد شفا اور معیاری زندگی کی کنجی ہے۔ جنرل ہسپتال کے سرجنز لیپرو سکوپک پروسیجر میں مہارت رکھتے ہیں اور اگر روایتی طریقے کی بجائے جدید کیمرہ سرجری کی جائے تو درد کم، شفا تیز، اور زندگی باوقار بن جاتی ہے نیز مریض کو بھی زیادہ دیر بستر پر رہنا نہیں پڑتا۔ اس موقع پر ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین، ڈاکٹر یحییٰ سلطان، ڈاکٹر جعفر حسین، ڈاکٹر عمیر رانا، ڈاکٹر حسان خان، ڈاکٹر حسن عباس، ڈاکٹر عبدالعزیز، ڈاکٹر انعم، ڈاکٹر فائزہ خالد، ڈاکٹر جنید امجد اور دیگر طبی و انتظامی افسران بھی موجود تھے۔ تقریب کے دوران میڈیا سے گفتگو میں پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت معاشرے کا وہ سرمایہ ہے جس کی قدر نسلیں کرتی ہیں۔ انہوں نے مخیر حضرات کے جذبہ خیر کو سراہتے ہوئے کہا کہ صاحب دل افراد کی یہ کاوش نہ صرف ایک مشین کا عطیہ ہے بلکہ امید، شفا اور زندگی کی نئی رمق بھی ہے۔ ڈاکٹر فاروق افضل کا کہنا تھا کہ جدید لیپرو سکوپک مشین سے مریضوں کو نہ صرف اینٹی بائیوٹک سے چھٹکارا حاصل ہوگا بلکہ انفیکشن کے امکانات بھی کم ہو جائیں گے اور کم سے کم وقت میں جلد صحت یابی ممکن ہو سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ہسپتال میں اسٹیٹ آف دی آرٹ طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین نے بھی مخیر حضرات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اُن کا شکریہ ادا کیا اور گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جدید میڈیکل ٹیکنالوجی تک رسائی ہر مریض کا حق ہے اور مخیر حضرات اس حق کی تکمیل میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج صرف ایک مشین نہیں بلکہ جدید طبی نظام کے ایک نئے باب کا افتتاح کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایل جی ایچ میں جدید سہولیات کی فراہمی میں تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں تاکہ ہر مریض کو عالمی سطح کے مطابق معیاری علاج دستیاب ہو۔ پرنسپل پروفیسر فاروق افضل نے مخیر شخصیت کو اعزازی شیلڈ پیش کی۔

لیڈی ایچیسن اسپتال لاہور میں مون سون شجر کاری مہم 2025 کا انعقاد

لاہور، (تخلیق صدیقی سے) 24 جولائی 2025 مون سون شجر کاری مہم 2025 کے سلسلے میں لیڈی ایچیسن اسپتال لاہور میں شجر کاری کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ثوبیہ جاوید نے ہسپتال کے لان میں پودا لگا کر مہم کا باقاعدہ آغاز کیا۔ تقریب میں اسپتال کے ڈاکٹرز، نرسز، پیرا میڈیکل اسٹاف اور دیگر انتظامی عملے نے بھرپور شرکت کی۔ شرکاء نے ماحول دوست جذبے کے تحت شجر کاری میں عملی حصہ لیا۔ ڈاکٹر ثوبیہ جاوید نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ درخت قدرت کا انمول تحفہ ہیں جو نہ صرف فضائی آلودگی کے خاتمے میں مدد دیتے ہیں بلکہ ایک صحت مند معاشرے کے قیام میں بھی کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہر فرد کو اپنے حصے کا درخت لگانا چاہیے تاکہ آئندہ نسلوں کو ایک بہتر اور صاف ماحول فراہم کیا جا سکے۔ یہ شجر کاری مہم اسپتال کی ماحول دوستی، صحت مند ماحول کے قیام اور معاشرتی فلاح کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال نارووال کا اچانک دورہ کیا

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال نارووال کا اچانک دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے جنرل او۔ پی۔ ڈی، ڈینٹل یونٹ، لیبارٹری، ایکسرے روم، آرتھوپیڈک وارڈ اور جنرل آپریشن تھیٹر سمیت مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری چیک کی اور مریضوں سے علاج معالجے کی سہولیات بارے براہ راست دریافت کیا۔ انہوں نے لیبارٹری میں مریضوں کے غیر ضروری رش پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ لیبارٹری کے سامنے موجود کمروں کو فوری طور پر سیمپل کولیکشن سینٹر کے طور پر فعال کیا جائے تاکہ مریضوں کو سہولت میسر آسکیں۔ دورے کے دوران گائنی وارڈ میں موجود مریضوں نے نرسنگ سٹاف اور دیگر عملے سے متعلق شکایات کیں، جس پر ڈپٹی کمشنر نے فوری ایکشن لیتے ہوئے گائنی وارڈ میں تعینات نرسز، وارڈ سرونٹ اور سوپر سمیت مکمل عملے کو فوری طور پر تبدیل کرنے کے احکامات جاری کر دیے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ مریضوں کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے اور کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر صاحب نے ایم۔ ایس۔ ڈی۔ ایچ۔ کیو ڈاکٹر افضال راجپوت کو یہ ہدایت کی کہ تمام وارڈز اور او۔ پی۔ ڈی۔ رومز میں متعلقہ ڈاکٹر اور سٹاف کے ڈیوٹی روسٹرز ہر صورت موجود ہونے چاہیں۔

پی ایچ سی نے علاج میں غفلت کے مرتکب 10 ڈاکٹرز کے کیسز پی ایم ڈی سی، محکمہ صحت کو بھجوا دیے

علاجگاہوں پر 5.98 لاکھ، جبکہ قصوروار ڈاکٹرز و نرسز پر 61 لاکھ روپے جرمانہ عائد

لاہور (خبر نگار) پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن نے علاج میں غفلت کے مرتکب 10 ڈاکٹرز کے کیسز پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) اور صوبائی محکمہ صحت کو مزید کارروائی کے لیے بھجوا دیے ہیں۔ یہ اقدام پی ایچ سی کے بورڈ آف کمشنرز کی جانب سے میڈیکل غفلت والا پرواہی سے متعلق شکایات پر حتمی فیصلوں کے بعد کیا گیا۔ مزید برآں بورڈ نے انتظامی کوتاہیوں پر علاجگاہوں کو 5.98 لاکھ روپے جبکہ لاپرواہی ثابت ہونے والے ڈاکٹرز پر 58 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا ہے۔ اس کے علاوہ ایک نرس کا کیس بھی پاکستان نرسنگ کونسل کو تادیبی کارروائی کے لیے بھیجا گیا ہے، جبکہ فرائض میں کوتاہی پر نرسز پر مجموعی طور پر 3 لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ مکمل طور پر فعال ہونے کے بعد سے بورڈ آف کمشنرز نے آٹھ اجلاس منعقد کیے ہیں، جن میں تمام فریقین کو مکمل سماعت کا موقع دینے کے بعد 66 مقدمات کا فیصلہ سنایا گیا۔ اس کے علاوہ بورڈ آف کمشنرز نے 48 مقدمات کا جائزہ لے کر انہیں حتمی شکل دی گئی۔ بورڈ نے شکایات کے ڈائریکٹوریٹ کو ہدایت کی ہے کہ وہ درخواستوں کے فوری ازالے کو ترجیح دے اور زیر التواء تمام مقدمات کو جلد از جلد نمٹائے تاکہ متاثرین کو بروقت انصاف مل سکے۔

پیشنٹ بناولنٹ سوسائٹی شیخ زاید ہسپتال کا قصور کے نواحی علاقے میں فری میڈیکل کیمپ

300 سو سے زائد مریضوں کا مفت معائنہ وادویات فراہم کی گئیں

لاہور (خبر نگار) پیشنٹ بینوولنٹ سوسائٹی شیخ زاید ہسپتال لاہور کی جانب سے قصور کے نواحی علاقے میں 20 مئی بروز اتوار کو ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں 300 سی زائد مریضوں کا مفت معائنہ کیا گیا اور مفت ادویات فراہم کی گئی۔ کیمپ کے شرکاء کی تفصیل یہ ہے۔ ڈاکٹر محمد ابراہیم مظفر چوہدری (صدر پی بی ایس)، کشف العین (نائب صدر)، اریبہ اقبال (جنرل سیکرٹری)، میجر ڈاکٹر کاشف سالار، ڈاکٹر عبدالرحمن، ڈاکٹر قیصر خٹک، ڈاکٹر علی رضا، ڈاکٹر عزیر، ڈاکٹر عبدالرحمن، ڈاکٹر صفوان، ڈاکٹر استحسان، ڈاکٹر محمد سعد، ڈاکٹر معظم اعجاز، فیصل احسان، حمزہ حسن وٹو، بختاور لطیف، احمد سنان، احمد مرتضیٰ حمید، زینب سمیع، سرشار قادر، نشا کماری، رامین اکرام، عائشہ انور چیمہ، ایمان فاطمہ افضل، نور فاطمہ، ثنا افتخار، فہیم، دلشاد خادم، علی وارث، فاطمہ ریاض، عبدالرحمن، زارا خالد، حاشر مسعود اور آصف علی۔ کیمپ کے اختتام پر اہل علاقہ نے پی بی ایس کا شکریہ ادا کیا اور اس کام کو خوب سراہا۔

ساہیوال بورڈ کے میٹرک امتحان 2025 میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کے اعزاز میں ڈویژنل پبلک سکول اینڈ کالج ساہیوال میں تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا



ساہیوال (مہر اے ڈی سیم سپرا سے) ساہیوال بورڈ کے میٹرک امتحان 2025 میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات کے اعزاز میں ڈویژنل پبلک سکول اینڈ کالج ساہیوال میں تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں 12 سو میں سے 1189 نمبرز لے کر ساہیوال بورڈ میں پہلی پوزیشن جبکہ پنجاب بھر میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم فیضان فرید اسرار کو لیپ ٹاپ، کیش پرائز اور میڈلز جبکہ دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کو کیش پرائز اور میڈلز دیے گئے۔ کمشنر ساہیوال / چیئرپرسن ساہیوال بورڈ ڈاکٹر آصف طفیل اور ممبر پنجاب اسمبلی ملک قاسم ندیم تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل اور ایم پی اے ملک قاسم ندیم کی پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات، ان کے اساتذہ اور والدین کو مبارکباد دی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ نوجوان طلبہ وطالبات ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں جنہوں نے ملک کو آگے لے کر چلنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب شعبہ تعلیم کے فروغ کے لئے خطیر رقم خرچ کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے طلبہ وطالبات کے لئے سکالرشپ، لیپ ٹاپ جیسی سکیمیں شروع کیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری ریاست آپ کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے طلبہ وطالبات پر زور دیا کہ مزید محنت کریں حکومت ان کی پوری سپورٹ کرے گی۔ ممبر پنجاب اسمبلی ملک قاسم ندیم نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر بچوں کے اعزاز میں ایسی تقاریب کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ و طالبات محنت کریں اور ملک و قوم کی خدمت کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات جس طرح شعبہ تعلیم کو لے کر چل رہے ہیں اسکی مثال نہیں ملتی۔ تقریب میں سیکرٹری بورڈ فیاض سلیمی، کنٹرولر امتحانات رانا نوید عظمت، تینوں اضلاع کے چیف ایگزیکٹو افسران سمیت محکمہ تعلیم کے دیگر افسران نے شرکت کی۔

لاہور پولیس کا سیالکوٹ مبینہ غیر قانونی ریڈ، خواتین وبچوں کو ہراساں کرنے اور 9c کے مقدمہ کا معاملہ

متاثرہ خاندان ایک بار پھر ڈی آئی جی آپریشنز کی کھلی کچہری میں پیش، انکوائری ایس پی سول لائن کو مارک کی گئی







لاہور (دانش خان) رواں ماہ سیالکوٹ کے رہائشی شہری شعیب نامی کے گھر لاہور پولیس تھانہ شالیمار اہلکاروں کے مبینہ غیر قانونی ریڈ کی کاروائی کا شور مچا اور پھر اسے دبا دیا گیا تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ کے متاثرہ خاندان نے خواتین اور بچوں کو ہراساں کرنے، قیمتی سامان اور نقدی لوٹ مار اور بعد ازاں خاندان کے سربراہ شعیب پر منشیات ایکٹ (9c) کے تحت مبینہ جھوٹا مقدمہ درج کرنے کا الزام عائد کیا۔ واقعہ کے فوری بعد متاثرہ خاندان کی جانب سے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کو جمع کرائی گئی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ مورخہ 19 جون 2025 کو رات تقریباً 2 بجے تھانہ شالیمار لاہور کے ایس ایچ او اور ریحان انور کے ایماں پر سب انسپکٹر حافظ سرفراز اور دیگر پولیس اہلکار بغیر کسی قانونی جواز یا وارنٹ کے سیالکوٹ میں واقع ان کے گھر میں کود آئے۔ درخواست گزار صائمہ زوجہ شعیب کے مطابق، اہلکاروں نے گھر کی چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کیا، خواتین کے ساتھ بدسلوکی کی، بچوں کو ڈرایا دھمکایا اور گھر کی تلاشی کے دوران قیمتی زیورات، نقدی، لیپ ٹاپ، موبائل فون اور LCD سمیت بیش قیمت سامان بھی لے اڑے، اہلکاروں نے گھر میں موجود شعیب اور اس کے بھائی اسلم کو حراست میں لیا، ان کے ساتھ گالم گلوچ کی جبکہ بعد ازاں شعیب کے خلاف تھانہ شالیمار لاہور کی حدود جعلی وقوعہ بنا کر مقدمہ نمبر 1813/25 بجرم بھاری مقدار 10 کلو گرام منشیات 9c کا اندراج کر دیا، جو سراسر جھوٹ اور بدنیتی پر مبنی ہے۔ درخواست میں مزید بتایا گیا ہے کہ پولیس نے شعیب کا موبائل فون ڈیٹا (CDR) بطور ثبوت پیش کرنے کی کوشش کی، حالانکہ وہ کسی قسم کی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث نہیں، نہ ہی اس کا لاہور سے کوئی تعلق ہے۔ گرفتار ملزم شعیب کی بیوی صائمہ بی بی نے ایک بار پھر ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کو تحریری درخواست پیش کر دی جس میں لاہور پولیس تھانہ شالیمار کی جانب سے اختیارات کے صریحاً ناجائز استعمال کی بدترین مثال کا موقف اختیار کیا گیا اور ڈی آئی جی لاہور آپریشنز سے اپیل کی کہ واقعہ کی آزادانہ اور شفاف تحقیقات کروائی جائیں، ملوث پولیس اہلکاروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے، جھوٹے مقدمہ کو ختم کر کے متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کیا جائے اور لوٹا گیا قیمتی سامان واپس دلایا جائے۔ ڈی آئی جی نے شفاف انکوائری کی غرض سے مذکورہ درخواست ایس پی آپریشنز سول لائنز کو مارک کر دی جس کے نتائج آنا ابھی باقی ہیں ذرائع کے مطابق ایس پی سول لائنز نے دونوں پارٹیوں سب انسپکٹر حافظ سرفراز کو تفصیلی سن لیا ہے۔ تمام تر واقعہ پر ایس ایچ او شالیمار ریحان انور نے اپنا موقف دیتے ہوئے کہا کہ اتنی بھاری مقدار میں منشیات کی ترسیل کا مقدمہ جھوٹا نہیں ہے جسے وقت آنے پر ثابت کیا جائے گا اور ملزم شعیب کو دوران ترسیل منشیات لاہور سے ہی گرفتار کیا گیا ہے

سیکینڈری سکول سرٹیفکیٹ کے امتحان کے انعقاد سے لے کر نتائج کی تیاری تک متعلقہ قواعد وضوابط پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا گیا: کمشنر گوجرانوالہ

گوجرانوالہ (پرویز مغل قوت بیورو) کمشنر / چیئرمین تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ کے امتحان کے انعقاد سے لے کر نتائج کی تیاری تک متعلقہ قواعد و ضوابط پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا گیا امتحانی نظام میں غیر جانبداری اور شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا گیا۔ داخلہ فارموں کی وصولی، رول نمبر اور سنٹرز کی الاٹمنٹ آٹومیشن سسٹم کے ذریعے کی گئی۔ ادارہ جات کی جانب سے بھجوائی گئی اُمیدواران کی ترتیب کو ختم کیا گیا اور ایک زون کے اندر جملہ ادارہ جات کے اُمیدواران کو اُس زون میں قائم کردہ امتحانی مراکز اور لیبارٹریز میں یکساں تقسیم کر کے بٹھایا گیا۔ امتحانی مراکز کی مانیٹرنگ کیلئے ٹیمیں تشکیل دی گئیں۔ دوران امتحان بورڈ کو جو بھی شکایت ملی اُس کا فوری طور پر ازالہ کیا گیا۔ چیئرمین نے مزید کہا کہ نتائج کی تیاری میں بھی بورڈ نے اپنے تمام تر وسائل اور مین پاور کو استعمال میں لاتے ہوئے مستند اور اغلاط سے پاک رزلٹ تیار کروایا ہے۔ انہوں نے اپنے عزم کا بھرپور انداز میں ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ طلباء وطالبات کو اُن کے جائز حقوق دلانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی گئی۔ امتحانی نظام کی بہتری کیلئے ہمہ وقت سرگرم عمل رہے اور اس میں کسی قسم کی لاپرواہی برداشت نہیں کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ میں پوزیشن ہولڈر بچوں کے اعزاز میں قائد اعظم ڈویژنل پبلک سکول جی ٹی روڈ گوجرانوالہ میں ایک پر وقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں ڈاکٹر محمد احتشام جان بٹ کنٹرولر امتحانات، پروفیسر رشید احمد بھٹی، سیکرٹری بورڈ کے علاوہ بورڈ کے دیگر افسران، پوزیشن ہولڈر طلباء وطالبات، انکے والدین، اساتذہ کرام، سربراہان تعلیمی ادارہ جات شرکت کی۔ تقریب کے مہمانان گرامی ممبران صوبائی اسمبلی قیصر اقبال سندھو، طارق سبحانی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، پوزیشن ہولڈر بچوں کو کیش ایوارڈ اور تعریفی سرٹیفیکیٹ عطا کیے۔

شہید پولیس ملازمین کے معذور بھائی کو قتل کے جھوٹے مقدمہ میں ملوث کرنے پر اہل علاقہ کا شدید احتجاج

وقوعہ سے قبل دونوں فریقین کے درمیان معمولی جھگڑا ہوا جس میں مصالحت کے بعد دونوں فریق واپس چلے گے مگر کچھ دیر بعد مبینہ طور طارق اپنے مسلح ساتھیوں سمیت واپس کھیتوں میں گیا جہاں بوٹا مسیح فائر لگنے سے جانبحق ہوگیا

گوجرانوالہ (غلام شبیر ریزیڈنٹ ایڈیٹر) شہید پولیس ملازمین کے معذور بھائی کو قتل کے جھوٹے مقدمہ میں ملوث کرنے پر اہل علاقہ کا شدید احتجاج، تفصیل کے مطابق نواحی علاقہ گھنو کے میں چند یوم قبل اراضی کے تنازعہ پر بوٹا مسیح فائر لگنے جاں بحق ہو گیا تھا جسکا مقدمہ مقامی تھانہ قلعہ کالروالہ میں خالد ججہ اور اسکے ملازمین خادم وغیرہ کیخلاف کروایا گیا جس میں ملزمان نے عدالت سے عبوری ضمانت کروا رکھی ہے۔ گذشتہ روز اہل علاقہ نے جھوٹے مقدمہ کے اندراج پر شدید احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ گاؤں میں خالد ججہ اور طارق وغیرہ کے درمیان کھیتوں میں پانی لگانے کا تنازعہ چل رہا تھا وقوعہ سے قبل دونوں فریقین کے درمیان معمولی جھگڑا ہوا جس میں مصالحت کے بعد دونوں فریق واپس چلے گے مگر کچھ دیر بعد مبینہ طور طارق اپنے مسلح ساتھیوں سمیت واپس کھیتوں میں گیا جہاں بوٹا مسیح فائر لگنے سے جانبحق ہو گیا جس کے مقدمہ میں خالد ججہ کو ایما کا ملزم بنایا گیا جبکہ خالد ججہ جس کے دو بھائی دوران ڈیوٹی پولیس ملازمت میں شہید ہو چکے ہیں وہ بوقت وقوعہ جائے وقوعہ سے تقریباً بیس کلومیٹر دور تھا اور اس دوران خالد کا کسی نامزد ملزم سے کسی بھی طرح کا کوئی رابطہ نہ تھا اور نہ ہی دیگر ملزمان کی مقتول سے کسی بھی طرح کی کوی عداوت تھی اہل علاقہ نے وزیر اعلی پنجاب رپی او گوجرانوالہ دیگر ارباب اختیار سے اپیل کی ہے کہ مقدمہ کی شفاف انکوائری کر کے اصل ملزمان کا تعین کیا جائے اور بیگناہ فراد پر درج مقدمہ خارج کیا جائے۔

ڈی بلاک طفیل کالونی قلندر پورہ کا دھفتوں سے بند سیوریج کھلوا دیا گیا

اے سی شالیمار ثاقب ترازی۔ ایکسین واسا سلمان مرزا۔ ایس ڈی او واسا فتح گڑھ سلطان شاہ کی ھدایت پر اور پی پی 152 کے سیاسی وسماجی رھنما اور سینئر صحافی شھباز احمد بھٹی کی کاوش سے کام سرانجام دیا گیا

لاہور (خبر نگار سے) تفصیلات کے مطابق یوسی 144 ڈی بلاک طفیل کالونی قلندر پورہ کے بازار نمبر 05 بازار نمبر 03 گلی نمبر 10 کا سیوریج جو کہ دو ہفتوں سے بند تھا اور سیوریج کا گندا پانی گشت کر رہا تھا جس کی شکائت پی پی 152 کے سیاسی وسماجی رھنما اور سینئر صحافی شھباز احمد بھٹی نے اے سی شالیمار ثاقب ترازی سے کی ایکسین واسا سلمان مرزا سے کی جو کہ پھر فتح گڑھ سب ڈویژن کے ایس ڈی او سلطان شاہ کی ھدایت پر سب انجینئر محبوب نے زبردست طریقے سے کام کروایا اور تینوں کمپلینز کو گاڑیوں اور درکروں کی مدد سے حل کروا دیا جس پر اہل علاقہ نے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا لیکن افسوس آج پھر بارش نے ہر طرف پانی ھی پانی کر دیا جس سے ایک بار پھر لوگ پریشان ہو گئے اہل علاقہ ڈی بلاک طفیل کالونی قلندر پورہ کے عوام اور سیاسی وسماجی رھنماؤں شھباز احمد بھٹی۔ محمد شریف بٹ۔ جمال دین مغل۔ صدام حسین۔ عمران جٹ۔ عباس شاہ۔ علی حسن اعوان۔ محمد عارف۔ عمران بھٹی۔ محمد شیراز ودیگرہ نے مطالبہ کیا ھے کہ امید تو ھے کہ رات تک پانی خود بخود نکل جائے گا اگر نہ نکلا تو دوبارہ گاڑیاں لگا کر اس علاقے کو کلئیر کیا جائے۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

کمشنر گوجرانوالہ کا میڈیکل ٹیچنگ ہسپتال کا تفصیلی دورہ

دورے کا مقصد ہسپتال میں طبی سہولیات، صفائی کے انتظامات اور مریضوں کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لینا تھا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہیلتھ ریفارمز پروگرام کے تحت کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے گوجرانوالہ میڈیکل ٹیچنگ ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا مقصد ہسپتال میں طبی سہولیات، صفائی کے انتظامات اور مریضوں کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لینا تھا۔ ایم ایس گوجرانوالہ میڈیکل ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر عمیر عمران نے انہیں ایمرجنسی، او پی ڈی اور مختلف شعبہ جات میں علاج معالجے کی سہولیات بارے بریفنگ دی۔ کمشنر اور ڈپٹی کمشنر نے گوجرانوالہ میڈیکل ٹیچنگ ہسپتال میں طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا، ادویات کی دستیابی اور ڈیوٹی روسٹر کے مطابق ڈاکٹرز و طبی عملہ کی موجودگی چیک کی اور (آپریشن تھیٹر، آئی سی یو، گائنی او پی ڈی، این آئی سی یو، جنرل میڈیسن، ڈینٹل اینڈ میکسیلو فیشل، فزیو تھراپی، لیبارٹریز، ڈیلیسز یونٹ) اور دیگر شعبوں کا معائنہ کیا۔ مریضوں سے ملاقات کرتے ہوئے فراہم کردہ سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ مریضوں اور تیمارداروں نے صفائی ستھرائی، ادویات اور ڈاکٹرز کی موجودگی سے متعلق مثبت آراء کا اظہار کیا۔ اس موقع پر کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ صحت کی سہولیات میں بہتری حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اور تمام تر وسائل عوام کی خدمت کے لیے بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو علاج معالجے کی معیاری سہولیات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ یہاں آنے والا کوئی مریض ان سہولیات یا علاج سے محروم نہ رہے جو یہاں دستیاب ہیں۔ طبی سہولیات کی فراہمی میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، مریضوں کی مناسب دیکھ بھال اور علاج معالجہ ہماری ذمہ داری ہے۔ پروفیسر ڈاکٹرز اپنی ڈیوٹی کے مطابق حاضری یقینی بنائیں، ڈاکٹرز سمیت تمام عملہ دوران ڈیوٹی موبائل فون کے استعمال سے سختی سے گریز کریں۔ انہوں نے مزید کہا ہسپتال کی بہتری اور عوامی ریلیف کے لیے ضلعی انتظامیہ ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر ننکانہ ڈاکٹر کامران واجد کے اعزاز میں گولڈن ریسٹورنٹ ننکانہ صاحب میں ظہرانہ

گولڈن ریسٹورنٹ پہنچنے پر سی ای او ہیلتھ ننکانہ ڈاکٹر روحیل اختر ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر ننکانہ ڈاکٹر کامران واجد کا فرینڈز فیملی ہیلتھ گروپ کے ارکان نے بھرپور استقبال کیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) فرینڈز فیملی ہیلتھ گروپ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ننکانہ صاحب کا سی ای او ہیلتھ ننکانہ ڈاکٹر روحیل اختر اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر ننکانہ ڈاکٹر کامران واجد کے اعزاز میں گولڈن ریسٹورنٹ ننکانہ صاحب میں ظہرانہ۔ تفصیلات کے مطابق فرینڈز فیملی ہیلتھ گروپ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام نئے تعینات ہونے والے سی ای او ہیلتھ ننکانہ نوجوان طبی ماہر ڈاکٹر روحیل اختر اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر ڈاکٹر کامران واجد ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر کے اعزاز میں گولڈن ریسٹورنٹ ننکانہ صاحب میں پر تکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا گولڈن ریسٹورنٹ پہنچنے پر سی ای او ہیلتھ ننکانہ ڈاکٹر روحیل اختر ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر ننکانہ ڈاکٹر کامران واجد کا فرینڈز فیملی ہیلتھ گروپ کے ارکان نے بھرپور استقبال کیا پھولوں کی پتیاں نچھاور کی ہار پہنائے اور گلدستے پیش کیے فرینڈز فیملی ہیلتھ گروپ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ننکانہ صاحب کے ممبران نے سی ای او ہیلتھ ننکانہ ڈاکٹر روحیل اختر کو تعیناتی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی تعیناتی کو ننکانہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے لیے خوش آئند قرار دیا اور سینئر طبی ماہر ڈاکٹر کامران واجد ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کی سی ای او ہیلتھ ننکانہ ڈاکٹر روحیل اختر ڈی ایچ او ننکانہ ڈاکٹر کامران واجد نے فرینڈز ہیلتھ فیملی گروپ ڈی ایچ کیو ننکانہ کے ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ننکانہ میں قابل فخر مخلص خدمت کے جذبے سے سرشار ہیلتھ ٹیم موجود ہے

دریائے چناب اور جہلم میں ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے ہیڈ تریموں کا دورہ کیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) دریائے چناب اور جہلم میں ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے ہیڈ تریموں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے پانی کی آمد و اخراج کے حوالے سے محکمہ آبپاشی کے افسران سے بریفنگ لی جبکہ ہیڈ تریموں کے مقام پر سکاڈا کنٹرول روم سے مانیٹرنگ کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر دریائے چناب اور جہلم میں ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر تمام حفاظتی انتظامات مکمل ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کے تمام ادارے کسی بھی ایمرجنسی یا دریا میں پانی کی سطح بڑھنے کی صورت میں الرٹ ہیں۔

مریضوں اور انکے لواحقین کیساتھ خوش اخلاقی کے ساتھ پیش آنا ہماری اولین ترجیح ہے

عملہ مریضوں کے ساتھ علاج معالجہ کے سلسلہ میں انتہائی ایمانداری اور فرض شناسی کے ساتھ مکمل تعاون کر رہا ہے

عارفوالا (نمائندہ قوت + نامہ نگار) ہسپتال میں آنے والے تمام مریضوں کو علاج معالجہ کی بہترین سہولیات کی فراہمی سمیت مریضوں اور انکے لواحقین کیساتھ خوش اخلاقی کے ساتھ پیش آنا ہماری اولین ترجیح ہے وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف، نرسز اور دیگر عملہ مریضوں کے ساتھ علاج معالجہ کے سلسلہ میں انتہائی ایمانداری اور فرض شناسی کے ساتھ مکمل تعاون کر رہا ہے ان خیالات کا اظہار میڈیکل آفیسر ٹیچنگ اسپتال ساہیوال ڈاکٹر محمد احمد نے میڈیا یا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ مریضوں کو علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی بروقت دی جا رہی ہیں میڈیکل سٹاف اور ڈاکٹرز کی جانب سے کسی قسم کی کوتاہی، غفلت اور کرپشن پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا تمام عملہ اسٹاف وقت مقررہ کے مطابق اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں اس موقع پر مریضوں اور انکے لواحقین نے بتایا کہ ڈاکٹر محمد احمد انتہائی قابل اور فرض شناس میڈیکل ٹیچنگ آفیسر ہیں چند شرپسند عناصر انکی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن وہ اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہونگے۔

جناح پارک میں الکوثر فارمیسی کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) جناح پارک میں الکوثر فارمیسی کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں حاجی محمد اصغر، رانا محمد اکرم، فیاض ڈار، حاجی محمد سلیمان، حاجی محمد اصغر، ڈاکٹر محمد عادل عقیل احمد، محمد نواز، میاں طاہر، شیخ نثار نعمان نواز، حسن اصغر، طاہر احمد، علی احمد، فیصل، شہباز حنیف، رانا علی اصغر و دیگر معززین نے شرکت کی حاجی محمد اصغر نے فارمیسی کا افتتاح کیا اور خیر و برکت کی دعا کی اختتام پر شرکاء تقریب میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔

سندھواں تارڑ کے شیلری محلہ غریبوں کی بستی میں گزشتہ ہفتے بھی بارشوں کی وجہ سے کھمبے گر جانے سے چار دن تک مکمل طور پر بجلی بند رہی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) سندھواں تارڑ کے شیلری محلہ غریبوں کی بستی میں گزشتہ ہفتے بھی بارشوں کی وجہ سے کھمبے گر جانے سے چار دن تک مکمل طور پر بجلی بند رہی، اور گذشتہ روز بھی ٹرانسفارمر جل جانے سے بجلی بند ہے۔ یہ بستی اب صرف غریب عوام پر مشتمل ہے، ان کا کہنا ہے کہ ہمارے چھوٹے چھوٹے معصوم بچے، بزرگ، خواتین اور مریض حبس کے اس موسم میں بجلی سے محروم ہیں اور شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ پانی کی بھی قلت ہے، گاؤں سے باہر کی طرف ابادی ہونے کی وجہ سے رات کے اندھیرے میں مشکلات اور بھی بڑھ جاتی ہیں، محترمہ سائرہ افضل تارڑ، کوارڈینیٹر سی ایم پنجاب و ایم این اے اور میاں شاہد حسین بھٹی ایم پی اے سے درخواست کرتے ہیں کہ ہمارے گھروں کی روشنی ترجیح بنیادوں پر بحال کی جائے

پی ٹی آئی کے رہنما ذوالفقار بھٹو کی والدہ انتقال کر گئیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے رہنما ذوالفقار بھٹو کی والدہ انتقال کر گئیں مرحومہ کو سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں جنڈیالہ روڈ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ میں سیاسی سماجی شخصیات سمیت تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی، پی ٹی آئی کی قیادت نے ذوالفقار بھٹو کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کیلئے جنت الفردوس اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

رانا طاہر اقبال ایم پی اے نے کوٹ عبدالمالک میں فوت شدگان کی وفات پر فاتحہ خوانی کی اور لواحقین سے اظہار افسوس کیا

(نامہ نگار فیروزوالہ منور حسین) رانا طاہر اقبال ایم پی اے نے کوٹ عبدالمالک میں فوت شدگان کی وفات پر فاتحہ خوانی کی اور لواحقین سے اظہار افسوس کیا۔ اس موقع پر ملک اشتیاق، سیٹھ ریاض، ملک ندیم چوہان، آصف رشید؛ ڈاکٹر علی سمیت دیگر ساتھی کارکنان بھی موجود تھے

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کا پنڈی بھٹیاں کے بارش سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

یہاں لوگوں کا بہت زیادہ نقصان ہوا ہے، جس کا مداوا حکومت ہر ممکن طریقے سے کرے گی: گورنر پنجاب

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے بارشوں سے متاثرہ پنڈی بھٹیاں کے علاقوں کا دورہ کیا، گورنر نے متاثرین سے ملاقات کرتے ہوئے نقصانات کا جائزہ اور امدادی سرگرمیوں کا مشاہدہ کیا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے پنڈی بھٹیاں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے بارشوں سے متاثرہ علاقوں کا دورہ، کیا ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے بارشوں سے ہونے والے نقصانات بارے بریفنگ دی۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے گورنر کا کہنا تھا پنجاب بھر میں حالیہ بارشوں سے بہت نقصان ہوا ہے بارشوں کی وجہ سے حافظ آباد اور پنڈی بھٹیان کے علاقے بھی شدید متاثر ہوئے ہیں انکا کہنا تھا کہ یہاں لوگوں کا بہت زیادہ نقصان ہوا ہے، جس کا مداوا حکومت ہر ممکن طریقے سے کرے گی۔ گورنر پنجاب نے ضلعی انتظامیہ اور ریسکیو 1122 کی خدمات کو سراہتے ہوئے گورنر نے کہا کہ اداروں نے مشکل کی اس گھڑی مین شاندار کام کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے گورنر کو بتایا کہ انتظامیہ کی جانب سے نقصانات کا تخمینہ لگانے کا عمل جاری ہے

بارشوں میں جاں بحق ہونیوالوں کے لواحقین میں امدادی رقم کی تقسیم کی تقریب

جاں بحق ہونے والے محمد رشید موضع جنڈیال فیض اللہ تحصیل چکوال کی بیوہ رحمت نور کو دس لاکھ کا امدادی چیک دیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپنے دورہ چکوال کے موقع پر چکوال میں شدید بارشوں میں جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد کے لئے امدادی رقم کا اعلان کیا تھا جس کے تحت ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات نے امدادی چیکس جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد شہاب اسلم نے سیلاب میں جاں بحق ہونے والے دو بچے مریم بلال اور احمد بلال ساکن موضع لکھنوال تحصیل چکوال کے والد محمد بلال کو دس دس لاکھ کے دو امدادی چیک دیئے۔ جاں بحق ہونے والے محمد رشید موضع جنڈیال فیض اللہ تحصیل چکوال کی بیوہ رحمت نور کو دس لاکھ کا امدادی چیک دیا۔ جاں بحق ہونے والے زبیر احمد ساکن نصیر آباد تحصیل چوآسیدن شاہ کے والد سانبر حسین کو دس لاکھ روپے کا امدادی چیک دیا اور زخمی ہونے والے محمد وقاص ساکن ڈھوڈہ تحصیل چکوال کو پانچ لاکھ روپے کا امدادی چیک دیا گیا۔ اے ڈی سی آر محمد شہاب اسلم نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور ڈپٹی کمشنر چکوال کی طرف سے جاں بحق ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے تعزیت کی اور ان کی بخشش کیلئے دعا کی اور زخمی ہونے والے محمد وقاص کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔ اس موقع پر علاقے کے سیاسی رہنما بھی موجود تھے

میٹرک کے شاندار رزلٹ نے ثابت کیا کہ اساتذہ فرض شناس ہیں: محمد شفیق بھلوالیہ

ہیڈ ٹیچرز کے لیے ٹیسٹ اور ریشنلائزیشن جیسے مسائل کھڑے کر کے اساتذہ کو ذہنی اذیت میں مبتلا رکھنے کے باوجود اس قدر تسلی بخش رزلٹ دینا یقینی طور پر لائق تحسین ہے



بھلوال (تحصیل رپورٹر) پنجاب کے سرکاری تعلیمی اداروں کے اساتذہ نے میٹرک 2025 کا شاندار رزلٹ پیش کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ نہ صرف فرض شناس ہیں بلکہ اپنی نئی نسل کے مستقبل کو تابناک بنانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے ان خیالات کا اظہار سکول ایجوکیشن پینشنرز ایسوسی ایشن پنجاب کے سیکرٹری جنرل محمد شفیق بھلوالیہ نے اپنے ایک اخباری بیان میں کیا انھوں نے کہا کہ حقیقی معنوں میں اساتذہ نہ صرف معماران قوم ہیں بلکہ محب وطن بھی ہیں شفیق بھلوالیہ نے مزید کہا کہ آئے روز اساتذہ کی پینشن، لیو انکیشمنٹ اور دیگر کئی جائز حقوق سلب کیے جا رہے ہیں تعلیمی اداروں کی فروخت ہیڈ ٹیچرز کے لیے ٹیسٹ اور ریشنلائزیشن جیسے مسائل کھڑے کر کے اساتذہ کو ذہنی اذیت میں مبتلا رکھنے کے باوجود اس قدر تسلی بخش رزلٹ دینا یقینی طور پر لائق تحسین ہے حکومت کو اب اساتذہ کے تمام جائز مطالبات تسلیم کر لینے چاہیں

ایم پی اے رانا طاہر اقبال نے شہر میں مختلف مقامات کا دورہ کیا

اس موقع پر سی او کوٹ عبدالمالک، سینٹری انسپکٹر اور دیگر افسران بھی موجود تھے

فیروز والہ (نامہ نگار منور حسین) کوٹ عبدالمالک: ایم پی اے رانا طاہر اقبال نے شہر میں مختلف مقامات کا دورہ کیا اور گلیوں میں جمع پانی کی نکاسی کے لیے متعلقہ محکموں کو فوری اقدامات کی ہدایت کی۔ اس موقع پر سی او کوٹ عبدالمالک، سینٹری انسپکٹر اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

ننکانہ صاحب کے 2 طلبہ نے میٹرک رزلٹ 2025 میں دونوں پوزیشنز حاصل کر لیں

لاہور بورڈ نے 2025 کے نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ جس کے مطابق پاک گیریژن ہائیر سیکنڈری سکول ننکانہ صاحب کے 2 طلبہ نے لاہور بورڈ میں پوزیشنز حاصل کر لیں

شاندار میٹرک رزلٹ 2025
لاہور بورڈ میں 2 پوزیشنز
1188
نمبرز
پاک گیریژن ایجوکیشن سسٹم

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ننکانہ صاحب کے 2 طلبہ نے میٹرک رزلٹ 2025 میں دونوں پوزیشنز حاصل کر لیں۔ پاک گیریژن ہائیر سیکنڈری سکول ننکانہ صاحب کی طالبہ نور الہدیٰ زوار ڈو نے 1188 نمبر کے ساتھ (Overall) لاہور بورڈ میں دوم جبکہ حاجی ابوذر تنویر نے 1188 نمبر کے ساتھ (Overall) دوم جبکہ بوائز میں اول پوزیشن حاصل کر کے ریکارڈ بحال رکھا۔ لاہور بورڈ نے 2025 کے نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ جس کے مطابق پاک گیریژن ہائیر سیکنڈری سکول ننکانہ صاحب کے 2 طلبہ نے لاہور بورڈ میں پوزیشنز حاصل کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق پاک گیریژن سکول ننکانہ صاحب کی طالبہ نور الہدیٰ زوار ڈو نے 1188 نمبر حاصل کر کے بورڈ میں (Overall) دوم پوزیشن جبکہ حاجی ابوذر تنویر نے 1188 نمبر کے ساتھ بورڈ میں (Overall) دوم جبکہ بوائز میں اول پوزیشن حاصل کر کے ادارہ کا سابقہ ریکارڈ بحال رکھا، ادارہ میں فضا بشیر نے 1178 نمبر حاصل کر کے دوم پوزیشن جبکہ کشف نور اور نواب الحبیب نے 1176 نمبرز کے ساتھ سوم پوزیشن حاصل کی، ادارہ کے 250 طلبہ نے A+ اور A گریڈ جبکہ 85 طلبہ نے 1100 سے زائد نمبر حاصل کر کے شاندار ریکارڈ قائم کیا یاد رہے کہ ادارہ کے طلبہ گذشتہ 13 سال سے لاہور بورڈ میں پوزیشن حاصل کر رہے ہیں، اس شاندار کامیابی پر سی ای او ایجوکیشن و افسران بالا ننکانہ صاحب، صدر و سیکرٹری بار ننکانہ، منہاج القرآن ضلع ننکانہ صاحب، مجلس تحفظ ختم نبوت فیضان اولیاء اللہ کے مرکزی امیر مہر محمد اسلم ناصر ایڈووکیٹ، رائے ریاض احمد ایڈووکیٹ، رائے شجر عباس ایڈووکیٹ، رائے خادم حسین ایڈووکیٹ، پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن ضلع ننکانہ، ایم اے پریس کلب کے عہدیداران نے پرنسپل ادارہ چوہدری محمد یٰسین، اساتذہ کرام، طلبہ و طالبات کو مبارکباد دی ہے۔ پرنسپل ادارہ چوہدری محمد یٰسین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاک گیریژن سکول کے طلبہ و طالبات گذشتہ 13 سال سے لاہور بورڈ میں پوزیشن حاصل کر کے تعلیمی میدان میں انقلاب برپا کیا ہے

رائیونڈ: مسلم لیگ (ن) کے کوآرڈینیٹر چوہدری ارسلان جٹ نے گلی کیبن والی ریلوے روڈ کا سیوریج کا مسئلہ حل کروا دیا

اس موقع پر اہلیان محلہ نے مسلم لیگ (ن) کے حق میں نعرے لگا کر رہنما کی کاوشوں کو سراہا

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے یوسی 273 کے کوآرڈینیٹر چوہدری ارسلان جٹ نے گلی کیبن والی ریلوے روڈ میں گزشتہ ایک ہفتے سے جاری سیوریج کے پیچیدہ مسئلے کو صرف 2 گھنٹے کے اندر حل کروا دیا۔ اس موقع پر اہلیان محلہ نے مسلم لیگ (ن) کے حق میں نعرے لگا کر رہنما کی کاوشوں کو سراہا۔ تفصیلات کے مطابق، مین ریلوے روڈ پر واقع گلی کیبن والی میں سیوریج سسٹم بلاک ہونے کی وجہ سے گٹر کا گندا پانی باہر پھیل گیا تھا، جس سے محلے کے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ گزشتہ روز اہلیان محلہ کے ایک وفد نے چوہدری ارسلان جٹ سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور اپنی پریشانی سے آگاہ کیا۔ فوری طور پر چوہدری ارسلان جٹ نے سی او یونٹ کی تمام مشینری اور عملے کو ہدایت دی کہ وہ فوری طور پر مسئلے کو حل کریں۔ وہ خود بھی عملے کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے اور مسلسل 2 گھنٹے کی محنت کے بعد سیوریج لائن کو بحال کرایا۔ اس موقع پر چوہدری ارسلان جٹ نے کہا کہ "عوام کے دکھ درد کو سمجھنا اور ان کی خدمت کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ ہمارے دروازے ہر وقت عوام کے لیے کھلے ہیں، چاہے ان کی سیاسی وابستگی کچھ بھی ہو۔ ہم انسانیت کی بنیاد پر بے لوث خدمت کرتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ انہیں ایم این اے ملک افضل کھوکھر، ملک احسن افضل کھوکھر، چوہدری اکرم گجر، عاصم خان عاصی اور احسان گجر کی مکمل معاونت حاصل ہے، جس کے لیے وہ ان کے شکر گزار ہیں۔ مقامی لوگوں نے چوہدری ارسلان جٹ کے فوری اقدامات کو سراہتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے حق میں نعرے لگائے اور ان کی کوششوں کا شکریہ ادا کیا۔

میاں اظہر نے ہمیشہ اصولوں کی سیاست کو فروغ دیا ہے: عبدالرحمٰن خان کانجو

میاں اظہر کی رہائش گاہ پہنچ کر وفاقی وزیر مملکت نے ان کے بیٹے حماد اظہر اور پسماندگان سے اظہار افسوس کیا

مریدکے (تحصیل رپورٹر) وفاقی وزیر مملکت برائے توانائی و عوامی امور عبدالرحمٰن خان کانجو نے سابق گورنر پنجاب اور زیرک سیاسی رہنما میاں اظہر کی وفات پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ میاں اظہر نے ہمیشہ اصولوں کی سیاست کو فروغ دیا ہے اور بحیثیت لارڈ میئر لاہور انہوں نے گراں قدر خدمات سرانجام دیں میاں اظہر کی رہائش گاہ پہنچ کر وفاقی وزیر مملکت نے ان کے بیٹے حماد اظہر اور پسماندگان سے اظہار افسوس کیا اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی انہوں نے کہا کہ میاں محمد اظہر مرحوم ایک زیرک سیاست دان تھے اور انہوں نے ہمیشہ اصولوں کی سیاست کو فروغ دیا عبدالرحمن خان کانجو نے کہا کہ میاں اظہر کی وفات سے ملک ایک سنجیدہ اور تجربہ کار سیاسی رہنما سے محروم ہو گیا ہے

اظہار تعزیت

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بخشی بلال مرحوم کے صاحبزادگان سردار احمد بلال بخشی، سردار علی بلال بخشی اور سردار حیدر بلال بخشی سے مہمانوں کا اظہار تعزیت تفصیلات کے مطابق فیصل آباد روڈ پر پرائم پیلس میں ضلع چنیوٹ کی ممتاز سیاسی و سماجی شخصیت ٹرانسپورٹر سردار بلال بخشی مرحوم کی سالانہ پہلی برسی کے موقع پر قرآن خوانی، نعت خوانی کی گئی انکی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی پہلی سالانہ برسی تقریب میں معروف ٹرانسپورٹر اعظم خان نیازی، چوہدری ندیم اقبال گجر، فیصل خان سکائی ویز والے، فاروق اعظم خان نیازی، اسسٹنٹ کمشنر اشفاق رسول، سید عنایت علی شاہ، سید علی رضا شاہ، سید علی رضا شاہ دولوالہ، سردار قیصر احمد دھامنہ، چوہدری ناصر ناگرہ، سردار اعظم رشید بخشی، حاجی محمد نعیم فخری، سید طاہر شاہ سابق ایم این اے، عبدالمقدم خان، عامر صدیقی، وقار لکھمن، سید نور الحسن شاہ، عرفان دھامنہ، سید اظہر شاہ ایڈووکیٹ، ابوبکر چنیوٹی، سمیت شہر کی سیاسی سماجی رفاہی کاروباری وکلا صحافیوں سمیت ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی

لوگوں کو ان کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری

شہریوں کے مسائل سننے کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ عبداللہ احمد نے کھلی کچہری کا انعقاد کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق لوگوں کو ان کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ شہریوں کے مسائل سننے کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ عبداللہ احمد نے گورنمنٹ بوائز ایلیمنٹری سکول ڈاور، گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول وتوکہ اور گورنمنٹ ہائی سکول وٹے میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہریوں میں سرکل ڈی ایس پی، متعلقہ ایس ایچ اوز، تفتیشی افسران اور علاقہ کے لوگوں کی کثیر تعداد میں شرکت کی۔ کھلی کچہریوں کے دوران ڈی پی او نے لوگوں کے مسائل سنے اور حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ کھلی کچہری کا مقصد پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کی فضا کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر سننے کے لیے ضلع بھر میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ سرکل ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز لوگوں کے مسائل کے حل کے لیے مختلف علاقوں میں کھلی کچہریاں لگا رہے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ تمام پولیس اسٹیشنز میں بہترین سروس ڈیلیوری کے لیے پولیس ورک کو جدید خطوط پر استوار کیا گیا ہے۔ اب عوام کو پولیس دفاتر اور تھانوں میں پولیس سروسز کے حصول کے لیے بہترین ماحول میسر ہے۔ لوگوں کی جان و مال اور عزت کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ امن و امان کے قیام کے لیے قانون کی بالا دستی ہر صورت یقینی بنائیں گے۔

مسلسل بارشوں کے باعث لینڈ سلائیڈنگ و درخت گر رہے ہیں۔ محمد عمر بٹ

لینڈ سلائیڈنگ واقعات کے دوران 3 افراد اچانک گرنے والے پتھر لگنے سے معمولی زخمی ہوئے جبکہ حکومتی امدادی ٹیموں نے گاڑیوں اور 11 افراد کو بحفاظت نکال لیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) حالیہ مون سون موسلادھار بارشوں اور کلاؤڈ برسٹس کے باعث مری میں لینڈ سلائیڈنگ، پنڈی اور اسلام آباد میں شدید بارشوں سے درخت گر رہے ہیں، ندی نالوں میں شدید طغیانی و پانی گھروں میں داخل ہونے کے واقعات ہوئے ہیں جن سے جانی و مالی نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ مری میں موسلادھار بارشوں کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری ہے جس کے نتیجے میں کئی درخت گرنے و لینڈ سلائیڈنگ واقعات ہونے سے گاڑیاں پھنس گئیں جب کہ راولپنڈی اسلام آباد میں بھی شدید بارش سے اربن فلڈنگ سے پانی گھروں میں داخل ہو گیا۔ سینئر صحافی و اینکر پرسن خواجہ عامر جاوید و محمد عمر بٹ نے سیاحوں کیلئے خصوصی رپورٹنگ کی جس کے نتیجہ میں تفصیلات کے مطابق مری کے بوستال روڈ اور ایکسپریس وے کے آوائین کے مقام پر لینڈ سلائیڈنگ واقعات کے دوران 3 افراد اچانک گرنے والے پتھر لگنے سے معمولی زخمی ہوئے جبکہ حکومتی امدادی ٹیموں نے گاڑیوں اور 11 افراد کو بحفاظت نکال لیا۔ دوسری جانب ٹمب جھنڈا گلی گاؤں میں لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں 2 گھر زد میں آ گئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ادھر راولپنڈی اسلام آباد و پیرو نالہ لئی سے ملحقہ آبادیوں میں تیز بارش سے کئی نشیبی علاقے زیر آب آ گئے جہاں راولپنڈی کی نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے فیز ایٹ اور ملحقہ دیہات میں بھی پانی داخل ہو گیا۔

رائیونڈ: مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کے رانا عمر دراز اور ملک عباس کھوکھر کی دھوم انٹرنیشنل سرکس کے مالک چوہدری بابر علی سے خصوصی ملاقات، رائیونڈ میں میلہ لگانے پر تبادلہ خیال



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کے متحرک رہنما رانا عمر دراز اور ملک عباس کھوکھر نے دھوم انٹرنیشنل سرکس کے مالک چوہدری بابر علی کی خصوصی دعوت پر ان کے دفتر قصور میں ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال ہوا، جبکہ رائیونڈ میں جلد سرکس اور میلہ لگانے کے حوالے سے اہم گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر چوہدری بابر علی نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور سرکس کی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلات سے آگاہ کیا۔ رانا عمر دراز اور ملک عباس کھوکھر نے سرکس کی فنی ٹیم، مقبولیت اور فیملی انٹرٹینمنٹ کی اہمیت کو سراہا اور کہا کہ ایسی مثبت تفریحی سرگرمیاں معاشرے کے لیے خوش آئند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رائیونڈ ایک گنجان آباد علاقہ ہے جہاں کے عوام خاص طور پر بچے اور نوجوان ایسی تفریحی سرگرمیوں کے منتظر رہتے ہیں، اور دھوم انٹرنیشنل سرکس جیسے ایونٹس عوام کو صحت مند تفریح فراہم کرتے ہیں۔ ملاقات کے اختتام پر چوہدری بابر علی نے یقین دلایا کہ رائیونڈ کے عوام کے لیے ایک یادگار اور معیاری سرکس ایونٹ کا انعقاد کیا جائے گا، جہاں فیملیز کے لیے مکمل تحفظ اور سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

کراچی سے سیالکوٹ جانے والی علامہ ایکسپریس کا بفر کالا خطائی کے قریب ٹوٹ گیا

عملہ نے کچھ گھنٹوں کے آپریشن کے بعد متاثرہ کوچ اتار کر ٹرین روانہ کر دی مسافروں کو مشکلات کا سامنا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) کراچی سے سیالکوٹ جانے والی علامہ ایکسپریس کا بفر کالا خطائی کے قریب ٹوٹ گیا عملہ نے کچھ گھنٹوں کے آپریشن کے بعد متاثرہ کوچ اتار کر ٹرین روانہ کر دی مسافروں کو مشکلات کا سامنا تفصیل کے مطابق ٹرین کی بوگیوں کو آپس میں ملانے والا بفر ٹوٹنے سے علامہ اقبال ایکسپریس کو کئی گھنٹے لاہور نارووال سیالکوٹ سیکشن کالا خطائی اسٹیشن پر رکنا پڑا ٹرینوں کی آمدورفت معطل رہی ریلوے کے عملہ نے بفر ٹوٹنے والی بوگی کو ٹرین سے الگ کر دیا بعد ازاں ٹرین روانہ کر دی گئی بتایا گیا ہے مسافروں کا کہنا تھا کہ ٹرینوں کی مرمت اور چیکنگ پر کوئی توجہ نہیں دی جاتی اور مسلسل سفر میں رہنے کے باعث کوچز کا استعمال بڑھ جاتا ہے جس سے وہ جلدی حادثات کا شکار ہو جاتی ہیں لاہور نارووال سیکشن پر تین روز میں دو ٹرین حادثات ہو چکے جس سے پاکستان ریلوے کی سستی نااہلی اور غفلت واضح ہو چکی مسافروں کی زندگی سے کھیلا جا رہا ہے ٹرین کا سفر جو کبھی محفوظ سفر سمجھا جاتا تھا اب خطرا سروس بن چکی ہے مسافروں نے وزیر ریلوے حنیف عباسی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

رائیونڈ: مین ہول ڈھکنوں کی مرمت کا کام شروع عوامی شکایات پر فوری اقدام

گزشتہ کئی روز سے سڑک پر مین ہول کے بغیر گڑھے موجود تھے جس کے باعث راہگیروں، موٹر سائیکل سواروں اور دکانداروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) مین ریلوے لاہور روڈ پر موجود کھلے مین ہولز کی وجہ سے عوام کو شدید پریشانی اور حادثات کے خطرات لاحق تھے، تاہم شہریوں کی شکایات پر فوری ایکشن لیتے ہوئے کوآرڈینیٹر سابق صوبائی وزیر فیض الحسن صداقت عرف فیضی جٹ نے ملک محمد افضل کھوکھر اور چوہدری شہزاد نذیر سندھو کی معاونت سے ڈھکنوں کی مرمت اور تنصیب کا کام شروع کروا دیا۔ گزشتہ کئی روز سے سڑک پر مین ہول کے بغیر گڑھے موجود تھے جس کے باعث راہگیروں، موٹر سائیکل سواروں اور دکانداروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ مرمتی کام کے آغاز پر علاقہ مکینوں اور دکانداروں نے خوشی کا اظہار کیا اور اعلیٰ قیادت کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا۔ اس موقع پر فیضی جٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی خدمت ان کا مشن ہے اور آئندہ بھی کسی بھی عوامی مسئلے کو نظر انداز نہیں کیا جائے گا۔ مرمت کے کام کی نگرانی خود کی جا رہی ہے تاکہ معیار اور تحفظات کا خیال رکھا جا سکے۔ دکانداروں اور اہلِ علاقہ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس قسم کے تمام مسائل کے فوری حل کے لیے مستقل بنیادوں پر نگرانی کا نظام قائم کیا جائے۔

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ دریائے چناب میں پانی کے بہاؤ کے تیز ہونے کی وجہ سے پڑنے والے شگاف/کٹاؤ کا جائزہ لینے موقع پر پہنچے

اس وقت موضع ساہمل میں ضلعی انتظامیہ کے افسران موجود اور تمام تر اقدامات کی نگرانی کر رہے ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل موضع ساہمل تحصیل بھوآنہ کے مقام پر دریائے چناب میں پانی کے بہاؤ کے تیز ہونے کی وجہ سے پڑنے والے شگاف/کٹاؤ کا جائزہ لینے موقع پر پہنچے اور محکمہ انہار کو شگاف کی روک تھام کے لئے ایمرجنسی انتظامات کی تاکید کی جن کی طرف سے فنڈز کی عدم فراہمی ظاہر ہونے پر ڈپٹی کمشنر نے ڈی جی پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی سے رابطہ کیا اور ہنگامی فنڈز منگوا کر موقع پر انتظامات شروع کرا دیئے۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ نے بتایا کہ اس وقت موضع ساہمل میں ضلعی انتظامیہ کے افسران موجود اور تمام تر اقدامات کی نگرانی کر رہے ہیں اور صورتحال پر گہری نظر بھی ہے۔ سٹاک، زراعت، پنجاب پولیس سمیت دیگر محکمے چوکس اور تمام مشینری فعال ہے۔ اس موقع پر ساہمل میں مقیم افراد نے بھی ضلعی انتظامیہ کے فوری اور ہنگامی اقدامات کو سراہا اور کہا کہ پانی کا بہاؤ تیز ہوتے ہی انتظامیہ نے فوری ایکشن لیکر اقدامات شروع کر دیئے۔ انہوں نے حکومت پنجاب کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ انتظامیہ سے تعاون جاری رکھیں گے۔ دریں اثناء ضلعی انتظامیہ نے دریا کے کناروں پر آباد افراد سے اپیل کی کہ وہ اپنے جان و مال کے تحفظ کے لئے انتظامیہ سے تعاون کریں اور اپنے مال مویشی کے ہمراہ محفوظ مقامات پر منتقل ہو جائیں۔ ضلعی انتظامیہ نے عزم کو دہرایا کہ شہریوں کے جان و مال کی حفاظت میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی۔

مینیجنگ ڈائریکٹر واسا سہیل قادر چیمہ سے جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے وفد نے ملاقات کی

WASA
FAISALABAD

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) منیجنگ ڈائریکٹر واسا سہیل قادر چیمہ سے جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے وفد نے ملاقات کی اور جائیکا کے تعاون سے 510 ملین کی لاگت سے سمارٹ واٹر میٹرز پراجیکٹ کے حوالے سے اب تک ہونے والی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا۔ اس میٹنگ پر بتایا گیا کہ امپروومنٹ آف واٹر سپلائی بزنس مینجمنٹ پراجیکٹ کے تحت گلستان کالونی کے علاقہ میں سمارٹ واٹر میٹرنگ کی انسٹالیشن کی جائے گی جس سے ایک طرف پینے کے پانی کو ضائع ہونے سے بچایا جائے گا دوسری طرف واسا کے ریونیو میں اضافہ ممکن ہوگا۔ ایم ڈی واسا سہیل قادر چیمہ نے واضح کیا کہ پانی کے کنکشن والے صارفین کے گھروں پر واٹر سمارٹ میٹرنگ انسٹالیشن کے لئے 510 ملین لاگت کے ایگریمنٹ پر سائن ہو چکے ہیں اور اب میٹرز کی خریداری کے مراحل میں داخل ہو رہے ہیں اور مقرر کردہ ٹائم فریم کے مطابق 2027ء تک اس پراجیکٹ کو مکمل کر لیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جاپان کے تعاون سے واسا فیصل آباد کی کیپیسٹی مینجمنٹ کے حوالے سے اقدامات کئے جا رہے ہیں اور اس پراجیکٹ کے تحت مالی امور، ریونیو ریکوری، پانی کو محفوظ بنانے سمیت دیگر اقدامات کئے جائیں گے جس سے واسا کی کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی۔ جائیکا وفد کی جانب سے پراجیکٹ پر کام کی رفتار کو تیز کرنے کے لئے چند تجاویز پیش کی گئیں جس پر عمل درآمد کرنے کی یقین دہانی کروائی گئی۔ اس موقع پر ڈی ایم ڈی انجینئرنگ ثاقب رضا، ڈپٹی ڈائریکٹر ساونول ملک، جائیکا کنسلٹنٹ سلطان اعظم و دیگر بھی موجود تھے۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ڈاکٹر عافیہ صدیقی، اسلام ہائی کورٹ اور توہین عدالت

اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس سردار اعجاز اسحٰق نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی، صحت اور وطن واپسی سے متعلق رپورٹ جمع نہ کرانے پر وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی کابینہ کے تمام ارکان کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کیا ہے اور دو ہفتے میں اس کا جواب دینے کا حکم دیا ہے۔ عافیہ صدیقی کے حوالے سے ان کی بہن ڈاکٹر فوزیہ صدیقی نے عدالت عالیہ میں درخواست دائر کی ہوئی ہے۔

عافیہ صدیقی دہشت گردی میں معاونت اور ایک امریکی اہلکار پر قاتلانہ حملہ کے الزام میں نیویارک کی ایک عدالت سے سزا یافتہ ہیں اور 2010 سے امریکی جیل میں قید ہیں۔ انہوں نے امریکہ سے اچانک فرار ہونے سے پہلے طویل مدت اس ملک میں گزاری اور وہاں کی اعلیٰ یونیورسٹیوں سے تعلیم حاصل کی۔ اس لیے یقین سے یہ کہنا بھی مشکل ہے کہ وہ صرف پاکستان کی شہری ہیں یا ان کے پاس امریکی شہریت بھی ہے۔ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے معاملہ کو طویل عرصہ سے پاکستان کی قومی سیاست میں اہم عنصر کے طور پر شامل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے لیکن کوئی بھی حکومت ان کی رہائی کے لیے کوئی مناسب اقدام کرنے میں کامیاب نہیں ہوئی۔ ان کے اہل خاندان عافیہ صدیقی کی سرگرمیوں اور رجحانات کے بارے میں یک طرفہ معلومات فراہم کرتے ہیں۔ البتہ اس کہانی کا دوسرا رخ بھی ہے جس کے مطابق عافیہ صدیقی طویل عرصہ تک دہشت گرد گروہوں کے ساتھ ملوث رہیں اور ان کی اعانت کرتی رہی ہیں۔ نائن الیون کے بعد جن دہشت گردوں کو خاص طور سے تلاش کیا جاتا رہا ہے، ان میں عافیہ بھی شامل تھیں۔

پاکستان میں عافیہ صدیقی کے خاندان اور ایک خاص مذہبی و سیاسی لابی نے جس میں جماعت اسلامی پیش پیش رہی ہے، انہیں 'قوم کی بیٹی' قرار دینے کی مہم چلائی ہے۔ لیکن کوئی شخص ابھی تک پاکستانی عوام کو یہ بتانے سے قاصر رہا ہے کہ عافیہ صدیقی کس حوالے سے پاکستان کی بیٹی قرار پاتی ہیں۔ انہوں نے اپنی زندگی میں کون سا ایسا کارنامہ سرانجام دیا ہے جس کی وجہ سے انہیں قوم و ملک کی عزت و غیرت قرار دیا جائے۔ اہل پاکستان کو چونکہ مذہب اور عقیدہ کے نام پر گمراہ کرنے کا طریقہ عام ہے، اس لیے عافیہ صدیقی کے معاملہ میں بھی یہی وتیرہ اختیار کیا گیا ہے۔ اس معاملہ کو پھیلانے اور اٹھانے والی لابی نے ہر پاکستانی حکومت پر اس معاملہ میں دباؤ ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ اسی لیے ہر حکومت بیان بازی کی حد تک عافیہ صدیقی کو اہم شہری قرار دیتے ہوئے ان کی رہائی کے دعوے کرتی رہی ہے۔

البتہ یہ کسی پاکستانی حکومت یا عدالت کے اختیار میں نہیں ہے کہ وہ عافیہ صدیقی کی رہائی کے لیے امریکی حکومت پر دباؤ ڈالے۔ عافیہ صدیقی کو نہ تو پاکستان سے گرفتار کیا گیا اور نہ ہی ان کا کوئی جرم پاکستان میں سرزد ہوا۔ انہیں افغانستان میں امریکی فوج نے پکڑا تھا اور ایک امریکی عدالت نے انہیں طویل المدت سزا دی ہے۔ اس سزا کے بارے میں کوئی بھی رائے قائم کی جا سکتی ہے لیکن پاکستان کے لوگوں کی کوئی رائے یا اس کی حکومت کی کوئی اپیل یا کوئی عدالتی فیصلہ کسی امریکی حکومت یا عدالت کو اپنی رائے تبدیل کرنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔ اس کے باوجود پاکستانی حکومت نے اپنے سفارت خانہ کے ذریعے عافیہ صدیقی کو قونصلر سہولتیں اور وکیلوں کی خدمات فراہم کی ہیں۔ کوئی حکومت بیرون ملک سنگین الزامات میں قید کسی پاکستانی شہری کے لیے اس سے زیادہ کچھ کرنے کی پوزیشن میں نہیں۔ عافیہ صدیقی کا خاندان امریکی عدالتی نظام میں اپنا مقدمہ چلانے میں ناکام رہا ہے لیکن پاکستان میں رائے عامہ ہموار کر کے پاکستانی حکومت کو ایسے کسی اقدام پر مجبور کیا جا رہا ہے جس کا شرمندگی کے سوا کوئی نتیجہ نہیں نکل سکتا۔

اس کے باوجود پاکستان کی سرکاری سفارتی پوزیشن یہی ہے کہ عافیہ صدیقی بے گناہ ہے اور اسے امریکی جیل سے رہا ہونا چاہیے۔ یہ سفارتی پوزیشن پاکستانی حکومتیں مختلف طریقوں سے گزشتہ پندرہ سال کے دوران امریکی حکومت تک پہنچانے کی کوشش بھی کرتی رہی ہیں۔ گزشتہ سال تو سابق صدر جو بائیڈن کے پاس عافیہ صدیقی کی صدارتی معافی کے لیے مہم بھی چلائی گئی تھی اور اسے وائٹ ہاؤس پہنچایا بھی گیا تھا لیکن صدر بائیڈن نے عہدہ چھوڑنے سے پہلے انہیں معافی نہیں دی۔ اس کا ایک ہی مطلب اخذ کیا جا سکتا ہے کہ امریکی نظام عافیہ صدیقی کو اپنے مفادات کے لیے سنگین خطرہ سمجھتا ہے اور کسی بھی قیمت پر اسے سزا پوری کرنے سے پہلے رہا کرنے پر آمادہ نہیں ہے۔ پاکستان میں عافیہ صدیقی کا کیس چونکہ صرف پروپیگنڈا اور میڈیا مہم جوئی پر استوار ہے، اس لیے عافیہ صدیقی لابی کسی بھی طرح اس معاملہ کو زندہ رکھنا چاہتی ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں اپیل دائر کرنے اور حکومت سے عافیہ صدیقی کے لیے رعائتیں لینے کا بھی یہی مقصد ہے۔

بدقسمتی سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس سردار اعجاز اسحٰق بھی اس حوالے سے دائر درخواست پر سماعت کرتے ہوئے، اسی پروپیگنڈا کا دباؤ محسوس کر رہے ہیں۔ بصورت دیگر ایک معمول کی درخواست پر جذباتی ریمارکس دینا، اسے عدلیہ کی آزادی اور اسلام آباد ہائی کورٹ میں ججوں کی خود مختاری اور انتظامی اختیارات سے منسلک کرنا اور پوری وفاقی حکومت کو جواب نہ دینے پر توہین عدالت کا نوٹس جاری کرنے جیسے انتہائی اقدامات دیکھنے میں نہ آتے۔ جسٹس سردار اعجاز اسحٰق نے آج کی سماعت میں عافیہ صدیقی کو 'قوم کی بیٹی' قرار دیا اور کہا کہ حکومت ان کی رہائی کے لیے راست اقدام کرنے میں ناکام رہی ہے۔

ناول "قید"

اقراعرفات

"رات آدھی گزر چکی تھی مگر لو رکنے کا نام نہ لیتی تھی، لگتا تھا جیسے دنیا کی دوسری جانب کسی ریگستان پر سورج چمک رہا ہے اور تپتی ہوئی ہوا وہاں سے سیدھی اس گاؤں کا رخ کر رہی ہے۔"

ناول "قید" کے صفحہ اول پر "عبداللہ حسین" کی تحریر کردہ چند سطور قاری کو آگے کے منظر میں کھو جانے کی دعوت دیتی ہیں۔ کہانی کے آغاز میں موجود نو برس کے بچے کے آس پاس کی دنیا اس کے لیے باعث حیرت ہوتی ہے۔ اس دنیا میں ایک طرف مائی سروری صبح و شام اپنی خیمے میں روپوش رہتی تو دوسری جانب پیر کرامت علی بحیثیت پیر اپنے حجرے میں مقید تھا۔

فلیش بیک کی تکنیک کا استعمال کرتے ہوئے عبداللہ حسین سلامت علی سے کہانی کا آغاز کر کے اس کے دادا برکت علی کا احوال بتاتا ہے۔ ایک فقیر کی دعا سے برکت علی کی نسل بڑھانے کی خواہش پوری ہوتی ہے اور پھر مرکزی کردار "کرامت علی" اس قصے کو آگے بڑھاتا ہے۔ کرامت علی اور فیروز شاہ دونوں نے ایک ہی ماحول میں پرورش پائی اور دونوں کی دوستی بے مثال ٹھہری۔ فیروز شاہ سیاست سے وابستہ ہو کر رہ جاتا ہے تو کرامت علی اپنے مستقبل کی راہیں ہموار کرنے کے لیے پولیس کی ملازمت اختیار کرتا ہے۔ تیسرا اہم نسوانی کردار "رضیہ سلطانہ" کا ہے جو نڈر اور بہادر ہونے کے ساتھ ساتھ فیروز شاہ کے عشق میں مبتلا ہے۔

کہانی میں حیران کن موڑ اس وقت آتا ہے جب فیروز شاہ کا قتل، رضیہ سلطانہ کی گرفتاری اور کرامت علی اپنی ملازمت سے استعفیٰ دے کر پیری فقیری کا سلسلہ اختیار کر لیتا ہے۔ عبداللہ حسین نے اس مختصر ناول میں جس مہارت سے انسانی اعتقادات، نفسیات، مذہب، انتقام اور سیاست کو مربوط کیا ہے وہ قابل داد ہے۔

کرامت علی کے کردار کے ذریعے پیری فقیری کے اس نظام کو موضوع بنایا گیا ہے جس میں ادھوری خواہشات اور ان کی تکمیل کے لیے انسانوں کا عقل و فہم سے ماورا ہو کر ناپسندیدہ اعمال سرانجام دینا ہے۔ توہمات اور اندھے اعتقادات کی ایک مثال ناول میں ایسے پیش کی گئی ہے۔

"رحمت علی کی پچیس سال کی سوکھی ہوئی ٹہنی ہری ہوئی تھی اس کے پیر زمین پر نہ ٹکتے تھے۔ اس کی واپسی کی دیر تھی کہ یہ خبر آگ کی طرح چاروں طرف پھیل گئی کہ اولاد کی دین کرامت علی شاہ کے ہاتھ میں تھی۔ پھر کیا تھا، بے اولادوں کا تانتا بندھ گیا۔ کرامت علی شاہ نے بہت روکا مگر آخر کب تک۔ بے اولاد عورتوں کے رونے دھونے، ان کی آہ و فریاد، منت سماجت اور نذر و نیاز کی فراوانی کے سامنے مجبور ہو کر کرامت علی شاہ نے استخارے کرنے شروع کر دیے۔"

سلسلہ بیعت کے ساتھ دولت، شہرت اور مقام بھی برکت علی پر مہربان ہوا تو اس نے بھی خوب فائدہ اٹھایا۔ عبداللہ حسین نے کرامت علی کے ذریعے ضیاء الحق اور اسلامائزیشن کو محتاط انداز میں بیان کیا ہے۔ طاقت کے حصول اور اس کو برقرار رکھنے کے لیے حکمران کس طرح مذہب کو بطور ہتھیار استعمال کرتے ہیں مصنف نے یہ موضوع بہت دلچسپ انداز میں سمیٹا ہے۔

عورت جب انتقام لینے پر آئے تو کیسے کیسے سورماؤں کو دھول چٹا دیتی ہے رضیہ سلطانہ کا کردار یہی دکھاتا ہے۔ تین مردوں کو قتل کرنے کے بعد ایک طویل عرصے تک جیل میں خاموشی سے شب و روز بسر کرنے والی عورت جب اعتراف جرم کرتی ہے تو مردوں کو گنگ کر دیتی ہے۔ مصنف نے اس کردار کے ذریعے ایک عورت کی اپنی اولاد سے غیر مشروط محبت کو بیان کیا ہے۔ اسی ماں کی محبت جب نفرت میں بدلتی ہے تو انسان کو چیر پھاڑ کر رکھ دیتی ہے۔ یہاں مصنف نے عورت کی جنس کو بنیاد بنا کر ہونے والی زیادتی کو بھی موضوع بنایا ہے۔

ہر لمحے خدا کی یاد میں بسر کرنے والا امام مسجد "احمد شاہ" جب اپنے ہی خون کو اپنے ہاتھوں سے قتل کرتا ہے تو بقیہ زندگی اس کے لیے عذاب بن جاتی ہے۔ خدا کی محبت بھی اس کے دل میں نوزائیدہ بچے کے لیے رحم نہیں ڈال سکی اور بالآخر مسجد کے باہر ملنے والے اپنے ہی بیٹے فیروز شاہ کی اولاد کو پتھروں سے مار ڈالتا ہے۔ ناول سے اقتباس ہے کہ:

"مسجد کی حرمت کے بارے میں خدا کے سخت احکام ہیں۔ حرمت کے چوکیدار مولوی، رضیہ سلطانہ چلا کر بولی، چار گھنٹے کی معصوم جان خدا کے گھر کی بے حرمتی کرے گی؟ خدا کا گھر اتنا کچا ہے۔ سن تیرا خدا کیا کہتا ہے سورت بقرہ کو یاد کرو۔ یصورکم فی الارحام (میں ماؤں کے رحموں میں بچے کی تصویر بناتا ہوں) احمد شاہ تم اللہ کی بنائی ہوئی تصویر کو پتھروں سے پاش پاش کرتے ہو اور پاکدامنی کے دعویدار بنتے ہو۔"

سلامت علی گدی نشینی کے بعد اپنے باپ کے راستے پر چلنے کی بجائے نظام کو اپنے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرتا ہے۔ روحانیت کے اس سفر کو جدید خطوط اور کلچر کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی کوشش میں مگن ہو جاتا ہے۔

ناول میں موجود کہانی اپنے کرداروں کے بہترین امتزاج کے ہمراہ تجسس اور حیرت کے کئی نئے پہلو قاری پر آشکار کرتی ہے۔ ناول فکری اور فنی حوالے سے ایک بہترین ناول ہے۔

معاشرے کے خاموش مجرم کون ہیں؟

ڈاکٹر عامر طاسین

یہ ایک نہایت اہم اور سنجیدہ سوال ہے۔ جس میں معاشرے کے سینکڑوں نہیں، ہزاروں نہیں، بلکہ لاکھوں لوگوں اور طبقات کا کردار پوشیدہ ہے۔ معاشرے کے وہ سب لوگ جو کسی کے جرم پر خاموشی طاری کیے ہوتے ہیں وہ بھی فروغ جرم کے سہولت کار ہوتے ہیں۔

معاشرتی نظام کی کمزوریوں کے سبب یہ واضح ہے کہ سماج کے مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے لوگ فرسودہ روایات کے سامنے خاموشی اختیار کر لیتے ہیں۔ ایسی صورتحال میں جب نفاذ قانون کے ادارے اپنی ذمہ داریوں سے لاپرواہ ہو جائیں، نظام عدل کے منصب پر براجمان منصف بھی فیصلے بروقت جاری نہ کر سکے، تعلیم کے میدان میں استاذ بھی اپنے ہونٹ سی لیں۔ دینی درسگاہ کے وارثین بھی ایسے معاملات کو اہمیت نہ دیں۔ مذہبی جماعتوں کے رہبر و رہنما اور دعوت دین سے تعلق رکھنے والے داعی بھی مصلحتوں کا شکار ہو جائیں تو ایسے میں کس کو مجرم گردانا جائے گا؟ جرم تو ایک فرد کرتا ہے مگر اس جرم کے خاموش مجرم بے شمار بنتے چلے جاتے ہیں۔ نتیجہ میں مجرم حوصلہ پکڑتے ہیں۔ متاثرین کی زندگی تباہ ہو جاتی ہے نئی نسل خوف زدہ اور کمزور بنتی ہے اور معاشرہ غیر محفوظ، بے حس اور ظلم پر خاموش ہو جاتا ہے۔

ہمارے معاشرہ کے کچھ پس ماندہ علاقوں میں، طاقت و مجرم کے خوف یا دباؤ کے سبب متاثرین اپنی زبان بندی کر لیتے ہیں۔ مگر اسی علاقے کے وہ لوگ جو اس جرم کی حقیقت سے واقف ہوتے ہیں۔ ان میں بھی حق سچ کہنے کی جرات کسی نہ کسی سبب ختم ہو جاتی ہے اور وہ بھی مصلحتوں کے سبب خاموشی میں عافیت سمجھنے لگتے ہیں۔

خاموش جرم پنپتا کیسے ہے؟ عمومی مشاہدہ کے مطابق کئی اسباب ہو سکتے ہیں۔ خوف کی وجہ سے (مثلاً خاندان کی عزت یا دشمنی کا خطرہ لاحق ہو جائے گا)۔ سماجی بے حسی کے سبب (لوگ سمجھتے ہیں "یہ ہمارا مسئلہ نہیں")۔ قانونی نظام پر عدم اعتماد کے سبب کہ (لوگ سمجھتے ہیں کہ انصاف نہیں مل سکے گا)۔ لاعلمی کے سبب کہ (لوگوں کو اب تک اپنے جائز حقوق کے بارے میں معلومات ہی نہیں ہوتی ہیں)۔ قبائل یا برادریوں میں رسم یا رواج کی لاج کا دباؤ کہ (اگر ساتھ نہیں دیا تو قبیلے یا برادری سے نکال باہر کیا جائے گا اور دوسرا کوئی ہمیشہ کیسے قبول کرے گا) خصوصی طور پر سماجی رسم و رواج میں غلط فیصلوں کے باعث ایک پورا خاندان ظلم کی بھینٹ چڑھ جاتا ہے۔ جس میں عموماً کم عمری کی شادی کا مسئلہ، خواتین کے حقوق، جہیز کا دباؤ، شادیوں میں وٹہ سٹہ، مرضی کی شادی، غیرت کے نام پر قتل اور وراثت کے حق سے محروم ہونا ہے۔

یوں تو خاموش جرائم کی اقسام میں، گھریلو تشدد، جنسی ہراسانی یا بدسلوکی (بچوں کے ساتھ بھی)، نوعمر بچوں سے مشقت، نفسیاتی اور جذباتی استحصال، دفتر یا اداروں میں امتیازی سلوک، رشوت اور اندرونی کرپشن، تعلیم یا صحت کے حق سے محروم رکھنا بھی شامل ہے۔ لیکن کچھ قبائل اور کچھ برادریوں میں مخصوص جرائم کو جرم ہی نہیں سمجھا جاتا ہے۔

حالانکہ سورہ بقرہ کی آیت 283 میں بتایا گیا ہے کہ "اور گواہی کو نہ چھپاؤ، اور جو چھپائے گا اس کا دل گناہ گار ہو گا۔" یہ آیت ہمیں بتاتی ہے کہ اگر ہم ظلم دیکھیں اور گواہی نہ دیں، تو ہم بھی مجرم ٹھہریں گے۔ اسی طرح سے مسلم شریف کی روایت کے مطابق نبی آخر الزمان علیہ السلام کا فرمان مبارکہ ہے کہ "تم میں سے جو کوئی برائی دیکھے، تو اسے ہاتھ سے روکے، اگر نہ روک سکے تو زبان سے روکے، اور اگر یہ بھی نہ کر سکے تو دل میں برا سمجھے، اور یہ ایمان کا کمزور ترین درجہ ہے۔" یہ حدیث بالکل واضح پیغام دیتی نظر آتی ہے کہ برائی یا جرم پر خاموشی ایمان کی کمزوری کی علامت ہے۔ اور غالباً یہ قول کسی فقیہ کا ہے کہ "حق بات پر خاموش رہنے والا گونگا شیطان ہے۔"

کتب سیرت ہمیں بتاتی ہیں کہ عرفات کا میدان ہے، ایک لاکھ سے زیادہ صحابہ کرام موجود ہیں، سب سے بڑے رہبر و رہنما، سب سے عظیم انسان منبر پر آتے ہیں اور حجۃ الوداع کے اس عظیم موقع پر ان الفاظ کے ساتھ حجت تمام کر دیتے ہیں! اور فرماتے ہیں اے "میرے لوگوں میں زمانہ جاہلیت کی تمام فرسودہ روایات کو اپنے پاؤں کے نیچے روندتا ہوں، اور تمہیں یہ تلقین کرتا ہوں کہ 'عورتوں اور غلاموں پر رحم کرنا اور ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا"

پاکستان ایک ایسا مسلم معاشرہ ہے جہاں اکثریت کلمہ گو مسلمانوں کی ہے۔ جہاں ہزاروں کی تعداد میں مختلف مکاتب فکر کی دینی درس گاہیں ہیں، جہاں اللہ اور اس کے رسول کی تعلیم کی صدائیں بلند ہوتی ہیں۔ لاکھوں کی تعداد میں مساجد اور منبر و محراب بھی ہیں جہاں ہر جمعہ تذکیہ نفس اور عبادات کی اہمیت اجاگر کی جاتی ہیں۔ ہزاروں کی تعداد میں دعوت دین کے داعی بھی ہیں جو مسلمانوں کی اصلاح کا بیڑا اٹھاتے ہیں۔ جگہ جگہ ولی اللہ کے دربار اور پیروں کی اصلاحی خانقاہیں بھی ہیں جہاں تزکیہ نفوس کا سلسلہ جاری و ساری رہتا ہے۔ یہ سب معاشرے کا وہ اہم طبقات ہیں۔ جو مجموعی طور پر اسلامی تعلیمات کے تناظر میں طاقت وروں کے آگے نہ جھکنے کا درس دیتے ہیں، جہالت و گمراہی کے اندھیروں کو ختم کرنے کی بات کرتے ہیں، باطل کے سامنے حق و سچ کی گردان پڑھنے کی تاکید کرتے ہیں۔ بدی سے دور رہنے اور نیک اعمال کو اختیار کرنے کی دعوت دیتے ہیں مگر معاشرے کی ایسی فرسودہ روایات کے خاتمہ کے لیے سب کہیں نہ کہیں مصلحتوں کا شکار نظر آتے ہیں۔

نبی مکرم علیہ السلام کا وہ تاریخی اور سنہرے حروف سے لکھا جانے والا جملہ کہ "زمانہ جاہلیت کی تمام فرسودہ روایات کو اپنے پاؤں تلے روندتا ہوں" یہ محض یہ ایک تاریخی جملہ نہیں، بلکہ ہر دور کے داعی دین کے لیے اہم ترین امتحان بھی ہے۔ جس پر روح بلالی کے ساتھ عمل کی ذمہ داری بدرجہ اولا ان پر عائد ہوتی ہے۔

یاد رکھنے کی بات یہی ہے کہ جرم تو ایک فرد کرتا ہے مگر اس جرم کے خاموش مجرم بے شمار بنتے چلے جاتے ہیں۔ خاموش جرم صرف ایک شخص کو نہیں، پورے معاشرے کو نقصان پہنچاتا ہے۔ جب فرسودہ اور گمراہ کن سماجی روایات کی جڑیں مضبوط ہو جاتی ہیں۔ تو حق و سچ کی تمیز اپنی موت آپ مر جاتا ہے۔ قبیح جرائم بھی جرم نہیں لگتے ہیں اور معاشرہ بربادی کی طرف چلا جاتا ہے۔ ایسے قبیح جرائم، فرسودہ روایات کے خاتمہ کے لیے حکومتی عہدیداروں، اسمبلی میں بیٹھے اراکین، قانون کے نفاذ کے اداروں اور علمائے کرام کو بھی مل کر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

جب دوست پرانے ملتے ہیں

عالیہ نذر

اس وقت 15 جولائی 2024 کی رات کے آٹھ بج چکے ہیں۔ ہمارا جہاز ٹورنٹو پیرسن ائرپورٹ سے لندن جانے کے لئے رینگتا ہوا رن وے کی طرف بڑھ رہا ہے، اور میں آنکھیں موندے ٹورنٹو میں گزارے ہوئے تین ماہ کے شب و روز کو یاد کرنے میں محو ہوں۔ میری سوچوں کا دھارا ان خوبصورت اور یادگار لمحوں کو دہرا رہا ہے۔ ان طلسماتی لمحوں کی انمٹ یادیں دل کو خوش بھی کر رہی ہیں، اور مغموم بھی کر رہی ہیں کہ نا جانے دوبارہ کب ایسے لمحات میسر ہوں۔

ٹورنٹو میں گزارے ہوئے آٹھ دس سالوں کے دوران بے حد مخلص دوستوں کا ساتھ ملا، جو آج بھی قائم ہے، اور انشاءاللہ ہمیشہ رہے گا۔ اب بھی جب سال میں ایک دفعہ جاتے ہیں، تو ہمارے پیارے دوست اس قدر پیار اور خلوص سے ملتے ہیں، کہ احساس ہی نہیں ہوتا، اب ہم ادھر نہیں رہتے۔ ہر روز ملنے کے پروگرام بنتے ہیں، ہر گھر میں پرتکلف دعوتوں کا اہتمام کیا جاتا ہے، اور اس قدر خلوص اور پیار نچھاور کیا جاتا ہے کہ دل چاہتا ہے اب ادھر ہی رہا جائے۔ مخلص دوست ہونا بھی اللہ پاک کی بہت بڑی نعمت ہے۔

اس دفعہ سونے پر سہاگہ یہ ہوا کہ ہم یونیورسٹی کے تین دوست ٹورنٹو میں اکٹھے ہو گئے تھے، اور یہ تیس سال بعد ہوا تھا، اور کبھی سوچا نہ تھا کہ ہم پاکستان سے ہزاروں میل دور کینیڈا میں ملیں گے، تو اندازہ لگایا جا سکتا ہے، کہ کیا جذبات اور کیا احساسات ہوں گے۔ فون پر بات چیت ہو رہی تھی، بس اب دن اور وقت مقرر کیا جانا تھا کہ ملاقات کب اور کہاں کی جائے، کیونکہ ہم تینوں ہی ایک دوسرے سے کافی فاصلے پر رہ رہے تھے۔ کافی بات چیت کے بعد جگہ اور وقت کا تعین ہو گیا، اور پھر بے چینی سے ملنے کا انتظار شروع ہو گیا۔ خدا خدا کر کے وہ دن آ گیا، جس دن تین دہائیوں کے بعد تین عدد دوستوں نے اکٹھے ہونا تھا۔ بار بار ایک دوسرے کو فون کالز کی جا رہی تھیں، اور وقت کی پابندی کی تلقین کی جا رہی تھی۔ ٹورنٹو ڈاؤن ٹاؤن کے ایک مشہور شاپنگ مال میں ملنا طے پایا تھا، یہ جگہ میرے گھر سے تقریباً پونے گھنٹے کی ڈرائیو پر تھی۔

گھر سے نکلتے ہوئے ہمیں کوئی ایک گھنٹہ ہونے کو آیا تھا، لیکن ہائی وے پر ٹریفک کا ازدحام تھا، جو ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا تھا۔ طبیعت میں اضطراب اور بے چینی بڑھتی جا رہی تھی، میں مسلسل بڑبڑا رہی تھی کہ یہ رش آج ہی ہونا تھا، اور میری بیٹی اور شوہر نامدار میری اس اضطراری کیفیت کو دیکھ کر مسکرا رہے تھے، جس کی وجہ سے مجھے اور غصہ آ رہا تھا۔ میری دونوں سہیلیاں پہنچ چکی تھیں اور بار بار فون آ رہا تھا، یار اب آ بھی جاؤ۔ جیسے تیسے کر کے ہم پونے گھنٹے کی بجائے ڈیڑھ گھنٹے میں پہنچے، اور گاڑی سے اترتے ہی مطلوبہ جگہ کی طرف دوڑ لگا دی، میری بیٹی میرے ساتھ تھی، اور اس ساری صورت حال کو انجوائے کر رہی تھی۔ مجھے یقین نہیں آ رہا تھا کہ فاصلے سمٹنے کو ہیں، اور ابھی تھوڑی دیر میں ہم آمنے سامنے ہوں گے۔

میں اس جگہ پہنچ کے ادھر ادھر نظریں دوڑا رہی تھی، اور پھر اچانک تبسم نظر آئی۔ میں دوڑ کے اس کے گلے مل رہی تھی کہ پیچھے سے زینب نے آ کر گلے لگا لیا، ہم بے یقینی سے ایک دوسرے کو بار بار گلے مل رہے تھے اور فاطمہ ان سب جذباتی لمحات کو کیمرے کی آنکھ میں محفوظ کر رہی تھی۔ اس وقت ہم بھول چکے تھے کہ وقت کا پنچھی کتنی دہائیاں آگے جا چکا ہے، ایسے ہی لگ رہا تھا ابھی بھی ہم یونیورسٹی میں ہیں، بالکل ویسے ہی خوش گپیوں میں مصروف تھے، گزرے وقت کو یاد کر کے، اپنا دل لبھا رہے تھے، ہم بھول چکے تھے کہ اب ہم عمر کے کس دور میں ہیں، ہم ایک دم سے جوان ہو گئے تھے، دل و دماغ میں ایک عجیب سی خوشی اور تازگی کا احساس تھا۔ یہ سچ ہے کہ زندگی ہمیں خوبصورت دوست دیتی ہے لیکن اچھے دوست ہمیں خوبصورت زندگی دیتے ہیں۔ تین گھنٹے کیسے گزرے پتہ ہی نہ چلا، اور پھر دوبارہ ملنے کا پروگرام بنا کر رخصت ہو گئے۔ دو تین دفعہ دوبارہ ملے اور یوں لگا جیسے ابھی بھی تشنگی باقی ہے۔

یہ خلوص اور پیار کے بے لوث رشتے بے شک اللہ پاک کی دی گئی نعمتوں میں سے بہترین نعمت ہے۔ میں نے کہیں پڑھا تھا، پرانے دوست حروف تہجی کی طرح ہوتے ہیں۔ اور نئے دوست ایک نظم کی طرح ہوتے ہیں، اس لئے نظم پڑھنے کے لیے حروف تہجی کا ازبر ہونا ضروری ہے۔ سلامت رہیں ایسے رشتے جو اس بھاگتی دوڑتی زندگی میں خوشی کا باعث بنتے ہیں۔

حاجی فارم 47 آکا

فضل تنہا غرشین

عبدالقادر بچپن ہی سے پڑھائی میں کمزور تھا۔ خدا خدا کر کے اس نے میٹرک کا امتحان پاس کر لیا، جب کہ کالج پڑھنا اس کے لیے جوئے شیر لانے کے مترادف تھا۔ تاہم والدین کے عتاب سے بچنے اور بے روزگاری سے نمٹنے کے لیے عبدالقادر نے شہر میں مناسب اجرت پر کسی پرچون اسٹور پر کام کرنا شروع کیا۔ بہت قلیل عرصے میں عبدالقادر نے دکان داری کے تمام اسرار و رموز سیکھ لیے اور سیٹھ جی کی آنکھوں کا تارا بن گیا۔

عبدالقادر کے اکثر ہم جماعتوں نے کالج میں داخلہ لیا تھا اور صبح سویرے وہ اکٹھے شہر آتے اور شام کو واپس اکٹھے گاؤں جاتے۔ اپنے ہم جماعتوں کو صاف ستھرا کالج یونیفارم میں دیکھنے سے عبدالقادر کی پہلے پہلے حوصلہ شکنی ہوتی تھی، مگر بعد میں وہ آہستہ آہستہ ماحول کے مطابق ہو گئے اور محنت و مزدوری اس کی پہچان بن گئی۔

اس کے تمام پرانے ہم جماعت کالج چھٹی ہونے کے بعد اس کے سٹور پر آتے، اپنی کتابیں اور دیگر سامان اس کے پاس امانتاً رکھ دیتے اور اپنے گھروں کے لیے اشیائے خورد و نوش بھی عبدالقادر کے سٹور سے لیتے۔ یہ عبدالقادر اور سیٹھ دونوں کے لیے حوصلہ افزا پیش رفت تھی۔

وقت گزرتا گیا۔ عبدالقادر کے کئی ہم جماعت بڑے بڑے عہدوں پر براجمان ہو گئے، مگر وہ ابھی تک پرچون سٹور پر ایک عام ملازم کی حیثیت سے کام کرتا تھا۔ عبدالقادر صابر اور شاکر انسان ہونے کے ساتھ ساتھ ایمان دار بھی تھا، لیکن جب اس کا کوئی سرکاری ملازم دوست اس کے سٹور پر سودا سلف لینے آتا تو عبدالقادر کو تھوڑی دیر کے لیے اپنی کسمپرسی پر دلی خلش ہوتی، مگر چند ثانیوں کے بعد یہ کیفیت خود بخود ختم ہو جاتی۔ اب وہ خدا سے اکثر اپنی دکان کے مالک ہونے کی دعائیں مانگنے لگا تھا۔ خدا کا کرنا تھا کہ سیٹھ جی کو زیادہ معمر ہونے کی وجہ سے فشار خون، ذیابیطس اور نقص نظری کی بیماری لگ گئی۔ سیٹھ جی کو یقین ہو گیا تھا کہ اس کے دن گنے جا چکے ہیں، کیوں نہ اپنے کاروبار اور جائیداد کو اپنی زندگی ہی میں اپنی اولاد میں برابر تقسیم کر کے تمام ذمہ داریوں سے عہدہ برا ہو جاؤں۔

سیٹھ جی نے ایسا ہی کیا اور ساتھ ہی نصیحت کی کہ عبدالقادر اس کا ایک ایمان دار ملازم ہے اس کو خالی ہاتھ مزدوری سے نکالنا معیوب بات ہے، لہٰذا بہتر یہ ہے کہ اس کو کچھ نقد رقم بطور زکوٰۃ، خیرات یا قرض دیں تاکہ وہ اپنا کاروبار شروع کر سکے۔ ایسا کرنے سے عبدالقادر کا بھی بھلا ہو گا اور خدا بھی راضی ہو گا۔ عبدالقادر کی ایمان داری کسی سے ڈھکی چھپی نہیں تھی، سو ایسا ہی ہوا۔ اس کے تمام سرکاری ملازم دوستوں، بہی خواہوں اور اس کے گاؤں والوں نے اس کی دکان سے سودا لینا شروع کیا۔ بہت کم عرصے میں عبدالقادر نہ صرف شہر کا ایک معروف تاجر بن گیا، بلکہ ایک دنیا اس کی مقروض ہو گئی۔ دولت کی ریل پیل ہو گئی۔

عبدالقادر نے نئی گاڑی خریدی، نیا گھر بنایا، حج کیا، ضیافتیں شروع کیں، مختلف پروگراموں میں مہمان خصوصی ہوتا تھا، وہ مخیر آدمی بن گیا اور مقامی سطح پر چھوٹے چھوٹے تنازعات کے فیصلے بھی کرنے لگا۔ اب وہ ملک حاجی عبدالقادر آکا سے مشہور ہو گئے اور اس کی شہرت چہار دانگ پھیل گئی۔

وقت گزرتا گیا اور انتخابات سر پر آ گئے۔ ملک حاجی عبدالقادر آکا کو ایم پی اے بننے کی سوجھی، بطور آزاد امیدوار کاغذات نامزدگی جمع کروائے، اپنے پرانے پڑھے لکھے اور سرکاری ملازم دوستوں کو ساتھ ملا کر خوب کمپین کی، پیسے کو پانی کی طرح بہایا اور کامیاب ٹھہرے۔ اب وہ ایم پی اے وزیر خزانہ الحاج ملک حاجی عبدالقادر صاحب سے موسوم ہو گئے۔

غیرت کی فائرنگ: قانون کی لاش پر کھڑی قبائلی عدالت

بانو کے ہاتھ میں قرآن تھا، اور اس کے سامنے بندوقیں تھیں۔ قرآن کو تھامنے والی انگلیوں میں نہ کوئی لرزش تھی، نہ التجا، اور نہ ہی رحم کی امید۔ جیسے وہ جانتی ہو کہ اس کے نصیب میں اب زندگی نہیں، صرف گولیاں لکھی جا چکی ہیں۔ ڈیڑھ سال قبل اس نے زرک کے ساتھ پسند کی شادی کی تھی۔ ایک نکاح، جس کی بنیاد محبت اور رضا پر تھی، جو اسلام کا عین تقاضا ہے، مگر انہی دو لفظوں نے اس کی قبر کھود دی۔

بلوچستان کے ایک قبیلے نے دونوں کو دعوت پر بلایا۔ دکھاوے کی مسکراہٹوں کے ساتھ سجی ایک ایسی دعوت جہاں کھانے کی نہیں، بلکہ خون کی دیگ پکی تھی۔ انہیں گاڑیوں کے ایک قافلے میں لا کر چٹیل میدان میں اتارا گیا، جہاں 19 غیرت مند مرد پہلے سے موجود تھے، ان میں سے پانچ کے ہاتھوں میں جدید خودکار ہتھیار تھے۔ مگر اصل ہتھیار بندوقیں نہیں تھیں، وہ سوچ تھی جس نے لڑکی کے فیصلے کو جرم سمجھا۔ یہ وہی سوچ ہے جو آج بھی پاکستان کے گاؤں، قصبوں اور شہروں میں عورت کے اختیار کو بغاوت سمجھتی ہے۔

بانو نے سامنے آ کر کہا، "صرف گولی مارنے کی اجازت ہے"۔ مگر اجازت کون مانگتا ہے؟ یہاں تو فیصلے وہ کرتے ہیں جو خود کو قانون سے بالاتر سمجھتے ہیں۔ وہ خود آگے بڑھی، شاید اس لیے کہ وہ جانتی تھی، مزاحمت سے کچھ نہیں بدلے گا۔ اس کے قدم نہیں کانپے، آنکھوں میں آنسو نہیں آئے، چیخ کی آواز نہ نکلی، صرف ایک گہری خاموشی تھی۔ ایسی خاموشی جو آج ہزاروں چیخوں پر بھاری ہے۔ پھر ایک گولی نہیں، نو گولیاں چلیں۔ اور پھر زرک کی باری آئی، اسے دوگنا مارا گیا۔

تحریر
روپ چند
سکرانی

یہ واقعہ سوشل میڈیا پر ہر طرف موجود ہے، ویڈیوز، چیخیں، خون، بندوقیں، اور عوام کی بے بسی۔ جو لوگ اس ظلم کو دیکھ رہے ہیں، ان میں سے اکثر یا تو خاموش ہیں یا دل ہی دل میں اسے جائز سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ یہی اصل جرم ہے۔ یہی وہ خاموشی ہے جو قاتلوں کو تحفظ دیتی ہے۔ یہی وہ بے حسی ہے جو غیرت کو قانون سے طاقتور بنا دیتی ہے۔

پاکستان کا آئین کہتا ہے کہ ہر شہری کو زندگی کا حق حاصل ہے۔ پینل کوڈ کی دفعہ 302 قتل کو ناقابل معافی جرم قرار دیتی ہے، اور سپریم کورٹ کئی بار غیرت کے نام پر قتل کو قتل عمد قرار دے چکی ہے۔ تو پھر یہ قتل کیوں ہوا؟ یہ بندوقیں کیوں چلیں؟ یہ کیمرہ کس نے آن کیا؟ یہ ویڈیو کیوں وائرل ہوئی؟ اور سب سے بڑھ کر، یہ قاتل ابھی تک آزاد کیوں ہیں؟

انسانی حقوق کے بین الاقوامی معاہدے، جن پر پاکستان نے دستخط کیے ہیں، عورتوں کو تحفظ دیتے ہیں، آزادی دیتے ہیں، انصاف کا وعدہ کرتے ہیں۔ مگر بانو کی خون میں لت پت لاش ان وعدوں پر ہنستی ہے۔ زرک کی گولیوں سے چھنی ہوئی سانسیں ان قوانین کو بے معنی قرار دیتی ہیں۔ اور وہ ویڈیو۔ وہ جیسے ہم سب کے ضمیر پر تھپڑ ہے، جو ہمیں جگانے کے بجائے مزید بے حس کر رہی ہے۔

غیرت کے نام پر قتل اب صرف ایک جرم نہیں رہا، یہ ایک سماجی اجازت نامہ بن چکا ہے۔ راضی نامے کے کاغذوں پر قاتل بری ہو جاتے ہیں، ماں باپ معاف کر دیتے ہیں، اور ریاست خاموشی سے کھڑی رہتی ہے۔ کسی تھانے میں ایف آئی آر نہیں کٹتی، کوئی عدالت از خود نوٹس نہیں لیتی، اور کوئی اسمبلی اس ظلم پر قرارداد نہیں لاتی۔

بانو نے صرف محبت کی، نکاح کیا، اپنے حق انتخاب کو استعمال کیا۔ کیا یہ اس کی سزا تھی؟ کیا عورت کا اپنے لیے فیصلہ کرنا اتنا بڑا جرم ہے کہ اسے زندہ درگور کر دیا جائے؟ ہم اس معاشرے میں جی رہے ہیں جہاں بیٹیاں جیتی نہیں، فقط خاموشی سے قتل ہوتی ہیں اور ہر بار پگڑیاں جیت جاتی ہیں۔

اب ہم کہاں کھڑے ہیں؟ کیا ہم صرف یہ ویڈیو دیکھ کر افسوس کا اظہار کریں گے؟ اگلے واقعے کا انتظار کریں گے؟ یا واقعی یہ سوال اٹھائیں گے کہ آئین اور بندوق میں سے بالادست کیا ہے؟ غیرت یا قانون؟ شریعت یا قبائلی فیصلہ؟

سچ تو یہ ہے کہ آج ہم نے ایک بار پھر شریعت کا نام لے کر ظلم کو تقویت دی، آئین کو روند ڈالا، اور قانون کو تماشا بنا دیا۔ اور شاید کل کسی اور شیتل کو مار دیا جائے گا، کسی اور زرک کو بھی۔ کیونکہ ہمارے معاشرے میں انصاف صرف وہی ہے جو بندوق کے دہانے سے نکلتا ہے۔

عدالتی انصاف کا ارتقا: سینٹ کا سزائے موت پر اہم فیصلہ

یوسف تیجمن

پاکستان کی پارلیمان کے ایوان بالا یعنی سینٹ نے 19 جولائی کو ایک تاریخی فیصلہ کرتے ہوئے کرمنل لاز (ترمیمی) بل 2025 کی منظوری دی ہے۔ اسے پاکستان میں عدالتی انصاف کے ارتقاء کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا جا سکتا ہے جس کے تحت تعزیرات پاکستان کی دو اہم دفعات یعنی دفعہ 354۔A اور دفعہ 402۔C میں سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ یہ بل جہاں ایک طرف پاکستان کے قوانین کو بین الاقوامی انسانی حقوق کے معیارات سے ہم آہنگ کرے گا وہیں دوسری جانب منصفانہ اور انسانیت دوست عدالتی نظام کی بنیاد بھی رکھی جائے گی۔

سزائے موت ایک ایسا موضوع ہے جو عالمی سطح پر شدید بحث و مباحثے کا مرکز رہا ہے۔ دنیا کے بیشتر ترقی یافتہ ممالک اسے انسانی زندگی کے حق کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے ختم کر چکے ہیں جبکہ دیگر ممالک نے اسے صرف انتہائی سنگین جرائم تک محدود کر رکھا ہے۔ پاکستان میں بھی اس کی تاریخ پیچیدہ رہی ہے۔ 2008 سے 2014 تک سزائے موت پر ایک غیر رسمی پابندی عائد رہی۔ تاہم پشاور کے آرمی پبلک سکول پر حملے کے بعد دہشت گردی کے مقدمات میں اسے بحال کر دیا گیا۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ پاکستان جیسے ملک میں جہاں عدالتی نظام میں نقائص اور غلطی کا امکان موجود رہتا ہے وہاں سزائے موت جیسی ناقابل واپسی سزا رکھی گئی ہے کہ جس میں کسی بے گناہ کی جان بھی جا سکتی ہے۔ ماضی میں ہمارے نظام میں ایسی غلطیاں ہو چکی ہیں۔

پاکستان میں اس وقت تقریباً 33 مختلف جرائم پر سزائے موت کا قانون لاگو ہوتا ہے جن میں قتل (دفعہ PPC302)، دہشت گردی (اینٹی ٹیررازم ایکٹ 1997)، اہانت رسالت (مختلف دفعات)، عصمت دری (دفعہ PPC 376)، اغوا برائے تاوان (دفعہ A PPC-365)، منشیات کی سمگلنگ (کنٹرول آف نارکوٹک سبسٹنسز ایکٹ 1997)، ریاست کے خلاف جنگ یا بغاوت (دفعہ PPC121)، جھوٹی گواہی دینا (دفعہ PPC194)، زنا بالجبر (ریپ) اور حدود آرڈیننس سے متعلقہ دیگر جرائم اور فوجی قوانین کے تحت بغاوت کے جرائم شامل ہیں۔

سینٹ نے جو بل منظور کیا ہے اس کے تحت صرف دو مخصوص جرائم میں سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کیا گیا ہے، باقی تمام جرائم جن کی تعداد تقریباً 31 بنتی ہے ان پر سزائے موت برقرار رہے گی۔ یہ بل سزائے

ہے پر ہو گا جس میں کسی عورت پر اسے بے لباس کرنے کی نیت سے حملہ یا مجرمانہ طاقت کا استعمال کیا جائے۔ ماضی میں اس جرم پر سزائے موت یا عمر قید کی سزا دی جاتی تھی لیکن اب سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ اس تبدیلی کا مقصد متاثرین کو زیادہ موثر قانونی تحفظ فراہم کرنا ہے جبکہ عدالتی غلطی کے امکانات کو کم کرنا ہے۔

دوسری دفعہ 402 سی ہے، یہ دفعہ ہوائی جہاز کے اغوا کاروں کو پناہ دینے سے متعلق ہے۔ اس جرم میں بھی سزائے موت کی جگہ عمر قید کی سزا تجویز کی گئی ہے جو سزائے موت کے استعمال کو کم کرنے کی عالمی کوششوں سے ہم آہنگ ہے۔

اگرچہ یہ بل سزائے موت کا مکمل خاتمہ نہیں کرتا لیکن یہ بلاشبہ صحیح سمت میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ یہ عدالتی نظام میں غلطی کے امکانات کو کم کرنے اور کسی بے گناہ کو ناقابل واپسی جیسی سزا سے بچانے کی جانب ایک مثبت قدم ہے۔ تاہم اس بل کو قانون کا حصہ بننے اور اس پر موثر طریقے سے عمل درآمد کے لیے ابھی مزید چیلنجز کا سامنا ہو سکتا ہے جن میں عوامی ردعمل اور مختلف سیاسی آراء شامل ہیں۔ حکومت پر لازم ہے کہ وہ اس بل کو جلد از جلد قانون کا حصہ بنائے اور مستقبل میں ایسے مزید اصلاحی اقدامات کیے جائیں جو ملک میں سزائے موت کو مکمل طور پر ختم کرنے کی راہ ہموار کریں۔ صرف سزاؤں کی تبدیلی ہی کافی نہیں بلکہ عدالتی نظام میں جامع اصلاحات، تیز تر انصاف کی فراہمی، آزادانہ تفتیش اور گواہوں کے تحفظ کو بھی یقینی بنایا جانا چاہیے۔

سینٹ کا یہ فیصلہ پاکستان کو ایک منصفانہ، مہذب اور انسانی اقدار کا پاسدار معاشرہ بنانے کی جانب ایک جرات مندانہ قدم ہے۔ یہ ملک کے روشن مستقبل کی جانب ایک ارتقائی سفر کی ابتدا ہے جہاں ہر فرد کی زندگی کا احترام کیا جائے گا اور جہاں انصاف کی فراہمی میں غلطی کا امکان کم سے کم ہو گا۔ یہ اقدام امید کی ایک نئی کرن ہے کہ پاکستان اپنے آئینی وعدوں اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہوئے ایک بہتر کل کی جانب بڑھ رہا ہے۔

امید واثق ہے کہ ہم اس عدالتی انصاف کے ارتقائی سفر پر گامزن رہتے ہوئے جلد ملک میں سزائے موت کا مکمل خاتمہ اور انسانی احترام اور زندگی کے حق کا بول بالا دیکھیں گے۔

ٹین کی تپتی چھت پر تم سے کس نے کہا تھا کہ چلو

میرا ذہن راستے بھر سن رہا اور میں آنکھیں بند کیے بیٹھی رہی۔ کچھ خواتین مجھے ہمیں اپنے گھر دعوتوں پر مدعو کرنا شروع کر دیا لیکن ہم صرف چند دعوتوں پر ہی جا پائے کیونکہ ہمارے پاس ٹیکسی یا رکشہ کا کرایہ ہی نہیں ہوتا تھا۔ احفاظ کے پاس اس وقت تک موٹر سائیکل بھی نہیں تھی۔ جن چند دعوتوں میں ہم جا پائے، وہ مجھے ہمیشہ یاد رہیں گی۔ ایک تو شبر اعظمی کی دعوت جو شروع سے بائیں بازو کی سیاست اور اخبارات میں ٹریڈ یونین کی سرگرمیوں میں شامل رہے تھے۔ وہ کورنگی میں رہتے تھے۔ شبر اپنی بیگم کو منی کہہ کر بلاتے تھے۔ یہ ایک خوش و خرم خاندان تھا۔ اس دعوت میں ان کی والدہ نے اپنے ہاتھوں سے ہمارے لئے انڈوں کا حلوہ بنایا تھا جو اتنا ذائقہ دار تھا کہ مجھے سالوں اس کا ذائقہ یاد رہا۔ مشہور انقلابی شاعر خالد علیگ جو مساوات میں ہمارے کولیگ بھی تھے نے لانڈھی میں اپنے گھر ہمیں بلایا اور کھانا کھلانے کے بعد واپس گھر جانے کے لئے پانچ روپے کرایہ کے لئے بھی دیے۔ اسی طرح احفاظ کے ایک دوست رحمان نے دعوت کے بعد واپسی کے کرایہ کے لئے پانچ روپے دیے۔ احفاظ کا حلقہ احباب بے حد وسیع تھا اور ہمیں بے شمار دعوت نامے موصول ہوئے لیکن ہمیں سارے دوستوں سے معذرت کرنا پڑی کیونکہ ہمارے پاس کرایہ کے پیسے نہیں ہوتے تھے۔

ایک ہفتہ بعد ہم دوبارہ دفتر جانے لگے

میرا اپنے والدین سے رابطہ بالکل منقطع ہو چکا تھا۔ ابی مجھ سے ناراض تھے اور شاید میں بھی ان سے ناراض تھی۔ میرے میکے سے کوئی مجھ سے ملنے نہیں آیا تھا اور نا ہی احفاظ اور میں ان سے ملنے گئے تھے۔ دس دن بعد جب میں مساوات کے دفتر میں اپنے کام میں مصروف تھی کہ میز پر رکھے فون کی گھنٹی بجی۔ میں نے فون اٹھایا تو دوسری طرف امی تھیں۔ ایک دو جملے بولنے کے بعد ہی ان کی آواز میں لرزش پیدا ہوئی اور انہوں نے رونا شروع کر دیا۔ مجھے لگا میرے وجود کے اندر کوئی چیز پگھلنا شروع ہو گئی تھی۔ میں نے ریسیور رکھا، اپنا پرس اٹھایا اور احفاظ سے کہا کہ میں امی سے ملنے جا رہی ہوں۔ احفاظ خاموش رہے۔ میں نے دفتر سے نیچے اتر کر رکشہ لیا اور ناظم آباد جا پہنچی۔ گھر میں داخل ہوتے ہی جذبات کا طوفان امڈ آیا، آنسو بہہ رہے تھے، سب نے مجھے گلے لگایا اور کہے بغیر بہت کچھ کہہ دیا۔ مجھے ایک اطمینان سا محسوس ہوا، جیسے میری ذات کا گم شدہ حصہ مجھے واپس مل گیا ہو۔

ساٹھ ہزار روپے اور ایک دکھ دینے والا فخریہ جملہ

ہماری شادی کو کچھ عرصہ ہی ہوا تھا۔ میں دفتر میں بیٹھی کچھ لکھنے میں مصروف تھی کہ میرے کانوں میں شمیم عالم کی آواز پڑی، وہ

گفتار کے غازی بن تو گئے قردار کے غازی بن نہ سکے



تحریر: مرزا علی بیگ

پاکستان کا آزادی کو 78 برس ہونے کو ہیں ملک میں درجنوں سرکاری اور نجی یونیورسٹیاں اور کالج قائم ہیں مگر کتنے دکھ کی بات ہے کہ آج تک ہمارے علمائے کرام اور دانشور شہریوں کو غیرت اور جہالت کے فرق سے آگاہ نہیں کر سکے_ ہمارا میڈیا اور فلم انڈسٹری مولا جٹ، جگا گجر، ابا گجر اور ایسی درجنوں فلموں کی نمائش کر چکی ہے مگر آج تک کوئی ایسی فلم یا ڈرامہ پیش نہیں کیا جا سکا جس میں لوگوں کو غیرت اور خواتین کی عزت آبرو بارے اسلامی نظریات کی روشنی میں آگاہی دی جاتی_ آج صورتحال یہ ہے کہ اگر کوئی لڑکی/ خاتون پسند کی شادی کر لے تو لواحقین ایسی لڑکی/ خاتون کو ظالمانہ طریقے سے غیرت کے نام پر قتل کر دیتے ہیں حیران کن امر یہ ہے کہ انسانی حقوق کے نام پر سیاست اور عوامی خدمت کرنے کی دعویدار جماعتیں صرف واقعہ کی مذمت کرنے پر اکتفا کرتی ہیں_ وفاقی اور صوبائی حکومتیں بھی واقعہ کی سخت مزمت کرنے اور ملزموں کو کڑی سزا دینے کے بیانات کے دعوے کرتی ہیں_ یا ایک پریس کانفرنس ہوتی ہے اور معاملہ ختم سمجھا جاتا ہے_ صوبہ بلوچستان میں 2019 سے ابتک غیرت کے نام پر 212 افراد (مرد اور عورتیں) قتل ہو؟ ان مقدمات کے فیصلوں کو دیکھ کر ایسے معلوم ہوتا ہے کہ شاید غیرت کے نام پر غیرت کے قتل کے مقدمات میں سزا کا رواج نہیں مقدمات کی اکثریت میں ملزمان کو بری کر دیا گیا_ خاتم النبین صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی پیدائش سے قبل عرب میں لڑکی کی پیدائش کو نحوست قرار دے کر زندہ درگور کر دیا جاتا ہے_ خواتین کے کوئی حقوق نہیں تھے اُن کی حیثیت محض غلاموں اور باندیوں کی تھی_ اسلام نے پہلی بار خواتین کو حقوق اور عزت وآبرو دی_ خاتم النبین صلہ اللہ علیہ والہ وسلم کی بیٹی فاطمہ الزہراء جب اُنہیں اُن کے گھر ملنے آتیں تو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم اُن کے احترام میں کھڑے ہو جاتے اور چارپائی پر اپنے ہاتھوں سے چادر بچھا کر بیٹی کو بٹھاتے_ آپ کا ازدواج مطہرات سے سلوک بھی مثالی تھا_ قرآن پاک میں سورہ نساء میں واضح ہے کہ ہر خاتون اپنی پسند کی شادی کر سکتی ہے_ جب اللہ پاک نے خاتون کو پسند کی شادی کا حق عطا کر دیا ہے_ تو پھر کسی کی کیا مجال کہ وہ خاتون کو اللہ کے دی؟ ہو؟ اس حق کو ختم کرے ایسا کرنے والے غیرت مند نہیں بلکہ جاہل مطلق ہیں_ اگر کوئی مرد یا عورت جرم کرے تو ملک میں قانون موجود ہے اُس کے خلاف شرعی قانون اور تعزیری قانون کے تحت کارروائی ہو سکتی ہے کسی خاتون کے لواحقین یا اس کی برادری یا قبیلے کے کسی سربراہ کے پاس کیا اختیار ہے کہ وہ کسی کو قتل کرنے کی سزا سنا_ ؟ ایسا فیصلہ کرنے والا منصف یا قاضی نہیں ہو سکتا بلکہ وہ قاضی کے بھیس میں "قاتل" ہے_ قرآن پاک کی سورہ مائدہ کی آیت نمبر 32 میں اللہ پاک کا فرمان ہے کہ اگر کسی انسان کو ناحق قتل کیا تو گویا اس نے پوری انسانیت کا قتل کیا_ کوئٹہ کے نواحی علاقے سنجدی ڈگاری میں دن دھاڑے مسلح افراد کے ایک گروہ نے خونخوار بھیڑیوں کی طرح ایک خاتون نور بانو اور ایک مرد احسان اللہ سامالانی کو گولیوں سے موت کے گھاٹ اُتار دیا_ مقامی تھانہ ہنہ اوڑک کے ایس ایچ او کی مدعیت میں دوہرے قتل کا مقدمہ درج ہو گیا ابھی تفتیش ابتدائی مراحل میں ہے پولیس نے مقتولین کے قبیلے کے سربراہ سردار شیر باز اور فائرنگ کرنے والے مرکزی ملزم بشیر احمد سمیت 11 ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے_ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے اپنے پیر کے روز پریس کانفرنس کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ مقتولین مرد اور خاتون کے ورثا دوہرے قتل کا مقدمہ درج نہیں کرانا چاہتے تھے تاہم ہم نے ڈی ایس پی کو معطل کر دیا گیا ہے_ پریس کانفرنس کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان شاید یہ بھول گئے تھے کہ ساتکزئی قبیلے کا سردار شیر باز دوہرے قتل کا ملزم ہے وہ اسے اُس کے نام سے مخاطب کرنے کی بجائے سردار صاحب کہہ رہے تھے_ اُنہوں نے مزید کہا کہ مقتولین نے نکاح نہیں کیا ہوا تھا_ ابھی مقدمہ زیر تفتیش ہے وزیر اعلیٰ کے اس طرح کے بیان سے تفتیش متاثر ہونے کا خدشہ ہے_ سردار شیر باز جو قبائلی سردار ہے اور حملہ آور بااثر اور خطرناک لوگ ہیں وہ مقدمہ کی تفتیش پر اثرانداز ہونے کے لئے مقتولین کا نکاح پڑھانے والے نکاح خوان کو اُس کا ریکارڈ غائب کر سکتے ہیں_ اگر اس بات کو تسلیم بھی کر لیا جائے کہ مقتولین نکاح کے بغیر رہ رہے تھے تب بھی یہ بتایا جائے کہ بانو اور احسان اللہ کو قتل کرنے کا ملزموں کے پاس کس قانون کے تحت اختیار تھا_ زیادہ سے زیادہ اُنہیں پکڑ کر اُن کے خلاف مقدمہ درج کر کے قانون کے مطابق کارروائی کی جا سکتی تھی_ ہمارے سامنے خلفائے راشدین کی مثالیں موجود ہیں کہ جب اُنہیں شکایت ملتی یا علم ہوتا کہ کسی علاقے کا گورنر یا کسی عدالت کا قاضی کسی کیس کی صورت میں انکوائری یا فیصلے کے دوران بااثر اور غریب فریقین میں اُن کے مرتبے کے مطابق سلوک کرتے تھے تو خلفائے راشدین نے اس پر ناپسندیدگی اور ناراضگی کا اظہار کیا_ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر مسلمانوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ ماضی میں بعض قومیں صرف اس لئے تباہ ہوئیں کہ اُن میں انصاف نہیں کیا جاتا تھا اُن میں امیروں اور بااثر لوگوں کے لئے اُن کی مرضی کا قانون نافذ کیا جاتا جبکہ کمزور اور غریب کے لئے سخت اور من پسند قانون عمل میں لایا جاتا_ کوئٹہ کا یہ ظالمانہ دوہرا قتل کیس بلوچستان حکومت کے لئے ایک چیلنج ہے_ دیکھتے ہیں کہ مجرموں کو اُن کے کئے کی کیا سزا ملتی ہے_ آج ملک میں آئین اور قانون موجود ہے تو پھر قبائلی سرداروں کی ملکی قانون کے متوازی قبائلی قانون رائج کرنے کی کیوں کھلی چھٹی دی گئی ہے_ یہ قبائلی سردار نہ تو شرعی قانون اور نہ ہی ملکی قانون سے واقف ہیں پھر اُنہیں ایسی عدالتیں قائم کرنے کی کیوں اجازت ہے کہ جس میں نہ وکیل، نہ دلیل اور نہ اپیل کا کوئی تصور ہے

SHOWBIZ
قوت

PIANAVALLEGIFFONI، اٹلی-22 جولائی22 Irene Maiorino جولائی 2025 کو Giffoni Valle Piana، Italy میں 55th Giffoni فلم فیسٹیول 2025 کے دوران ریڈ کارپٹ میں شرکت کر رہی ہے

اپنی ہی کمائی کیلئے بھیک مانگنا پڑتی ہے، علیزے شاہ شوبز انڈسٹری پر برس پڑیں

اداکار کی زندگی مشکل ہوتی ہے، ہمیں ایک ڈرامے کا چیک 3 مہینے بعد ملتا ہے، اپنی ہی کمائی کیلئے ہمیں لوگوں سے بھیک مانگنی پڑتی ہے

لاہور: (ویب ڈیسک) معروف اداکارہ علیزے شاہ نے انڈسٹری میں کام نہ کرنے کی وجہ بتادی۔ اداکارہ علیزے شاہ نے سوشل میڈیا پر اپنی ویڈیو میں انڈسٹری میں تاخیر سے معاوضے ملنے اور کام کے حوالے سے بات کی۔ علیزے شاہ نے کہا کہ اداکار کی زندگی مشکل ہوتی ہے، ہمیں ایک ڈرامے کا چیک 3 مہینے بعد ملتا ہے، اپنی ہی کمائی کیلئے ہمیں لوگوں سے بھیک مانگنی پڑتی ہے کہ چیک کا کیا ہوا، جب چیک ملتا ہے تو ایسا لگتا ہے ہم پر کوئی احسان کیا جا رہا ہے، یہ ہی وجہ ہے کہ میں نے کام کرنا روک دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب میں لوگوں کے پاس جاتی ہوں اور بولتی ہوں کہ مجھے اپنی فیملی اور گھر کو سپورٹ کرنا ہے تو مجھے کہتے ہیں ہم آپ کیلئے اتنا کر تو رہیں ہیں جتنا گزارا ہوجائے، وہ بتاتے ہیں ہم اتنی بڑی پروڈکشن میں ڈرامہ دے کر احسان کر رہے ہیں، تو بھائی اپنا احسان اپنے پاس رکھیں، مجھے کام نہیں کرنا، جہاں کام میں عزت ہی نہیں ہے آپ وہاں کیا کام کرو گے۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ جب میں نے اپنا معاوضہ مانگا تو سوشل میڈیا پر مختلف پیجز کو پیسے دے کر مجھے تنقید کا نشانہ بنایا گیا اور مجھ پر میمز بنائی گئیں، میٹنگز میں مجھے بیعزت کیا گیا، مجھے کام دے کر میری ذات پر احسان نہیں کرو، مجھے صرف عزت چاہیے اور وقت پر معاوضہ چاہیے، اگر آپ وہ بھی نہیں کر سکتے تو میرا خیال ہے کہ اس انڈسٹری میں آپ سے بڑا بھکاری کوئی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ لوگ اداکاروں کا پیسہ کھا کر اتنے بڑے محل بنا رہے ہیں وہ کبھی تو ٹوٹیں گے، سب آپ لوگوں کو ہی مبارک ہو، میں کام صرف تب کروں گی جہاں میری عزت ہوگی۔ واضح رہے کہ اس سے قبل سینئر اداکار محمد احمد کی جانب سے بھی انڈسٹری میں تاخیر سے معاوضہ ملنے پر برہمی کا اظہار کیا گیا تھا جب کہ دیگر اداکار بھی اس حوالے سے لب کشائی کر چکے ہیں۔

اداکارہ مرینہ خان نے اپنی آخری خواہش بتادی، مداح حیران رہ گئے

زندگی میں ایک بار ڈرگز استعمال کرنا چاہتی ہوں، صرف یہ جاننا چاہتی ہوں لوگ نشے کے پیچھے اتنے دیوانے کیوں ہوتے ہیں، مرینہ خان

لاہور (این این آئی) اپنی بے ساختہ اداکاری سے برسوں تک مداحوں کے دل پر راج کرنے والی مرینہ خان نے اپنی آخری خواہش کا اظہار کر کے سب کو حیران کردیا۔ حال ہی میں ایک انٹرویو میں میزبان نے سوال کیا کہ مرنے سے پہلے آپ کون سی چیز آزمانا چاہیں گی جو آپ نے پہلے کبھی نہ کیا ہو؟ جس کے جواب میں اداکارہ مرینہ خان نے برجستہ پوچھا کہ کیا میں سچ بتادوں؟ آپ اسے کاٹ تو نہیں دیں گے، کیوں کہ زرا عجیب سی بات ہے۔ جب میزبان نے یقین دلایا کہ ان کا جواب من وعن ایسا ہی جائے گا جیسا آپ کہیں گی۔ جس پر مرینہ خان نے ہنستے ہوئے کہا کہ وہ زندگی میں ایک بار ڈرگز آزمانا چاہتی ہیں۔ مرینہ خان نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ وہ صرف یہ جاننا چاہتی ہیں کہ لوگ نشے کے پیچھے اتنے دیوانے کیوں ہوتے ہیں۔ اس میں ایسی کیا کشش ہے جو انھیں اپنی گرفت میں لے لیتی ہے۔ اداکارہ نے یہ بھی کہا کہ انھیں کسی نے بھنگ پینے کا مشورہ بھی دیا تھا کہ لیکن میں نے خوف کی وجہ سے کبھی ٹرائی نہیں کیا، البتہ قریبی دوست احباب ہوں تو آزمایا جاسکتا ہے۔

"گلفام کی انارکلی" نسیم وکی نیا شاہکار تیار کر رہے ہیں

25 جولائی سے شروع ڈرامہ میں اداکار گلفام مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں

ڈرامے میں مرکزی کردار گلفام خان دتو ادا کر رہے ہیں، جب کہ ان کے مدمقابل معروف فنکارہ آفرین پری جلوہ گر ہوں گی

لاہور (ندیم چوہدری) معروف ہدایتکار، اداکار اور کامیڈین نسیم وکی ایک بار پھر شائقین تھیٹر کے لیے نئی پیشکش لے کر آ رہے ہیں۔ ان کا نیا اسٹیج ڈرامہ "گلفام کی انارکلی" 25 جولائی سے محفل تھیٹر لاہور میں اسٹیج کیا جائے گا، جس کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ ڈرامے میں مرکزی کردار گلفام خان دتو ادا کر رہے ہیں، جب کہ ان کے مدمقابل معروف فنکارہ آفرین پری جلوہ گر ہوں گی۔ دیگر نمایاں فنکاروں میں اکرم اداس، سونو بٹ، نایاب خان، تمنا نور، فہد اعوان، شجر عباس، عقیل حیدر اور خود نسیم وکی بھی شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق یہ ڈرامہ مزاح، رومانس اور سماجی مسائل پر مبنی ہوگا اور تھیٹر شائقین کے لیے زبردست تفریح فراہم کرے گا۔ نسیم وکی کا کہنا ہے کہ وہ ہمیشہ معیاری اور خاندانی تفریح پیش کرنے کے قائل رہے ہیں، اور "گلفام کی انارکلی" بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

لپ فلرز ختم کروانے پر بھارتی اداکارہ عرفی جاوید کا چہرہ بگڑ گیا

"یہ فلٹر نہیں ہے، میں نے اپنے فلرز ختم کروادیے ہیں کیونکہ وہ بہت زیادہ خراب ہوچکے تھے، میں دوبارہ فلرز لگواؤں گی، مگر قدرتی انداز میں: گفتگو

ممبئی: (دنیا نیوز) لپ فلرز ختم کروانے پر بھارتی اداکارہ عرفی جاوید کا چہرہ بگڑ گیا۔ معروف بھارتی سوشل میڈیا انفلوئنسر اور منفرد انداز کے فیشن کے لیے مشہور عرفی جاوید نے حال ہی میں انسٹاگرام پر ایک ویڈیو شیئر کی ہے، جس میں انہوں نے بتایا کہ انہوں نے اپنے لپ فلرز ختم کروالیے ہیں، ویڈیو میں ان کے ہونٹ سوجے ہوئے دکھائی دیے، جس کے بعد یہ پوسٹ وائرل ہوگئی۔ عرفی نے بتایا کہ ان کے فلرز "اپنی جگہ سے ہٹ گئے تھے" اس لیے انہوں نے انہیں حل کروانے کا فیصلہ کیا، ویڈیو کے کیپشن میں عرفی نے لکھا کہ "یہ فلٹر نہیں ہے، میں نے اپنے فلرز ختم کروادیے ہیں کیونکہ وہ بہت زیادہ خراب ہوچکے تھے، میں دوبارہ فلرز لگواؤں گی، مگر قدرتی انداز میں۔" عرفی نے اس عمل کو "تکلیف دہ" قرار دیا اور مداحوں کو مشورہ دیا کہ کسی بھی بیوٹی ٹریٹمنٹ کے لیے ماہر ڈاکٹر سے رجوع کریں، عرفی نے کہا، "یہ بہت اہم ہے کہ آپ کسی اچھے ڈاکٹر کے پاس جائیں۔" عرفی جاوید کی یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر آگ کی طرح پھیل گئی ہے اور صارفین عرفی کی ہمت کو سراہا رہے ہیں کیونکہ ایسے ٹریٹمنٹ تو آج کل سب اداکار کرواتے ہیں مگر اس طرح سے پوسٹ کوئی نہیں کرتا اور نہ ہی قبول کرتے ہیں کہ انہوں نے خوبصورتی کیلئے کوئی ٹریٹمنٹ کروایا ہے۔

جس سینما مالک نے ذلیل کیا، پہلی فلم پروموشن کے دوران اس نے پروٹوکول دیا، ہارون شاہد

سعودی عرب میں ہی گلوکاری شروع کردی تھی اور بچپن میں والد کی جانب سے انہیں سخت مار بھی پڑی



کراچی (این این آئی) معروف اداکار و گلوکار ہارون شاہد نے انکشاف کیا ہے کہ جس سینما مالک نے انہیں ذلیل اور بے عزت کیا تھا، اسی سینما مالک نے انہیں ان کی پہلی فلم کی پروموشن کے دوران پروٹوکول دیا۔ ہارون شاہد نجی ٹی وی کے پروگرام میں شریک ہوئے، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر گفتگو کی۔ پروگرام کے دوران بات کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ ان کا بچپن سعودی عرب میں گزارا، انہوں نے خلیجی ممالک کی جنگ وہیں دیکھی۔ ان کے مطابق سعودیہ میں رہنے کے دوران عراق اور کویت کے درمیان جنگ لگی، اس وقت ان کی عمر 7 سے 8 سال تھی اور جنگ کی وجہ سے ہر وقت وہ گھر میں رہتے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ ان کا ایک جڑواں بھائی بھی ہے لیکن دونوں کی شکلیں بالکل مختلف ہیں، دوسرے بھائی ان سے دو منٹ بڑے بھی ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ انہیں اس وقت شدید غصہ آتا ہے جب شوٹنگ کے دوران کوئی بھی شخص خود سے چھوٹے شخص پر غصہ نکالتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ غصہ نکالنے والے شخص کو اپنے ہم پلہ شخص پر غصہ نکالنا چاہیے، تب ہی مزہ آئے گا، خود سے کم تر شخص پر غصہ کرنا کوئی اچھی بات نہیں۔ ہارون شاہد نے بتایا کہ انہوں نے سعودی عرب میں ہی گلوکاری شروع کردی تھی اور بچپن میں والد کی جانب سے انہیں سخت مار بھی پڑی۔

gettyimages
Credit: Peacock

بٹی ہوئی دھات--"چٹان کی چوٹی پر بٹی ہوئی دھات"--تصویر

معروف یوٹیوبر رجب بٹ کے گھر پر فائرنگ کا معمہ حل، شوٹرز گرفتار

پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو ویلنشیا سمیت مختلف علاقوں سے گرفتار کیا

لاہور (این این آئی) چوہنگ پولیس نے معروف یوٹیوبر رجب بٹ کے گھر پر ہونے والی فائرنگ کے واقعے کا معمہ حل کرتے ہوئے واردات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کرنے والے موٹر سائیکل سوار شوٹرز کی شناخت کاشف چوہان اور فرخ کے نام سے ہوئی ہے، جنہوں نے ابتدائی تفتیش میں انکشاف کیا ہے کہ وہ شانی ٹائیگر نامی شخص کے کہنے پر یہ اقدام کر رہے تھے۔ مزید تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ واردات کے دوران شوٹرز کے ساتھ ایک کار میں دو دیگر افراد، عثمان اور لقمان بھی موجود تھے جو منصوبہ بندی کا حصہ تھے۔ چوہنگ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعہ کی اصل وجہ رجب بٹ اور شہزاد بھٹی نامی نوجوان کے درمیان سوشل میڈیا پر ہونے والی تلخ کلامی بنی۔ پولیس کے مطابق شہزاد بھٹی نے شانی ٹائیگر سے رابطہ کر کے فائرنگ کروانے کا کہا جس پر اس نے شوٹرز کو یوٹیوبر کے گھر بھیجا۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو ویلنشیا سمیت مختلف علاقوں سے گرفتار کیا، ملزمان کو مزید تفتیش کے لیے سی سی ڈی کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو ویلنشیا سمیت مختلف علاقوں سے گرفتار کیا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو ویلنشیا سمیت مختلف علاقوں سے گرفتار کیا، ملزمان کو مزید تفتیش کے لیے سی سی ڈی کے سپرد کر دیا گیا ہے۔

اداکارہ حمیرا اصغر کے فلیٹ سے پولیس کو نئے ثبوت مل گئے

اداکارہ کے کپڑے بھی فلیٹ سے لیکر کیمیکل تجزیے کے لیے بھیجے جائیں گے

کراچی (این این آئی) اداکارہ و ماڈل حمیرا اصغر کے فلیٹ سے پولیس کو نئے ثبوت مل گئے۔ پولیس کو حمیرا کے فلیٹ میں 3 سے 4 جگہ پر مٹی کے برتن میں رکھا سفید پاؤڈر ملا جس کے بعد پولیس نے اس پاؤڈر کو کیمیکل تجزیے کے لیے لیبارٹری بھیجنے کا فیصلہ کرلیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق بظاہر اتنی جگہوں پر سفید پاؤڈر رکھنے کی کوئی وجہ سامنے نہیں آئی۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ کیمیکل تجزیئے کے بعد ہی معلوم ہو سکے گا کہ سفید پاؤڈر کیا ہے اور پولیس اب تک اس بات کی کھوج میں ہے کہ لاش کی بدبو کیوں نہیں پھیلی؟ ممکنہ طور پر سفید پاؤڈر کی وجہ سے لاش کی بدبو نہ پھیلی ہو۔ پولیس ذرائع کے مطابق اداکارہ کے کپڑے بھی فلیٹ سے لیکر کیمیکل تجزیے کے لیے بھیجے جائیں گے۔ واضح رہے کہ 8 جولائی کو اداکارہ حمیرا اصغر کی لاش کراچی کے علاقے ڈیفنس فیز 6 میں ایک فلیٹ سے ملی تھی اور وہ گزشتہ 7 سال سے اس فلیٹ میں مقیم تھیں۔

معروف بالی وڈ اداکار نے ہمیشہ کیلئے بھارت چھوڑ دیا

ممبئی: (ویب ڈیسک) بالی وڈ کے اداکار شائنی اہوجا نے ہمیشہ کیلئے بھارت چھوڑ دیا۔ شائنی اہوجا نے فلمی کیریئر کا آغاز 2005 میں فلم 'ہزاروں خواہشیں ایسی' سے کیا اور پہلی فلم میں بہترین ڈیبیو اداکار کا ایوارڈ لے اڑے تھے۔ اس کے بعد فلم گینگسٹر میں اداکاری کی اور شہرت کی بلندیوں پر پہنچ گئے۔ بالی وڈ اداکار نے ایک کے بعد ایک فلم کی لیکن جون 2009 میں ان کو اپنی ملازمہ سے جنسی زیادتی کے الزام میں گرفتار کیا گیا اور بعد میں 7 سال قید کی سزا بھی سنائی گئی۔ بعد ازاں اداکار نے 2015 میں فلم ویلکم بیک میں کام کیا لیکن انہیں انڈسٹری میں کام نہیں ملا اور وہ فلمی دنیا سے دور ہوگئے۔ گزشتہ دنوں 50 سالہ شائنی اہوجا کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہونے لگیں تو نئے انکشافات سامنے آئے۔ رپورٹس کے مطابق شائنی اہوجا 2021 میں بھارت چھوڑ چکے ہیں اور فلپائن کے شہر منیلا میں فیملی کے ہمراہ مستقل رہائش پذیر ہیں۔ رپورٹس کے مطابق بالی وڈ اداکار فلپائن میں گارمنٹس کا بزنس کر رہے ہیں۔

شادی شدہ اداکاروں کا نامناسب رویہ، علیزہ شاہ نے ڈراموں میں کام بند کردیا

صرف انہی پروجیکٹس کا حصہ بننا چاہتی ہیں جہاں عزت اور وقار سے پیش آیا جائے اور وقت پر ادائیگی یقینی ہو

کراچی (این این آئی) معروف اداکارہ علیزہ شاہ نے ڈراموں میں مسلسل غیر حاضری اور کام نہ کرنے کی حیران کن وجہ بتادی۔ فلم سپر اسٹار سے اپنے کیریئر کا آغاز کرنے والی ابھرتی ہوئی خوبرو اداکارہ علیزہ شاہ نے شوبز انڈسٹری میں خواتین کے ساتھ نامناسب سلوک، معاوضہ دینے میں تاخیر اور غیر پیشہ ورانہ رویے جیسے مسائل کو ڈراموں میں کام نہ کرنے کی وجہ بتایا۔ علیزہ شاہ نے انڈسٹری میں شادی شدہ مرد اداکاروں کے غیر مناسب رویے پر بھی کھل کر بات کی اور کہا کہ بعض افراد خواتین کے ساتھ غیر اخلاقی برتاؤ کرتے ہیں۔ اداکارہ علیزہ شاہ نے مزید بتایا کہ وہ اب صرف انہی پروجیکٹس کا حصہ بننا چاہتی ہیں جہاں ان کے ساتھ عزت اور وقار سے پیش آیا جائے اور وقت پر ادائیگی یقینی ہو۔ علیزہ شاہ نے شکوہ کیا کہ کئی بار اپنی محنت کی کمائی کے لیے تین سے چار ماہ تک انتظار کرنا پڑتا تھا۔ بار بار اپنی ہی رقم مانگنی پڑتی ہے تب جا کر کہیں ادائیگی ہوتی ہے۔ میں اب صرف اسی جگہ کام کروں گی جہاں مجھے میرا حق وقت پر دیا جائے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ سوشل میڈیا پر ان کے لباس پر تنقید کی جاتی ہے حالانکہ انہوں نے کبھی کسی غلط طریقے سے کام حاصل کرنے کی کوشش نہیں کی۔

gettyimages
Credit: Gareth Cattermole

لندن: جیس فولی دی ساوائے تھیٹر میں "برلیسکیو: دی میوزیکل" کے لیے ایک فوٹو کال میں شرکت کر رہی ہے

یک طرفہ چیز محبت نہیں ہوتی بلکہ وہ اذیت ہوتی ہے، محبت میں مجھے دھوکہ مل چکا ہے، اداکارہ زینب مظہر

خود بھی دراز قد ہوں تو خواہش ہے شریک حیات بھی دراز قد ہو، خواہش ہے بلال عباس یا فواد خان کی طرح دکھنے والا شوہر ملے

کراچی (این این آئی) ابھرتی ہوئی اداکارہ زینب مظہر نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں بھی محبت میں دھوکا ملا، بے وفائی پر انہیں کافی تکلیف ہوئی لیکن اب وہ سنبھل چکی ہیں۔ اداکارہ نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں مختلف معاملات پر کھل کر بات کی۔ پروگرام کے دوران بات کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ انہوں نے ریڈیو سے بطور میزبان کیریئر کا آغاز کیا تھا، اس وقت وہ یونیورسٹی کی طالبہ تھیں۔ ان کے مطابق انہوں نے ریڈیو پر لوگرو نامی شو کیا تھا، جسے کافی پسند کیا گیا، لوگ اس میں فون کر کے محبت کے مشورے تک مانگتے تھے۔ ایک سوال کے جواب میں زینب مظہر نے بتایا کہ اگرچہ انہیں اداکاری کا شوق نہیں تھا لیکن ہمیشہ وہ کچھ نہ کچھ بننا چاہتی تھیں۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ اداکاری شروع کرنے کے بعد انہیں سکون ملا، اداکاری کے دوران وہ بہت سارے ایسے کام کر لیتی ہیں، جنہیں حقیقی زندگی میں کرنے کا انہیں موقع نہیں ملتا۔ ان کے مطابق بعض اوقات حقیقی زندگی میں انسان رونا اور ہنسنا چاہتا ہے لیکن ایسا کر نہیں پاتا لیکن اداکاری میں یہ سب کچھ کیا جاسکتا ہے۔ یک طرفہ محبت کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ دراصل یک طرفہ چیز محبت نہیں ہوتی بلکہ وہ اذیت ہوتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انہیں کبھی کسی سے یک طرفہ محبت نہیں ہوئی اور اگر انہیں کبھی کسی سے محبت ہوئی تو وہ انہیں بتا دیں گی۔ زینب مظہر نے کہا کہ اگر کسی کو ان سے یک طرفہ محبت ہوگئی اور وہ شخص انہیں پسند نہیں آئے تو وہ انہیں صاف منع کر دیں گی۔ اسی موضوع پر بات کرتے ہوئے اداکارہ نے اعتراف کیا کہ انہیں بھی محبت میں دھوکا مل چکا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دھوکا دینے والے شخص نے بظاہر مجبوری کا بہانا کیا لیکن بعد میں انہیں احساس ہوا کہ انہوں نے منصوبہ بندی کے تحت ان سے بے وفائی کی۔ زینب مظہر نے اعتراف کیا کہ دل ٹوٹنے پر انہیں تکلیف ہوئی اور کافی وقت تک وہ درد برداشت کرتی رہیں لیکن اب وہ خوش ہیں۔ ہونے والے شریک حیات سے متعلق پوچھے گئے سوال پر اداکارہ کا کہنا تھا کہ وہ خود بھی دراز قد ہیں تو ان کی خواہش ہے کہ ان کا ہونے والے شریک حیات بھی دراز قد ہو۔ انہوں نے بتایا کہ ان کی خواہش ہے کہ انہیں بلال عباس یا فواد خان کی طرح دکھنے والا شوہر ملے۔

gettyimages
Credit: Gareth Cattermole

لندن: جارجیا مار یونیسیٹ سینی ورلڈ لیسٹر اسکوائر میں "دی نیکڈ گن" یو کے پریمیئر میں شرکت کی

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

مرکزی جمعیت اہلحدیث سٹی شیخوپورہ کا اجلاس مرکز الرحمن اہلحدیث گوجرانوالہ روڈ پر منعقد ہوا

اجلاس میں سابقہ کارکردگی کا جائزہ لینے سمیت آئندہ کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی جمعیت اہلحدیث سٹی شیخوپورہ کا اجلاس مرکز الرحمن اہلحدیث گوجرانوالہ روڈ پر منعقد ہوا جس کی صدارت سٹی امیر حافظ عبدالرحمن شیخوپوری نے کی، اجلاس میں مولانا حافظ عبد الرشید حجازی، حافظ یونس آزاد، انجینئر وسیم عباس سلفی، قاری عبد الحفیظ، حافظ محمد عباس، قاری یوسف تبسم، الشیخ انصر، حاجی سیف اللہ، حافظ نعیم ربانی، محمد افضل چٹھہ، ملک طاہر الحسن، حافظ ریحان سلفی، محمد زبیر سلفی، احسن شفیق، حمزہ اکبر، حافظ محمد قسیم، رانا محمد اکرم، قاری اقبال ڈوگر، حافظ خبیب و عہدیداران اور سینئر اراکین شریک ہوئے، اجلاس میں سابقہ کارکردگی کا جائزہ لینے سمیت آئندہ کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا اور باہمی مشاورت سے مختلف امور طے پائے، شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مولانا حافظ عبدالرشید حجازی نے کہا کہ مرکزی جمعیت اہلحدیث دینی سرگرمیوں کے فروغ اور مسلم امہ کے اتحاد کی داعی ہے جس کے پلیٹ فارم فلاحی وسماجی خدمات بھی انجام دی جا رہی ہیں تاکہ معاشرتی فلاح و بہبود ممکن ہو سکے اس مقصد کی خاطر تمام عہدیداران و ارکان متحد ہو کر کام کریں، اپنے خطاب میں سٹی امیر حافظ عبدالرحمن شیخوپوری نے کہا کہ تنظیمی امور کی انجام دہی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی مرکزی جمعیت اہلحدیث کی سیاسی سماجی تبلیغی و اصلاحی سرگرمیوں کو فعال رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے جس کی ادائیگی ہر حال میں ان شاء اللہ یقینی بنائی جائے گی اور اس سلسلہ میں پارٹی قیادت کی تمام ہدایات پر عملدرآمد کیا جائیگا۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس ڈی سی آفس کے کانفرنس روم میں منعقد ہوا

اجلاس میں ضلع بھر کے میڈیکل اسٹورز کے خلاف درج 31 کیسز کی سماعت کی گئی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس ڈی سی آفس کے کانفرنس روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع بھر کے میڈیکل اسٹورز کے خلاف درج 31 کیسز کی سماعت کی گئی۔ جن میں 5 کیسز کو ڈرگ کورٹ بھجوانے کی منظوری دی گئی جبکہ 8 میڈیکل اسٹورز کو وارننگ جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ 9 کیسز میں دوبارہ معائنہ کی ہدایت دی گئی تاکہ خلاف ورزیوں کی تصدیق کی جاسکے، جبکہ 8 کیسز کی سماعت کو آئندہ اجلاس تک مؤخر کر دیا گیا جبکہ 1 کیس میں خلاف ورزی کو سنگین قرار دیتے ہوئے میڈیکل اسٹور کے خلاف ڈرگ کنٹرول ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرنے کی سفارش کی گئی۔ اجلاس کے دوران میڈیکل اسٹورز کی مختلف خلاف ورزیوں پر تفصیلی غور کیا گیا، جن میں بغیر ڈرگ سیل لائسنس ادویات کی فروخت، ممنوعہ اور زائد المعیاد ادویات کی موجودگی، غیر رجسٹرڈ ادویات کی فروخت، ادویات کے ریکارڈ کی عدم دستیابی، کوالیفائیڈ پرسن کی غیر موجودگی اور کولڈ چین کا برقرار رکھنا شامل تھیں۔ بورڈ نے تمام کیسز کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور ضابطہ قانون کے مطابق کارروائی کے فیصلے کیے۔ ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ادویات کی فروخت سے متعلق تمام قوانین پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ انسانی صحت سے جڑے معاملات میں کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت ناقابل برداشت ہے۔ غیر معیاری، ممنوعہ یا غیر قانونی ادویات کی فروخت میں ملوث افراد کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی تاکہ عوام کو معیاری، محفوظ اور قانونی طریقہ کار کے مطابق ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اسلم چودھری، سیکرٹری بورڈ مس فرح اور ضلع کی چاروں تحصیلوں کے ڈرگ انسپکٹرز نے شرکت کی۔

اسسٹنٹ کمشنر چوہدری رب نواز کا مختلف مقامات پر صفائی انتظامات کی چیکنگ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر چوہدری رب نواز کا مختلف مقامات پر صفائی انتظامات کی چیکنگ، انہوں نے میونسپل کمیٹی روڈ، فیصل آباد روڈ، دیپالپور چوک، فرائی اوور، سندھی محلہ، تحصیل چوک، ٹینک چوک اور جہاز چوک میں صفائی انتظامات کا جائزہ لیا اور سینٹری ورکرز کو تمام علاقوں کی مکمل کلیرنس بارے ہدایات جاری کیں، انہوں نے اس پر کمیٹی روڈ اور فیصل آباد روڈ کے اطراف سے ویسٹ اٹھانے اور گرین بیلٹس کی صفائی اور خوبصورتی کے احکامات بھی جاری کیے، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر چوہدری رب نواز نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی اور صفائی ستھرائی کے لیے اقدامات کے ساتھ ساتھ تمام امور کی نگرانی کا عمل جاری ہے اس سلسلہ میں عوام الناس عملہ صفائی کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور صفائی ستھرائی کے سلسلہ میں اپنے متعلقہ علاقوں کی نشاندہی کریں تاکہ ٹیمیں موثر انداز میں سرانجام سرانجام دیتے ہوئے صفائی ستھرائی کیا مور بہتر طور پر سرانجام دیں

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی افسران اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کا انعقاد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی افسران اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کا انعقاد، اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر، اسسٹنٹ کمشنر چوہدری رب نواز، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید سمیت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے افسران کو عوامی بہتری اور فلاح و بہبود کے لیے تسلسل سے اقدامات بارے ہدایات جاری کیں، انہوں نے پرائس کنٹرول کی کاروائیوں کا ٹارگٹ پورا نہ کرنے والے افسران کی سخت سرزنش کی، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ عوامی سہولت کے برخلاف کاروائیوں کا ٹارگٹ پورا نہ کرنے والے افسران کی ضلع میں کوئی جگہ نہیں، صرف محنت سے کام کرنے والے افسران ہی ضلع میں رہیں گے، انہوں نے کم کارکردگی دکھانے والے افسران کے خلاف تادیبی کاروائی کے احکامات بھی جاری کیے۔

کسٹمرز کو اپنے رئیل اسٹیٹ پراجیکٹس میں مکمل سیکیورٹی دیتے ہیں۔امتیاز علی وریاہ

ممبران ومعزز ڈیلرز کی فلاح و بہبود کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔سابقہ صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سٹی ہاؤسنگ سیالکوٹ ہو یا ہمارے دیگر رئیل اسٹیٹ پراجیکٹس ہم اپنے معزز ممبران کو خواہ وہ ڈومیٹک ہوں یا کمرشل پلیسز پر فول پروف سیکورٹی کی فراہمی یقینی بنا رہی ہے ہماری کوشش ہے کہ معزز کرم فرماؤں کی فلاح و بہبود اور بہتر سے بہتر سہولیات فراہمی یقینی بنائیں۔ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین چوہدری امتیاز علی وریاہ سابقہ صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن کے تمام آفس بیئررز اپنے معزز ڈیلرز و رئیل اسٹیٹ ایڈوائزر حضرات کو ہر ممکن سہولیات کیساتھ کسٹمرز کیساتھ انکی کی گئی کمٹمنٹس میں انکی بھرپور معاونت کرتے ہیں۔سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن ممبران ایک فیملی کی طرح ہیں جو ایک دوسرے کے دکھ سکھ کے ساتھی بھی ہیں۔

معاشی استحکام ہر پاکستانی کا بنیادی اور آئینی حق ہے: محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ معاشی استحکام ہر پاکستانی کا بنیادی اور آئینی حق ہے پاکستان میں موجودہ معاشی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے جس کے باعث عام آدمی بدترین مہنگائی بے روزگاری اور غربت کا سامنا کر رہا ہے ملک میں معاشی بدحالی کی بنیادی وجوہات میں بدانتظامی کرپشن غیر یقینی سیاسی حالات اور صنعت و زراعت کے شعبے پر عدم توجہ شامل ہیں محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے مزید کہا پاکستان کی معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے ایسی معاشی پالیسیاں اپنانا ہوں گی جن کا براہِ راست فائدہ عام عوام کو پہنچے ہمیں ایسی راہیں اختیار کرنا ہوں گی جن کے ذریعے ایک عام شہری ترقی خوشحالی اور باوقار زندگی گزار سکے معاشی ترقی صرف اعداد و شمار کی حد تک نہ ہو بلکہ یہ ہر گھر ہر فرد اور ہر طبقے تک پہنچنی چاہیے انہوں نے حکومتِ وقت پالیسی سازوں اور معاشی ماہرین سے اپیل کی کہ وہ فوری طور پر عوام دوست معاشی اصلاحات پر توجہ دیں تاکہ ملک کو اس بحرانی کیفیت سے نکالا جاسکے تعلیم روزگار صحت اور چھوٹے کاروباروں کی ترقی کے ذریعے معاشی پہیہ تیز کیا جاسکتا ہے

سابقہ صدر بار عاصم اقبال دیو کی سابقہ صدر بار خواجہ اویس مشتاق کیساتھ ملاقات

آئیندہ بار انتخابات موضوع بحث آئے۔ خواجہ علی شیر ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سابقہ صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ و سابق صدر سیالکوٹ بار چوہدری عاصم اقبال دیو کے مابین اہم ترین ملاقات ہوئی۔ سابقہ صدور سیالکوٹ بار میں آئندہ سیالکوٹ بار الیکشنز بارے مشاورت ہوئی اور گروپ کی تشکیل بارے تبادلہ خیال ہوا۔ اس موقع پر چوہدری عاصم دیو نے کہا کہ سیالکوٹ بار انتخابات میں بطور صدر حصہ لینے کیلئے انہیں سنئیر قانون دان خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ و شرکاء کی حمایت درکار ہے جو ہر بار فیصلہ کن رہی ہے۔ خواجہ اویس مشتاق نے کہا کہ بہت جلد آپ کو اپنے شرکاء و معزز ساتھیوں سے مشاورت کر کے آگاہ کر دیا جائیگا۔ دوسری جانب ہمارے باوثوق ذرائع کے مطابق ممکنہ طور پر سابقہ صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری عاصم اقبال دیو اس دفعہ سیالکوٹ بار انتخابات میں خواجہ اویس مشتاق لاء چیمبرز کی مکمل حمایت حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے فیصلہ اگلے 24 گھنٹے میں متوقع ہے۔

معروف فزیشن ڈاکٹر شوکت علی انتقال کر گئے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) نارنگ کمیونٹی کے سینئر ممبر اور فیصل ہسپتال کے چیف ایگزیکٹیو معروف فزیشن ڈاکٹر شوکت علی انتقال کر گئے سارے شہر کی فضا سوگوار ہر آنکھ اشکبار علاقہ سوگ میں ڈوب گیا نارنگ ریلوے اسٹیشن پر نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا اس موقع پر نارنگ کمیونٹی سٹی پریس کلب نارنگ انجمن تاجران امن کمیٹی سول سوسائٹیز سمیت سیاسی وسماجی شخصیات نے گہرے دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ کریم ان کی مغفرت اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائیں۔

ڈویژنل پبلک سکول اینڈ کالجز ساہیوال کے راوی اور کیمبرج کیمپسز کے ٹیچرز کے کنٹریکٹ میں تین سال کی توسیع کی منظوری

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپرا سے) ڈویژنل پبلک سکول اینڈ کالجز ساہیوال کے راوی اور کیمبرج کیمپسز کے ٹیچرز کے کنٹریکٹ میں تین سال کی توسیع کی منظوری، یہ منظوری ساہیوال ایجوکیشن ٹرسٹ کے بورڈ آف ٹرسٹیز کے اجلاس میں دی گئی جس کی صدارت کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر شاہد محمود، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ شفیق احمد ڈوگر، ایڈیشنل کمشنر ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، پرنسپل اکبر علی اور بورڈ ممبران ڈاکٹر شہزاد طاہر چوہدری، چوہدری سلطان محمود، مہر اللہ یار خان، سید افتخار حسین شاہ اور کالج برسر کاشف ستار نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں نئے ٹیچرز کی بھرتی کے لیے ریکروٹمنٹ کمیٹی کی بھی منظوری دی گئی جو ٹیسٹ پاس کرنے والے امیدواروں کے انٹرویوز کرے گی۔ پرنسپل اکبر علی نے بتایا کہ سینیئر ٹیچرز کی 46 اور جونیئر ٹیچرز کی 64 اسامیوں کے لیے 1764 درخواستیں موصول ہوئی تھیں۔ اجلاس میں مالی سال 2025-26 کے بجٹ کی منظوری موخر کرتے ہوئے فنانس کمیٹی کی تشکیل نو کا بھی فیصلہ کیا گیا جو بجٹ پر تفصیلی غور کر کے بورڈ کو منظوری کے لیے پیش کرے گی۔

ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے میٹرک امتحان 2025 میں آرٹس گروپ میں ضلع بھر میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی سرکاری سکولز کی ہونہار طالبات سے اپنے دفتر میں خصوصی ملاقات کی

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے میٹرک امتحان 2025 میں آرٹس گروپ میں ضلع بھر میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی سرکاری سکولز کی ہونہار طالبات سے اپنے دفتر میں خصوصی ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے طالبات کی تعلیمی کامیابی کو سراہتے ہوئے دل کھول کر شاباش دی اور روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے پوزیشن ہولڈرز طالبات کو نقد انعامات اور تعریفی اسناد پیش کیں اور تلقین کی کہ وہ اسی جذبے اور محنت سے اپنی تعلیم جاری رکھیں تاکہ آگے چل کر ملک و قوم کا نام روشن کر سکیں۔ انہوں نے والدین اور اساتذہ کے کردار کو بھی سراہا جنہوں نے ان طالبات کی رہنمائی میں کلیدی کردار ادا کیا۔ تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل اور سی ای او ایجوکیشن تنویر احمد غزالی بھی موجود تھے۔

جامعۃ المدینہ فیضانِ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ متصل مسجد فیضانِ قرآن کا سنگِ بنیاد رکھا گیا

اس روح پرور موقع پر دعوتِ اسلامی کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران، علمائے کرام، مفتیانِ کرام، تاجر برادری اور علاقہ معززین نے بھرپور شرکت کی

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) فیصل آباد کے علاقے سنت سنگھ روڈ، مارکیٹ نزد حاجی آباد میں

واقع جامعۃ المدینہ فیضانِ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ متصل مسجد فیضانِ قرآن کا سنگِ بنیاد رکھا گیا۔ اس روح پرور موقع پر دعوتِ اسلامی کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران، علمائے کرام، مفتیانِ کرام، تاجر برادری اور علاقہ معززین نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر حاجی محمد ندیم صاحب، شعبان سلیم صاحب، سفیان صاحب، مفتی امجد صاحب، رانا عثمان صاحب اور مظہر صاحب نے خصوصی طور پر شرکت فرمائی اور حاضرین سے ایمان افروز خطاب بھی کیا۔ مقررین نے مسجد کی تعمیر کو ایک عظیم دینی خدمت قرار دیا اور اہلِ علاقہ کو اس کارِ خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی دعوت دی۔ ان کا کہنا تھا کہ مساجد اللہ کا گھر ہیں اور ان کی تعمیر میں حصہ لینا باعثِ سعادت و جنت کی ضمانت ہے۔ تقریب کے اختتام پر جامعۃ المدینہ فیضانِ امام غزالی کے ناظمین اور مسجد فیضانِ قرآن کی انتظامیہ نے دعا کروائی کہ اللہ تعالیٰ اس نیک عمل کو جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچائے اور اسے امتِ مسلمہ کے لیے ہدایت کا ذریعہ بنائے۔

اراکین صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ اور چودھری فیصل اکرام نے شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا

اس موقع پر دعوتِ اسلامی کے علاقائی علما، رضا کار، اور شہری بھی بڑی تعداد میں شریک تھے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اراکین صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ اور چودھری فیصل اکرام MPA نے دعوتِ اسلامی سیالکوٹ کے ذمہ داران کے ہمراہ امام صاحب روڈ کی گرین بیلٹس پر شجرکاری مہم کے تحت پودے لگا کر ماحول دوست سرگرمی کا باقاعدہ آغاز کیا۔ اس موقع پر دعوتِ اسلامی کے علاقائی علما، رضا کار، اور شہری بھی بڑی تعداد میں شریک تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ موسمی تغیرات، درجہ حرارت میں اضافے اور غیر متوازن موسم دراصل جنگلات کی کٹائی اور ماحولیاتی عدم توازن کا نتیجہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر آج ہم نے شجرکاری اور ماحول کے تحفظ کے لیے کردار ادا نہ کیا تو آنے والی نسلوں کو اس کے سنگین نتائج بھگتنا ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پودے لگانا نہ صرف قومی بلکہ مذہبی فریضہ بھی ہے۔ اسلام ہمیں فطرت سے محبت اور زمین کو سرسبز بنانے کی تعلیم دیتا ہے۔ ہر شہری کو چاہیے کہ وہ اپنے حصے کے درخت ضرور لگائے اور ان کی دیکھ بھال بھی خود کرے۔ منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ موجودہ حکومت وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی قیادت میں ماحولیاتی تحفظ کے لیے جامع حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، جس میں عوام کی شمولیت کلیدی اہمیت رکھتی ہے۔ دعوتِ اسلامی کے رہنماؤں نے بتایا کہ ان کی تنظیم پورے ملک میں مدنی ماحولیات مہم کے تحت لاکھوں پودے لگا رہی ہے تاکہ پاکستان کو سرسبز و شاداب بنایا جاسکے۔ آخر میں شرکاء نے مل کر پودے لگائے اور ان کی حفاظت کی ذمہ داری لینے کا عہد کیا۔

ساہیوال کے حاجی عبدالقیوم ہسپتال میں سی سی یو وارڈ کا قیام

ساہیوال میں دل کے مریضوں کے لیے امید کی نئی کرن روشن ہو چکی ہے

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال کے حاجی عبدالقیوم ہسپتال میں سی سی یو وارڈ کا قیام، ڈاکٹر چوہدری حسیف رضا کی مسیحائی نئی تاریخ رقم کر گئی۔ ساہیوال میں دل کے مریضوں کے لیے امید کی نئی کرن روشن ہو چکی ہے۔ گورنمنٹ حاجی عبدالقیوم ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں جدید سہولیات سے آراستہ کارڈیک کیئر یونٹ (CCU) کا قیام، محکمہ صحت میں ایک انقلابی قدم ثابت ہو رہا ہے اور اس عظیم خدمت کے مرکزی کردار کنسلٹنٹ کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر چوہدری حسیف رضا، جنہوں نے اپنی شبانہ روز محنت، پیشہ ورانہ لگن اور انسانی ہمدردی سے سرشار جذبے کے ساتھ اس وارڈ کو عملی شکل دی۔ ڈاکٹر چوہدری حسیف رضا کی بے مثال کاوشوں سے نہ صرف جدید مشینری کی تنصیب عمل میں لائی گئی بلکہ نرسنگ و پیرامیڈیکل اسٹاف کو خصوصی تربیت بھی فراہم کی گئی۔ روزانہ کی بنیاد پر او پی ڈی میں درجنوں دل کے مریضوں کا معائنہ، ابتدائی تشخیص، اور مفت ادویات کی فراہمی یہ سب کچھ اب ممکن ہو پایا ہے صرف اور صرف ڈاکٹر حسیف رضا اور ایم ایس حاجی عبدالقیوم ہسپتال کی فعال قیادت کی بدولت۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ ڈاکٹر چوہدری حسیف رضا نہ صرف سرکاری ڈیوٹی کے اوقات میں، بلکہ اس سے کہیں بڑھ کر وقت دے کر، مریضوں کا انتہائی محبت، خلوص اور یکسوئی سے معائنہ کرتے ہیں۔ ان کا رویہ مہربان، مزاج نرم، اور خدمت کا جذبہ مثال بن چکا ہے۔ مریضوں کی جانب سے انہیں دعاؤں، تعریفی کلمات اور بے پایاں خراج تحسین سے نوازا جا رہا ہے۔ ساہیوال کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ کسی سرکاری ادارے میں دل کے مریضوں کے لیے اتنے اعلیٰ معیار کی مفت سہولیات مہیا کی گئی ہیں، جن کا خواب بھی شاید ماضی میں کسی نے نہ دیکھا ہو۔ نہ فیس، نہ سفارش، نہ لمبی قطاریں، صرف خالص انسانی خدمت۔ اس کارنامے کے دیگر اہم کرداروں میں ڈاکٹر ظفر بھی شامل ہیں، جنہوں نے وارڈ کو مکمل فعال بنانے میں بھرپور معاونت فراہم کی۔ ایم ایس حاجی عبدالقیوم ہسپتال کی سرپرستی اور رہنمائی اس منصوبے کی کامیابی کی اہم بنیاد ہے۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے پر حسیب احمد گرفتار

حسیب احمد ولد لیاقت علی ساکن تترال جو کہ چوال ڈیم میں نہا رہا تھا کے خلاف مقدمہ درج کر کے پابند سلاسل کر دیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) وزیر اعلی پنجاب کے ویژن، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور آر پی او راولپنڈی ریجن کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کی زیر نگرانی حالیہ بارشوں اور سیلاب کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیموں اور جھیلوں پر چکوال پولیس کی جانب سے سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کا پنجاب حکومت، ضلعی انتظامیہ کی طرف سے دفعہ 144 کے نفاذ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف ایکشن تیز کرنے کے احکامات۔ ایس ڈی پی او صدر سرکل ڈاکٹر سارہ علی ہاشمی کی سربراہی میں، ایس ایچ او تھانہ صدر چکوال سب انسپکٹر احمد نواز، اسسٹنٹ سب انسپکٹر عثمان شہزاد نے دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے پر حسیب احمد ولد لیاقت علی ساکن تترال جو کہ چوال ڈیم میں نہا رہا تھا کے خلاف مقدمہ درج کر کے پابند سلاسل کر دیا۔

عوامی پریس کلب ضلع چکوال اپنے سینئر ممبر صحافی ایوب سلطانی کے ساتھ ہونے والی زیادتی اور ہراساں کیے جانے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے



چکوال (بیورو چیف) عوامی پریس کلب ضلع چکوال اپنے سینئر ممبر صحافی ایوب سلطانی کے ساتھ ہونے والی زیادتی اور ہراساں کیے جانے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ صحافی ایوب سلطانی نے 11 جون 2025 کو سی ایم پورٹل پر ٹی ایچ کیو ہسپتال چوآسیدن شاہ کے ایڈمن کے دفتر میں بیٹھا ہوا محمد عدنان عارف کے خلاف عوامی شکایات پر مبنی درخواست جمع کروائی تھی۔ اس کے ردعمل میں 30 جون کو ہسپتال انتظامیہ نے یہ موقف اختیار کیا کہ صحافی کو کال کی گئی لیکن وہ ہسپتال نہیں آئے۔ جب یہ جواب غیر تسلی بخش پایا گیا تو صحافی نے 22 جولائی 2025 کو دوبارہ سی ایم پورٹل پر شکایت جمع کروائی کہ مسئلہ حل نہیں کیا گیا۔ انتظامیہ نے اس کے جواب میں حقائق کو مسخ کرتے ہوئے ایوب سلطانی کے خلاف جھوٹ پر مبنی من گھڑت کہانی تیار کر کے الزام لگایا کہ وہ بلیک میلنگ اور ہراسانی میں ملوث ہیں۔ یہ اقدام سراسر انتقامی اور بدنیتی پر مبنی ہے۔ مزید افسوسناک پہلو یہ ہے کہ سی او آفس محکمہ صحت چکوال کی جانب سے جو کورنگ لیٹر اس جھوٹی درخواست کے ساتھ منسلک کیا گیا، اس کی تاریخ 22 جولائی 2025 ہے، یعنی وہی دن جس دن صحافی نے دوبارہ سی ایم پورٹل پر اپیل دائر کی۔

قتل کے 02 مقدمات میں انتہائی مطلوب 03 خطرناک مجرم اشتہاری گرفتار

قتل کے 02 مقدمات میں انتہائی مطلوب 03 خطرناک مجرم اشتہاری گرفتار مقدمہ 560/25 میں کیٹگری اے کے مجرم اشتہاری مختار سکنہ چاہ جھورو کو حراست میں لیا گیا

چونیاں (تحصیل رپورٹر) قتل کے 02 مقدمات میں انتہائی مطلوب 03 خطرناک مجرم اشتہاری گرفتار تھانہ صدر پتوکی پولیس کی ایس ایچ او محمد ارشاد کی سربراہی میں کامیاب کاروائی قتل کے 02 مقدمات میں انتہائی مطلوب 03 خطرناک مجرم اشتہاری گرفتار مقدمہ 560/25 میں کیٹگری اے کے مجرم اشتہاری مختار سکنہ چاہ جھورو کو حراست میں لیا گیا۔ مقدمہ 756/25 میں کیٹگری اے کے دو مجرم اشتہاریوں عامر اور طیب سکنائے بھوئیکی اوتاڑ کو گرفتار کیا گیا۔ تینوں مجرم اشتہاریوں کو جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے گرفتار کیا گیا۔ تھانہ صدر پتوکی پولیس نے ملزمان کو مقدمات میں حسب ضابطہ گرفتار کر کے تفتیش شروع کر دی

گاؤں ناتھانہ میں چھت گرنے سے زخمی ہونے والا شخص جاں بحق ہو گیا

منچن آباد (چوہدری محمد مقصود تحصیل رپورٹر) گاؤں ناتھانہ میں چھت گرنے سے زخمی ہونے والا شخص جاں بحق ہو گیا، 60 سالہ غلام علی ہسپتال میں زیر علاج تھا جہاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گیا چار روز قبل بارش کے باعث گھر کے برآمدے کی بوسیدہ چھت گرنے سے غلام علی ملبے تلے دب کر شدید زخمی ہو گیا تھا جسے ریسکیو ٹیم نے فوری طور پر سول ہسپتال منتقل کر دیا تھا

گاؤں پھول معراج میں کرنٹ لگنے سے تین سالہ بچی جاں بحق ہو گئی

منچن آباد (چوہدری محمد مقصود تحصیل رپورٹر) منچن آباد کے مضافاتی گاؤں پھول معراج میں کرنٹ لگنے سے تین سالہ بچی جاں بحق ہو گئی تین سالہ مافیہ کو بجلی کے بورڈ کو ہاتھ لگانے سے کرنٹ لگا متاثرہ بچے کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا مگر وہ جانبر نہ ہو سکی

مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے سٹی ہاؤسنگ گھوئینکی کے وقاص نواز نے 3 نامعلوم ملازمائیں ہمسائیوں کے گھر سے بطور نوکر رکھ لیں جو اس کے بھائی عادل امین کے کمرہ کے دراز سے نقدی 7 لاکھ روپے چوری کر کے لے گئیں سٹی ہاؤسنگ گھوئینکی محمد رزاق کے گھر سے نقدی 5 لاکھ 0 3 ہزار روپے، 8 تولہ طلائی زیورات، 115000 ریال، 7000 درہم اور پرائز بانڈ چوری گھوئینکی زیر تعمیر بینک سے دو ڈرل مشین اور تاروں کے کوائل مالیتی 95 ہزار روپے چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

مختلف واقعات میں موٹر سائیکلیں اور رکشہ چوری

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف واقعات میں موٹر سائیکلیں اور رکشہ چوری سول ہسپتال کے باہر سے محمد ماجد کی موٹر سائیکل چوری سٹیڈیم روڈ رافع ہسپتال کے باہر سے عبدالوکیل کی موٹر سائیکل چوری چونگی نمبر 8 پشاوری چپل کباب کے سامنے سے طاہر اقبال کی موٹر سائیکل چوری سرانوالی دریا کے قریب سے محمد یاسین کا رکشہ چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

پولیس چوکی بھاگوڈیال کے مختلف علاقوں میں ناکے اور چیکنگ

غیر قانونی ایل پی جی سلنڈرز استعمال کرنے والی درجنوں مسافر گاڑیوں کے ڈرائیورز کے خلاف مقدمات درج

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پولیس چوکی بھاگوڈیال کے مختلف علاقوں میں ناکے اور چیکنگ غیر قانونی ایل پی جی سلنڈرز استعمال کرنے والی درجنوں مسافر گاڑیوں کے ڈرائیورز کے خلاف مقدمات درج ڈرائیونگ لائسنس نہ رکھنے اور کم عمر رکشہ ڈرائیورز کے خلاف بھی گھیرا تنگ کر دیا گیا سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے پیٹرولنگ پولیس انچارج بھاگوڈیال ظفر اقبال کا کہنا تھا کہ بھاگوڈیال نارنگ موڑ اور گجر چوک کے قریب ناکے لگا کر سخت چیکنگ کی گئی ہے مسافر گاڑیوں میں ایل پی جی سلنڈر کے استعمال پر سخت پابندی ہے یہ کسی بھی لمحے پھٹ سکتا ہے اور قیمتی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں مسافروں کی زندگیاں خطرے میں ڈالنے کی اجازت کسی کو نہیں ہے کم عمر ڈرائیورز زیادہ تر حادثات کا باعث بنتے ہیں والدین بچوں کو موٹر سائیکل گاڑی نہ دیں ڈرائیور حضرات گاڑیاں چلاتے وقت شناختی کارڈ اور ڈرائیونگ لائسنس پاس رکھیں چیکنگ کے دوران عملہ کے ساتھ مکمل تعاون یقینی بنائیں خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق کاروائی ہوگی۔

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں تمام ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز اور انچارج برانچ نے شرکت کی میٹنگ کے دوران ڈی پی او جھنگ نے فرداً فرداً تمام تھانوں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا اور کرائم کنٹرول کے حوالے سے سخت ہدایات جاری کیں ڈی پی او نے واضح کیا کہ رابری، موٹر سائیکل چوری اور مویشی چوری جیسے جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر اور نتیجہ خیز کارروائیاں سامنے آنی چاہیں۔ ڈی پی او جھنگ بلال افتخار کیانی نے منشیات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کو دہراتے ہوئے ہدایت کی کہ نشہ آور زہریلی اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف بڑے پیمانے پر غیر معمولی اور منظم ریڈز کیے جائیں۔ انہوں نے تاکید کی کہ ریڈ کے دوران تمام حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے اور بیرونِ اضلاع کارروائیوں کے لیے قانونی ضابطہ کار سے تجاوز ہرگز نہ کیا جائے۔ ڈی پی او نے افسران کو خبردار کیا کہ سنگین مقدمات کی تفتیش میں کسی قسم کی تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ غیر قانونی حراست، تشدد اور غیر انسانی سلوک میں ملوث عناصر کے خلاف سخت احتساب عمل میں لایا جائے گا۔ میٹنگ کے اختتام پر محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام، فول پروف سیکورٹی انتظامات اور شاندار ٹیم ورک پر ڈی پی او جھنگ نے ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز، انچارج برانچز اور دیگر متعلقہ افسران کو تعریفی اسناد اور شیلڈز سے نوازا

چیئرمین پی وی ٹی سی خالد مسعود چوہدری نے وی ٹی آئی اوکاڑہ میں منعقدہ تقسیم اسناد کی ایک پروقار تقریب میں شرکت کی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) چیئرمین پی وی ٹی سی خالد مسعود چوہدری نے وی ٹی آئی اوکاڑہ میں منعقدہ تقسیم اسناد کی ایک پروقار تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر ضلعی بورڈ آف مینجمنٹ اوکاڑہ کے صدر ڈاکٹر افتخار امجد علی اور ایریا منیجر ساہیوال مجاہد نسیم چوہدری نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ تقریب میں مختلف شعبہ جات سے کامیاب ہونے والے ٹرینیز میں اسناد تقسیم کی گئیں۔ وی ٹی آئی اوکاڑہ اور حمزہ انجینئرنگ سروس کے درمیان ایک اہم مفاہمتی یادداشت پر دستخط بھی کیے گئے، جس کے تحت ویلڈنگ کے شعبے میں مشترکہ تربیتی ماڈل تشکیل دیا جائے گا۔ تقریب میں ادارے سے تربیت حاصل کر کے کامیابی سیجاب حاصل کرنے والے نوجوانوں نے اپنی متاثر کن سٹوریز بھی شرکاء سے شیئر کیں۔ اس موقع پر ڈاکٹر افتخار امجد علی کی جانب سے ادارے کے لیے دو لاکھ روپے کا فراخدلانہ عطیہ بھی دیا گیا۔ چیئرمین پی وی ٹی سی نے اختتامی کلمات میں سال 2025-26 کے لیے ادارے کا وژن پیش کیا،



جس میں وی ٹی آئیز کی لیبارٹریز کے لیے بجٹ میں اضافہ، ہنرمند نوجوانوں کے لیے بیرونِ ملک روزگار کے مواقع اور انڈسٹری کے ساتھ ورک بیسڈ لرننگ ماڈلز کے فروغ جیسے اہم نکات شامل تھے۔ تقریب میں بشریٰ نواز سینئر منیجر پی آر اینڈ مارکیٹنگ، مجاہد نسیم چوہدری ایریا منیجر ساہیوال، بریگیڈیئر (ر) ڈاکٹر ناصر منصور خان سابق صدر اوکاڑہ بورڈ محمد افضل ایم ڈی حمزہ انجینئرنگ سروس، میجر (ر) عامر جاوید ایگزیکٹو ممبر، قیصر نواز بخشی معروف سماجی شخصیت اور ملک ارشد ساجد سمیت دیگر ممتاز شخصیات شریک تھیں۔ شرکاء نے چیئرمین پی وی ٹی سی اور مہمانانِ گرامی کی موجودگی پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے ہنرمندی، روزگار و انڈسٹری اشتراک کے حوالے سے پی وی ٹی سی کی کاوشوں کو بھرپور سراہا۔

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد نے میٹرک سالانہ امتحانات 2025ء کے نتائج کا اعلان کر دیا

کمشنر فیصل آباد ڈویژن و چیئرپرسن بورڈ مریم خان نے آن لائن نظام کے تحت لیپ ٹاپ کا بٹن دبا کر باضابطہ طور پر نتائج کا اعلان کیا

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد نے میٹرک سالانہ امتحانات 2025ء کے نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ کمشنر فیصل آباد ڈویژن و چیئرپرسن بورڈ مریم خان نے آن لائن نظام کے تحت لیپ ٹاپ کا بٹن دبا کر باضابطہ طور پر نتائج کا اعلان کیا۔ میٹرک امتحانات 2025ء میں کل 1 لاکھ 73 ہزار 239 طلباء و طالبات نے شرکت کی جن میں سے 1 لاکھ 37 ہزار 948، امیدوار کامیاب قرار پائے۔ اس طرح کامیابی کا تناسب 63.73 فیصد رہا۔ اس موقع پر منعقدہ خصوصی تقریب میں کمشنر مریم خان نے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کو رول آف آنر، لیپ ٹاپس اور نقد انعامات سے نوازا۔ انہوں نے کامیاب امیدواروں کو ان کی شاندار کامیابی پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور انہیں تلقین کی کہ وہ مزید محنت سے کام لے کر ملک، والدین اور اساتذہ کا نام مزید روشن کریں۔ کمشنر مریم خان نے آرٹس گروپ میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے ایک بھٹہ مزدور کے بیٹے کو خصوصی طور پر سراہا اور شاباش دی، جس نے نامساعد حالات کے باوجود نمایاں کامیابی حاصل کر کے ایک مثال قائم کی۔ کمشنر فیصل آباد نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محنت ہی زندگی میں کامیابی کی کنجی ہے۔ ہماری نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ انتھک محنت کریں تاکہ ان کا مستقبل روشن ہو اور وہ ترقی کی دوڑ میں آگے بڑھ سکیں۔ تقریب میں ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن عامر رضا، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر جعفر علی، سیکرٹری بورڈ ڈاکٹر حبیب اللہ، پوزیشن ہولڈرز کے والدین، اساتذہ اور محکمہ تعلیم کے افسران نے بھی شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر کمشنر مریم خان نے ڈویژنل پبلک سکول اینڈ کالج فیصل آباد میں ایک یادگاری پودا بھی لگایا۔

پتوکی قتل کے 02 مقدمات میں انتہائی مطلوب 03 خطرناک مجرم اشتہاری گرفتار

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی قتل کے 02 مقدمات میں انتہائی مطلوب 03 خطرناک مجرم اشتہاری گرفتار۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز تھانہ صدر پتوکی پولیس کی ایس ایچ او محمد ارشاد کی سربراہی میں کامیاب کاروائی کے دوران قتل کے 02 مقدمات میں انتہائی مطلوب 03 خطرناک مجرم اشتہاری گرفتار ہو گے مقدمہ 560/25 میں کیٹگری اے کے مجرم اشتہاری مختار سکنہ چاہ جھورو کو حراست میں لیا گیا جبکہ مقدمہ 756/25 میں کیٹگری اے کے دو مجرم اشتہاریوں عامر اور طیب سکنائے بھوئیکی اوتاڑ کو گرفتار کیا گیا۔ تینوں مجرم اشتہاریوں کو جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے گرفتار کیا گیا تھانہ صدر پتوکی پولیس نے ملزمان کو مقدمات میں حسب ضابطہ گرفتار کر کے تفتیش شروع کر دی۔

حافظ آباد میں پنڈی بھٹیاں کے علاقہ میں سیلاب سے متاثرہ 140 سے زائد دیہاتوں کے مکین رل گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں پنڈی بھٹیاں کے علاقہ میں سیلاب سے متاثرہ 140 سے زائد دیہاتوں کے مکین رل گئے۔ اکثر دیہاتوں کے مکین بے گھر ہونے کے ساتھ فصلوں کے تباہ ہونے سے کنگال ہو کر رہ گئے جبکہ بعض دیہاتوں کے متاثرین کھلے آسمان تلے بے بسی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہو گئے۔ دوسری جانب ضلعی انتظامیہ کی امدادی کاروائیاں اونٹ کے منہ میں زیرہ ثابت ہونے لگیں۔ تفصیلات کے مطابق پنڈی بھٹیاں سے ملحقہ متعدد دیہاتوں میں اب بھی کئی فٹ پانی کھڑا ہے اور یہاں پر بے شمار دیہات پانی میں ڈوبے نظر آرہے ہیں۔ مقامی لوگوں کے مطابق انتظامیہ کی جانب سے نکاسی آب کے نالوں کی صفائی ہی نہیں کروائی گئی جس سے بارشیں ہوتے ہی نالے ابل پڑے اور دیہاتوں کی کثیر تعداد زیر آب آگئی جس سے انکی کروڑوں روپے مالیت کی فصلیں پانی کی نظر ہو گئیں۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ مقامی انتظامیہ کی امدادی کاروائیاں نہ ہونے کے برابر ہیں۔ انکے مکانات گرے پڑے ہیں، دیہاتوں میں پانی نکالنے کے لئے کوئی اقدامات عمل میں نہیں لائے جا رہے۔ افسران فوٹو سیشن کروا کے چلے جاتے ہیں جبکہ کئی دیہات میں وہ خود نالوں کی صفائی کروا کے پانی نکال رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو چاہیے کہ وہ متاثرین کے بھرپور امداد کریں اور انکے سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا ازالہ کرنے کے ساتھ ساتھ نکاسی آب کے نالوں کی صفائی نہ کروانے والے ذمہ داران افسران کے خلاف بھی کاروائی عمل میں لائیں

پٹرولنگ پولیس چوکی ہردیو کی طرف سے آگاہی پمفلٹس تقسیم کرنے سمیت سوشل میڈیا مہم چلائی جا رہی ہے

زور دیا جا رہا ہے کہ گوجرانوالہ روڈ پر سفر کے دوران موٹر سائیکل سوار ہیلمٹ کا استعمال یقینی بنائیں

شرقپور شریف (نامہ نگار) پٹرولنگ پولیس چوکی ہردیو کی طرف سے آگاہی پمفلٹس تقسیم کرنے سمیت سوشل میڈیا مہم چلائی جا رہی ہے جس میں زور دیا جا رہا ہے کہ گوجرانوالہ روڈ پر سفر کے دوران موٹر سائیکل سوار ہیلمٹ کا استعمال یقینی بنائیں اور ٹریفک قوانین پر عمل کریں، انچارج پٹرولنگ پوسٹ ہردیو سب انسپکٹر فریاد احمد اور ایڈمن آفیسر اسسٹنٹ سب انسپکٹر رب نواز کے مطابق حکومت پنجاب کی ہدایت کے پر پٹرولنگ پوسٹ ہردیو کی جانب سے ہیلمٹ استعمال نہ کرنے اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر چالان کرنے کا آغاز کیا جا چکا ہے تاکہ ٹریفک قوانین کی پابندی یقینی بنانے سمیت حادثات میں ہونے والے جانوں کے ضیاع کو روکا جاسکے، پٹرولنگ پولیس ہردیو تیز رفتاری، گنجائش کے زائد مسافروں کو سوار کرنے، ٹریفک سگنلز کی خلاف ورزی، اوور لوڈنگ، لائٹس کے بغیر رات کے وقت گاڑی چلانے، ون ویلنگ، کالے شیشوں کے استعمال، لائن اور لین کی خلاف ورزی، ممنوعہ علاقہ میں گاڑی چلانے، ٹریفک رکاوٹوں، خطرناک ڈرائیونگ، لائسنس کے بغیر گاڑی چلانے، پریشر ہارن کے استعمال، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں، بغیر نمبر پلیٹ گاڑیوں، کم عمر ڈرائیور، بغیر فٹنس سرٹیفکیٹ، بلا روٹ، ہیلمٹ نہ پہننے، موٹر سائیکل پر زیادہ افراد سوار ہونے، ڈرائیونگ کے دوران فون کے استعمال، سیٹ بیلٹ نہ لگانے، غلط پارکنگ، غلط لوڈنگ، غیر نمونہ نمبر پلیٹ، پولیس کی طرح لائٹس لگانے، غیر نمونہ باڈی، سائیڈ والے شیشے نہ ہونے، ترپال نہ ہونے، زیادہ کرایہ وصول کرنے، پچھلی لائٹس نہ ہونے اور گیس سلنڈرز کے استعمال کے مرتکب پائے والے روڈ یوزرز کے چالان کیے ہیں۔

پتوکی 8 سالہ بچی کے ساتھ زیادتی کے کیس میں ملوث ملزم اپنے ہی پستول کی گولی لگنے سے زخمی

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی 8 سالہ بچی کے ساتھ زیادتی کے کیس میں ملوث ملزم اپنے ہی پستول کی گولی لگنے سے زخمی، پولیس نے گرفتار کر کے پھول نگر ہسپتال منتقل کر دیا پولیس تھانہ سٹی پھولنگر کے مطابق ملزم نے اپنی پھوپھو کے گھر سے واپس اپنے گھر جاتی 8 سالہ بچی سے زبردستی اپنے گھر جہاں سکول بھی قائم ہے زیادتی کی تھی اور بچی کی حالت غیر ہونے پر موقع سے فرار ہو گیا تھا متاثرہ بچی کے والد کی درخواست پر تھانہ سٹی پھول نگر میں مقدمہ کے اندراج کے بعد پولیس اہلکاروں نے ریپ کے مقدمہ میں ملوث ملزم عامر کی گرفتاری کیلئے لنگڑے والی ڈھاری پر ریڈ کیا تو ملزم نے گرفتاری سے بچنے کی کوشش کی اور اپنا پستول چھپانے کی کشمکش میں اس سے فائر ہو گیا جس سے وہ زخمی ہو گیا ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس حکام کے مطابق سٹی پھول نگر پولیس ملزم کو حسب ضابطہ گرفتار کر کے میرٹ پر انصاف کی فراہمی یقینی بنائے گی دریں اثناء اہل علاقہ نے مطالبہ کیا ہے کہ ملزم کو کمسن بچی کے ساتھ اتنا بڑا ظلم کرنے کی پاداش میں پھانسی پر لٹکایا جائے تاکہ آئندہ کسی بدبخت کو ایسی جرات نہ ہو۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ جات 1

شدید فائرنگ کے تبادلے میں میجر ضیاد سلیم اور سپاہی ناظم حسین شہید ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 31 سالہ میجر ضیاد سلیم کا تعلق خوشاب اور سپاہی ناظم حسین کا تعلق جہلم سے ہے، شہید میجر اور سپاہی نے بہادری سے لڑتے ہوئے جان کا نذرانہ پیش کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق علاقے میں مزید کسی دہشت گرد کے خاتمے کیلئے سینی ٹائزیشن آپریشن جاری ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکورٹی فورسز ملک سے انڈین سپانسرڈ دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پُرعزم ہمارے بہادر جوانوں کی ایسی قربانیاں ہمارے عزم کو مزید تقویت دیتی ہیں۔

بقیہ جات 2

جنگل میں لگنے والی آگ میں جاں بحق ہوگئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مزید 14 فائر فائٹرز جو آگ بجھانے کی کوششوں میں مصروف تھے، اپنی کوششوں کے دوران زخمی ہوگئے۔ بتایا گیا ہے کہ جاں بحق ہونے والے فائر فائٹرز آگ بجھانے کی کوششوں میں مصروف تھے کہ اچانک ہوا نے رخ تبدیل کرلیا اور وہ آگ میں پھنس گئے تھے، جنہیں ریسکیو تو کرلیا گیا تھا لیکن وہ پھر بھی جانبر نہ ہوسکے اور اسپتال میں انتقال کرگئے۔ ابراہیم یماکلی نے مزید بتایا کہ گرمی کی شدت اور ہوا سے صورتحال نازک ہوسکتی ہے، ہوا کے رخ میں تبدیلی اور گرمی میں اضافہ متوقع ہے، میں 86 ملین شہریوں سے محتاط رہنے اور احتیاط کرنے کی ہدایت کروں گا۔ ترک صدر رجب طیب اردوان نے جاں بحق ہونے والے فائر فائٹرز کی تعریف کرتے ہوئے کہا، انہوں نے ہمارے جنگلات کے تحفظ کے لیے اپنی جانیں دی ہیں۔ ترک صدر نے مزید کہا، میں اپنے ہم وطنوں پر خدا کی رحمت کے لیے دعا گو ہوں جنہوں نے ہمارے جنگلات کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کی پروا نہیں کی، میں ان کے اہل خانہ کو اپنی اور قوم کی جانب سے سلام پیش کرتا

بقیہ جات 3

شہادت کا بلند مرتبہ حاصل کرکے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ میجر محمد انور کاکڑ شہید ایک طویل عرصے سے بلوچستان میں پاک فوج کے اہم محاذ پر تعینات تھے اور ابلاغی جنگ سمیت مختلف خفیہ محاذوں پر دشمن کے ناپاک عزائم کے خلاف سینہ سپر تھے۔ ان کی خدمات کا ایک نمایاں باب گوادر کے پی سی ہوٹل پر ہونے والا وہ آپریشن ہے، جس میں انہوں نے فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا مردانہ وار مقابلہ کیا۔ قوم کا یہ شیر دل سپاہی گزشتہ دس برسوں سے پاک فوج کا حصہ تھا اور دفاع وطن کے ہر معرکے میں پیش پیش رہا۔ ان کی شہادت نے ایک بار پھر یہ واضح کر دیا کہ ازلی دشمن بھارت، جو روایتی جنگ میں بارہا ذلت آمیز شکست کھا چکا ہے، اب خفیہ دہشتگردی کے ہتھکنڈوں سے پاکستان کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے۔ مگر یہ قوم ہر شہید کے لہو سے مزید مضبوط ہوتی جارہی ہے۔ میجر محمد انور کاکڑ شہید اپنے پیچھے والدین، اہلیہ اور تین بیٹے چھوڑ گئے ہیں۔ ان کی قربانی وطن عزیز کے ماتھے کا جھومر ہے، اور پوری قوم ان کے اہل خانہ کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ پاک فوج کے ترجمان نے شہید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ بھارت کی سرپرستی میں پلنے والے دہشتگرد گروہوں کو ہر محاذ پر شکست دی جائے گی اور پاکستان کے خلاف ہر سازش کو خاک میں ملا دیا جائے گا۔ قوم کا ہر فرد آج میجر محمد انور کاکڑ شہید کو سلام پیش کرتا ہے، جنہوں نے اپنے لہو سے وطن کی مٹی کو سرخرو

بقیہ جات 4

کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشنز، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی لاہور کا دورہ کیا، کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی آمد پر انتظامیہ اور طلبہ نے پرتپاک استقبال کیا، اپنے دورے کے موقع پر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے آپریشن بنیان مرصوص میں پاک افواج کی حکمت عملی اور کامیابی پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق میں فتح مبین میں عوام کی حمایت بالخصوص نوجوانوں کا کردار اہم رہا، کشمیر پاکستان کی شہ رگ تھا، ہے اور رہے گا، بلوچ عوام پاکستان سے تاریخ، مذہب، ثقافت اور روایت کے رشتوں میں جڑی ہے، مٹھی بھر دہشت گرد بلوچستان اور پاکستان کی مجموعی ترقی اور خوشحالی کا راستہ نہیں روک سکتے۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ طلباء و طالبات نے آپریشن بنیان مرصوص کی تاریخی فتح پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا، اس کے علاوہ طلباء و طالبات اور فیکلٹی ممبران نے مزید ایسے انٹرایکٹو سیشنز کے انعقاد کی خواہش کا بھی اظہار کیا۔ علاوہ ازیں آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ کے دوران طلبا نے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری سے ملاقات کی، آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ 2025 میں ملک بھر کے 33 شہروں سے 6500 سے زائد طلباء و طالبات حصہ لے رہے ہیں، انٹرن شپ میں 150 سے زائد یونیورسٹیز اور تعلیمی اداروں کے طلبہ شریک ہیں جو پاکستان کی نوجوان نسل کے عزم و جذبے کی بھرپور عکاسی کرتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے سمر انٹرن شپ میں شرکت کرنے والے طلبا سے خصوصی گفتگو کی اور نوجوانوں کے جذبے کو سراہا، انہوں نے نوجوانوں کو قومی بیانیے کے فروغ میں اپنا مثبت کردار ادا کرنے کی تلقین کی اور کہا کہ پاکستان کی نوجوان نسل ملک کا مستقبل ہے، پاکستان کا روشن مستقبل ان نوجوانوں کے ہاتھوں میں ہے اور قوم کو آپ پر فخر ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ اس موقع پر طلباء نے آپریشن بنیان مرصوص میں بھارت کو دندان شکن جواب دینے پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا اور اسے تاریخ کا ناقابل فراموش باب قرار دیا اور پاک افواج سے اپنی والہانہ محبت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاک افواج پر ہمیں فخر ہے، اور ہمیں اپنی افواج سے کوئی جدا نہیں کرسکتا، نوجوان نسل کل بھی پاکستان کے ساتھ کھڑی تھی، آج بھی ہے اور ہمیشہ کھڑی رہے گی، ملک دشمن عناصر کی ناپاک کوششیں کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

بقیہ جات 5

کے لیے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا ہے، پاکستانی عوام اپنے آہنی بھائی چین کی مستقل حمایت پر شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چین پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ اس موقع پر چینی سفیر نے صدر مملکت کی آنے والی سالگرہ پر صدر شی جن پنگ کی جانب سے دلی نیک خواہشات کا خصوصی پیغام پہنچایا۔

بقیہ جات 6

نڈی اور ان کے نائب نے مئی میں ایک میٹنگ کے دوران صدر ٹرمپ کو بتایا تھا کہ ان کا نام جنسی اسمگلنگ میں ملوث جیفری ایپسٹین کی دستاویزات میں موجود ہے۔ اخبار کے مطابق ٹرمپ کو یہ بھی بتایا گیا تھا کہ کئی دیگر اعلیٰ شخصیات کے نام بھی ہیں مگر محکمہ تحقیقات سے متعلق مزید دستاویزات جاری کرنے کا ارادہ نہیں

رکھتا۔ وائٹ ہاؤس نے امریکی اخبار کی خبر کو فیک نیوز قرار دے دیا، وائٹ ہاؤس ترجمان سٹیون نے کہا یہ ڈیموکریٹس اور لبرل میڈیا کی طرف سے گھڑی جانے والی جعلی خبروں کے تسلسل کے سوا کچھ نہیں۔ اس سے پہلے ٹرمپ انتظامیہ نے دعویٰ کیا تھا کہ جیفری ایپسٹین نے ان افراد کی فہرست مرتب نہیں کی تھی جنہیں وہ کمسن لڑکیاں فراہم کرتا رہا تھا، صدر ٹرمپ کے سابق مشیر ایلون مسک پہلے ہی کہہ چکے ہیں کہ فہرست اس لیے جاری نہیں کی جارہی کیونکہ اس میں ٹرمپ کا نام موجود

بقیہ جات 7

تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں برطانیہ، جنوبی کوریا، قازقستان سمیت کئی غیر ملکی یونیورسٹیوں نے پنجاب میں اپنے کیمپس قائم کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس اقدام کو صوبے میں تعلیمی شعبے کی عالمی سطح پر بہتری کی جانب اہم قدم قرار دیا گیا ہے۔ اجلاس میں سرکاری کالجز میں کالج مینجمنٹ کونسلز قائم کرنے اور یونیورسٹیوں میں "KPI سسٹم" (Key Performance Indicators) نافذ کرنے کی منظوری دی گئی، جس کے تحت وائس چانسلرز کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے پنجاب بھر میں "ایجوکیشن ویجی لینس سکواڈ" کے قیام کی بھی منظوری دی جو تعلیمی اداروں میں اچانک حاضری، صفائی، تدریسی معیار اور دیگر امور کا معائنہ کرے گا۔ یہ سکواڈ صوبائی وزیر تعلیم کی زیر نگرانی کام کرے گا اور رپورٹس کی بنیاد پر فوری ایکشن لیا جائے گا۔ مزید برآں، پنجاب کی یونیورسٹیوں کی درجہ بندی (گرین، بلیو، ییلو اور گرے) کی تجویز پر بھی غور کیا گیا تاکہ معیار کے مطابق اداروں کی ترقی یا اصلاح کی جا سکے۔ وزیراعلیٰ نے انڈر پرفارمنگ کالجز اور غیر فعال کامرس کالجز سے متعلق تفصیلی رپورٹ بھی طلب کرلی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب لیپ ٹاپ اسکیم کے لیے پنجاب سمیت ملک بھر سے 19 ہزار سے زائد طلبہ نے اپلائی کیا ہے، جبکہ "سی ایم ہونہار اسکالرشپ" پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ کو "ہائر ایجوکیشن اسٹریٹجک پلان 2025-2029" سے آگاہ کیا گیا، جس کے تحت پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں گورننس ریفارمز، ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن، ادارہ جاتی خودمختاری، گلوبل لنکیجز، اور انسانی وسائل کی ترقی جیسے شعبے ترجیح دیے جائیں گے۔ اجلاس میں پنجاب میں پہلی ہائر ایجوکیشن کانفرنس کے انعقاد کی بھی اصولی منظوری دی گئی، جس سے تعلیمی پالیسیوں اور مستقبل کے لائحہ عمل کو تقویت ملے گی۔

بقیہ جات 8

میں منعقد ہوئی۔ وائس چیف آف دی نیول اسٹاف، وائس ایڈمرل اویس احمد بلگرامی اس موقع پر مہمان خصوصی تھے۔ پی این ایس ساہیوال گن بوٹ، پاک بحریہ کے پلیٹ فارم ڈیزائن ونگ (PDW) نے مقامی طور پر ڈیزائن کی ہے اور کراچی شپ یارڈ میں زیر تعمیر ہے۔ جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس گن بوٹ میں طویل فاصلے تک مار کرنے والی بیمی آٹو میٹک گنز نصب کی جائیں گی، جو اسے میری ٹائم مشنز میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بنائیں گی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی نے پاک بحریہ کے پلیٹ فارم ڈیزائن ونگ (PDW) اور کراچی شپ یارڈ اینڈ انجینئرنگ ورکس (KS&EW) کی مشترکہ کاوشوں کو سراہا، اور پاک بحریہ کی خود انحصاری کی پالیسی کو فروغ دینے میں ان کے کردار کو قابل تحسین قرار دیا۔ انہوں نے وزارت دفاعی پیداوار کا بھی شکریہ ادا کیا، جنہوں نے اس منصوبے میں مسلسل تعاون فراہم کیا۔ مہمان خصوصی نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ نئی تیار کردہ گن بوٹ مختلف نوعیت کی بحری سیکیورٹی امور سرانجام دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ پاک بحریہ مستقبل میں اس طرز کی مزید گن بوٹس کی پروڈکشن پر بھی غور کر رہی ہے۔ یہ عمل نہ صرف خود انحصاری کی پالیسی کو تقویت دے گا بلکہ KS&EW کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ لاؤنچنگ کی تقریب میں پاک بحریہ کے اعلیٰ حکام، وزارت دفاعی پیداوار، کراچی شپ یارڈ اینڈ انجینئرنگ ورکس اور شپ بلڈنگ انڈسٹری کے نمائندگان نے شرکت

بقیہ جات 9

سمیت بہہ جانے والے باپ اور بیٹی کی تلاش تیسرے روز میں داخل ہوگئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق گاڑی کا بونٹ اور دروازہ دریائے سواں پل کے نیچے سے مل گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق کرنل ریٹائرڈ اسحاق قاضی اور ان کی بیٹی کے مل جانے تک آپریشن جاری رکھا جائے گا، یہ دونوں لوگ 22 جولائی صبح سوا 8 بجے گھر سے نکلتے ہی تیز پانی میں گاڑی سمیت بہہ گئے تھے۔ یاد رہے کہ 2 روز قبل گاڑی کا بمپر اور سائیڈ مرر امدادی ٹیموں کو ملا تھا۔

بقیہ جات 10

انرجی پیکج پر متفق کرنے میں ناکام رہے، آئندہ اقتصادی جائزہ مذاکرات میں نئی تجاویز کے ساتھ دوبارہ پیکج تیار کرکے بات چیت ہوگی۔ ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ مارجنل کاسٹ پرائے آئی، ڈیٹا مائننگ اور انڈسٹری کیلئے 3 سال کے لیے انرجی پیکج تھا، ملک میں اس وقت 8 ہزار سرپلس بجلی ہونے کے باعث مارجنل پیکج تیار کیا گیا تھا، اضافی بجلی کے استعمال پر فی یونٹ ریٹ میں ٹیکسوں کی کمی کے لیے تجویز تیار کی گئی تھی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے وزارت توانائی سے سو فیصد ریکوری نہ ہونے کے باعث پیکج منظور نہیں کیا، اضافی بجلی کے استعمال پر صرف پیداواری لاگت اور کپیسٹی چارجز کی رقم عائد ہونا تھی، پیداواری لاگت اور کپیسٹی چارجز کے علاوہ باقی تمام بشمول ٹیکسز ختم کرنے کی تجویز تھی۔ ذرائع نے کہا کہ آئی ایم ایف نے مارجنل پیکج کی منظوری سو فیصد ریکوری سے منسلک کردی ہے۔

بقیہ جات 11

ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر محمد وسیم، ڈائریکٹر جنرل پی ہوٹا پروفیسر محمد عامر زمان خان، پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن سے پروفیسر اظہار چوہدری، سی ای او پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی ڈاکٹر علی رزاق، محکمہ مال، محکمہ داخلہ و دیگر محکمہ جات کے افسران نے بطور ممبران شرکت کی۔ وڈیو لنک کے ذریعے سی ای او پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن ڈاکٹر محمد ثاقب عزیز، ڈین پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹی ٹیوٹ پروفیسر فیصل سعود ڈار اور ٹرانسپلانٹیشن سوسائٹی سے یاسر خان نے اجلاس میں شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل پی ہوٹا پروفیسر محمد عامر زمان خان نے اجلاس کے دوران منظوری کیلئے مختلف ایجنڈاز پیش کئے۔ اجلاس کے دوران مانیٹرنگ اتھارٹی کے 34 ویں اجلاس کے فیصلوں کی عملدرآمد رپورٹ بھی پیش کی گئی۔ اجلاس کے دوران مانیٹرنگ اتھارٹی کے 34 ویں اجلاس کے منٹس کی منظوری دی گئی۔ اجلاس کے دوران پی ہوٹا کو مختلف سرکاری و نجی ہسپتالوں کی گردوں جگر اور آنکھوں کی پتلی کی ٹرانسپلانٹیشن کے لیے رجسٹریشن کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس کے دوران بیگم اختر رخسانہ میموریل ٹرسٹ آرچرڈ ہسپتال کی لیور ٹرانسپلانٹیشن جبکہ ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال، انڈس ہسپتال، انڈی پینڈنٹ یونیورسٹی ہسپتال فیصل آباد اور مدینہ ٹیچنگ ہسپتال فیصل آباد کی کورنیل ٹرانسپلانٹیشن کیلئے اگلے تین سال کیلئے رجسٹریشن رینیول کی منظوری دی گئی۔ اجلاس کے دوران سٹی ہسپتال ملتان، پی کے ایل آئی اینڈ ریسرچ سنٹر لاہور، نیشنل ہسپتال اینڈ میڈیکل سنٹر لاہور اور عادل ہسپتال لاہور کی رینل ٹرانسپلانٹیشن کیلئے اگلے تین سال کیلئے رجسٹریشن رینیول کی منظوری دی گئی۔ اجلاس کے دوران پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کے بجٹ تخمینہ برائے مالی سال 2025-26 اور ریوائزڈ بجٹ تخمینہ برائے مالی سال 2024-25 کی منظوری دی گئی۔ اجلاس کے دوران پی ہوٹا کو ہیومن آرگن اینڈ ٹشو ٹرانسپلانٹیشن اینستھیزیولوجی کے موضوع پر 5 روزہ تربیتی ورکشاپ منعقد کروانے کی منظوری دی گئی۔ اجلاس کے دوران پنجاب میں بون (ہڈی) بینکنگ اینڈ ٹرانسپلانٹیشن، پینکریاز (لبلبہ) ٹرانسپلانٹیشن کرنے کی منظوری دی گئی ہے اور اس کے علاوہ پنجاب میں بچوں کی گردوں کی پیوندکاری کے لیے ایک کمیٹی تشکیل کرنے کی بھی منظوری دی گئی ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق

پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی استعداد کار میں اضافہ کیا جارہا ہے۔ عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب میں انسانی اعضاء کی غیر قانونی پیوندکاری کے خلاف سخت ایکشن لیا جارہا ہے۔

بقیہ جات 12

ملی میڈیا کے مطابق نیویارک کی کولمبیا یونیورسٹی کا کہنا تھا کہ کئی وفاقی ایجنسیوں کی تحقیقات کا معاملہ حل کرنے کے لیے امریکی حکومت کے ساتھ معاہدہ کیا ہے۔ معاہدے کے مطابق 3 سال کے دوران وفاقی حکومت کو 20 کروڑ ڈالر ادا کیے جائیں گے۔ امریکی محکمہ تعلیم کی جانب سے اس حوالے سے ابھی تک کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا۔ کولمبیا یونیورسٹی کی جانب سے یہ اعلان فلسطین کے حق میں مظاہرہ کرنے والے طلبا کے خلاف تادیبی کارروائی کے ایک روز بعد سامنے آیا ہے۔ واضح رہے کہ کولمبیا یونیورسٹی پر الزام ہے کہ اس نے کیمپس میں یہودی طلبا کو ہراسانی سے روکنے کے لیے ناکافی اقدامات کیے۔ ٹرمپ انتظامیہ نے یونیورسٹی کی 400 ملین ڈالرز امداد منسوخ کی

بقیہ جات 13

فراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق روس میں مسافر طیارہ گر کر تباہ ہوگیا جس میں سوار تمام 49 افراد ہلاک ہوگئے۔ روسی ایئر ٹریفک کنٹرول کا امر ریجن میں طیارے سے رابطہ منقطع ہوا۔ روسی خبر رساں ادارے کے مطابق طیارے میں 49 افراد سوار تھے۔ اس سے قبل روسی میڈیا نے بتایا تھا کہ روس کے مشرقی امور کے علاقے میں ایک این 24- مسافر طیارہ لاپتا ہوگیا ہے جس میں تقریباً 50 افراد سوار ہیں، یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب طیارہ معمول کے مطابق پرواز پر تھا۔ حکام کی جانب سے تلاش اور بچاؤ کی کارروائیاں شروع کردی گئیں

بقیہ جات 14

نے والے مظالم کی شدید مذمت کی۔ اسحاق ڈار نے اپنے خطاب میں کہا کہ اسرائیل کی جانب سے اسپتالوں، اسکولوں، اقوام متحدہ کی تنصیبات، اور پناہ گزین کیمپوں کو نشانہ بنانا ایک سوچا سمجھا منصوبہ ہے جس کا مقصد فلسطینیوں کو اجتماعی سزا دینا تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اور جنرل اسمبلی کی متعدد قراردادوں کے بھی خلاف ہیں۔ نائب وزیراعظم نے فلسطینی مسئلے کو اقوام متحدہ کی ساکھ اور اثر کا امتحان قرار دیتے ہوئے کہا کہ اگر اس مسئلے کا حل نہ نکالا گیا تو اقوام متحدہ کی ساکھ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اسحاق ڈار نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ فوری جنگ بندی اور انسانی امداد کی بلا رکاوٹ رسائی کو یقینی بنائے تاکہ فلسطینی عوام کی تکالیف کم کی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ فلسطین میں یہودی آبادکاریاں بند اور ہنگامی انسانی بنیاد پر امداد فوری طور پر غیر مشروط بحال کی جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اسرائیل شام کی گولان کی پہاڑیوں اور دیگر رقبے سے بھی پیچھے ہٹ جائے اور 1967ء کے وقت کی سرحدیں بحال کی جائیں اور اسرائیل یہودی آبادیوں کو ملانے کے منصوبے سے بھی باز رہے۔ اسحاق ڈار نے مشرق وسطیٰ میں پائیدار اور جامع امن کے لیے شام، لبنان اور ایران کے مسائل کے حل کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اسحاق ڈار نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ وقت آچکا ہے کہ فلسطینی عوام کو انصاف، آزادی، وقار اور اپنی خودمختار ریاست کے حقوق دیے جائیں۔ اس سلسلے میں دفتر خارجہ کی جانب سے ایکس پر بھی پیغام جاری کیا گیا جس میں کہا گیا کہ پاکستان کی سربراہی میں اس مباحثے کو وزیر سطح تک اپ گریڈ کیا گیا ہے۔ اس خطاب کے دوران اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر زور دیا کہ وہ فلسطینی عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کرے اور اس مسئلے کے حل کے لیے عالمی برادری کی مشترکہ کوششوں کو بڑھایا جائے۔

بقیہ جات 15

گے، اگر وہ امریکا میں کاروبار کھولنے پر راضی ہوتے ہیں تو ہم ان کا ٹیرف کم کردیں گے۔ واشنگٹن میں اے آئی سمٹ سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ یورپی یونین کے ساتھ سنجیدہ مذاکرات کر رہے ہیں۔ چین کے ساتھ بھی ڈیل کرنے والے ہیں۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ تیل کی قیمت مزید نیچے لانا چاہتے ہیں، توانائی پر مختلف ایشیائی ممالک کے ساتھ معاہدے کر رہے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ امریکا نے اے آئی ریس شروع کی اور امریکا ہی جیتے گا، امریکا اے آئی میں بھی چین کو شکست دے رہا

بقیہ جات 16

کی باقیات کی غلط شناخت کی اور برطانیہ میں لواحقین کو غلط لاشوں کی باقیات بھیج دیں۔ احمد آباد طیارہ حادثے میں ہلاک افراد کی باقیات کی غلط شناخت کی رپورٹ سامنے آئی ہے جس کے مطابق حادثے میں ہلاک ہونے والے افراد کی برطانیہ میں ان کے لواحقین کو غلط لاشوں کی باقیات بھیجی گئیں۔ برطانیہ میں جب ان کے پیاروں کے تابوت واپس آئے تو ان میں اجنبی مسافروں کی باقیات موجود تھیں۔ رپورٹ کے مطابق مرنے والوں کی شناخت غلط طور پر کی گئی تھی اور ان کے اہل خانہ کو ان کے اصل پیاروں کے بجائے کسی اور کی لاشیں بھیج دی گئیں۔ بھارت کی جانب سے ایک ہلاک خاتون کی لاش کی بجائے کسی اور کی لاش برطانیہ پہنچائی گئی۔ خاتون کے بیٹے متن پٹیل کے مطابق تابوت میں لاش اس کی والدہ کی نہیں، طیارہ حادثے میں متن پٹیل کے والد اور والدہ ہلاک ہوئے تھے۔ اس سنگین معاملے پر لندن اور بھارت میں اعلیٰ سطحی تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ جات 17

رٹرمپ نے اعلان کیا کہ ہم نے جاپان کے ساتھ ایک بہت بڑا معاہدہ مکمل کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جاپان کے ساتھ ہوا معاہدہ شاید اب تک کا سب سے بڑا معاہدہ ہے، معاہدے کے تحت جاپان امریکا میں 550 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ جاپان کی سرمایہ کاری کا 90 فیصد فائدہ امریکا حاصل کرے گا۔

بقیہ جات 18

شریف اور وزرا کو توہین عدالت کا نوٹس بھیجنے کا معاملہ وقتی طور پر رک گیا ہے۔ رجسٹرار آفس ذرائع کے مطابق جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان کے آفس سے 16 جولائی کو نوٹ آیا تھا کہ وہ 21 جولائی کو سماعت کریں گے۔ ذرائع رجسٹرار آفس کا کہنا ہے کہ جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان کے نوٹ سے پہلے ہفتہ وار روسٹر جاری ہو چکا تھا، اب اس میں ترمیم ہونا تھی اور پھر کاز لسٹ جاری ہونا تھی۔ رجسٹرار ہائی کورٹ کے مطابق ہم نے جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان کی 21 جولائی کی سماعت کے لیے حوالے سے 16 جولائی کے بعد مجاز اتھارٹی کو نوٹ لکھا تھا۔ مجاز اتھارٹی کا جواب ابھی نہیں آیا، آئے گا تو ہی اس پر کچھ بتا سکیں گے۔ رجسٹرار آفس کے ذرائع کے مطابق کیس مقرر نہیں تھا جس کو سنا گیا اور آرڈر ہوا۔ اب اس سے متعلق عدالتی آرڈر پر نوٹس کیسے بھیجیں؟ مجاز اتھارٹی سے اس حوالے سے رائے لیں گے۔ واضح رہے کہ عافیہ صدیقی کیس میں وزیر اعظم اور وزرا کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کیا گیا تھا اور عدالت نے 2 ہفتے میں وزیراعظم اور وزرا سے جواب جمع کرانے کا حکم دیا

بقیہ جات 19

کے الزامات کو بے بنیاد اور جھوٹ پر مبنی قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو جیل میں بی کلاس کی وہ سہولتیں مہیا کی جارہی ہیں جو باقی قیدیوں کو حاصل نہیں ہوتیں، اس لیے ان کے بیانات کی کوئی سچائی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو شخص عید کے دن صبح بارہ بجے سوتا تھا، وہ آج جھوٹ بول رہا ہے کہ وضو کے لیے گندا پانی فراہم کیا جارہا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے واضح کیا کہ بانی پی ٹی آئی خود دوسروں کے ایئرکنڈیشنرز اتارنے کے دعوے کرتے تھے، اور آج وہی شخص جیل میں اے سی نہ ہونے کا شکوہ کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جن کا لیڈر بیرک میں جھوٹ بولنے پر مجبور ہے، وہ احتجاجی تحریک کیا چلائیں گے؟ 9 مئی کے مقدمات آئین و قانون کے مطابق منطقی انجام تک پہنچائے جارہے ہیں اور جنہوں نے

ریاستی اداروں پر حملے کیے، وہ بغاوت کے مرتکب قرار پائے ہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ جو شخص قوم کے بچوں کو اپنے ناپاک سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرتا ہے، اس کے اپنے بچے امریکہ میں سیر و تفریح کر رہے ہیں۔ پاکستان کا نوجوان اب باشعور ہو چکا ہے اور وہ کسی فتنے کا آلہ کار نہیں بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوام اب اس فتنے سے بخوبی واقف ہو چکی ہے اور ملک دشمن بیانیے کو مسترد کر چکی ہے۔

بقیہ جات 20

یا گیا۔ عرب میڈیا کے مطابق حماس نے اسرائیلی پارلیمنٹ کے فیصلے کو مسترد کردیا ہے۔ دوسری جانب حماس جنگ بندی تجاویز پر رضامند ہوگیا، معاہدے پر دستخط کرکے ثالثوں کے حوالے کردیا گیا۔ حماس کا کہنا تھا کہ اب جنگ بندی کا دارومدار اسرائیل پر ہے، اسرائیلی صدر اسحاق ہرزوگ نے غزہ کا دورہ کیا اور اسرائیلی فوجیوں سے بات چیت میں جلد جنگ بندی کی امید ظاہر کی۔

بقیہ جات 21

رہا ہے۔ چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ جسٹس محمد جنید غفار نے ہائی کورٹ بار کے عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شکر گزار ہوں ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کا جنہوں نے سب سے پہلے مجھے لاڑکانہ مدعو کیا، ہماری کوشش ہوتی ہے کہ انصاف کی فراہمی کو بروقت بنایا جائے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ قانونی تقاضوں کو پورا کرنے میں تھوڑی تاخیر ہوجاتی ہے، سکھر بینچ میں ویڈیو لنک مہیا کرنے پر بھی کام کر رہے ہیں، ای کورٹس کے لئے ایک پائلٹ پراجیکٹ چل رہا ہے، اگر مثبت نتائج آئے تو تمام سیشن اور سرکٹ کورٹس کو بھی مہیا کردیں گے تاکہ کیسز میں تاخیر نہ ہو۔ چیف جسٹس محمد جنید غفار کا مزید کہنا تھا کہ وکلاء سے بھی گزارش ہے کہ کیسز میں پوری تیاری سے آئیں تاکہ کیسز کا فیصلہ بروقت کیا جاسکے۔ نیشنل جوڈیشل پالیسی میکنگ کمیٹی نے ماڈل کورٹس کو بھی ریویو کرنے پر غور کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کیس داخل کرنے پر بجز وکلاء کی ساکھ کو بھی دیکھتے ہوئے درخواست کو منظور یا نہ منظور کرتے ہیں، وکلاء سے گزارش ہے کہ آپ بھی اپنی ساکھ کو بہتر رکھیں کیونکہ آپ کی مدد سے قانونی تقاضے مکمل ہوتے

بقیہ جات 22

ہ، قرطبہ چوک، مزنگ، پنڈی سٹاپ، فیروزپور روڈ، فیصل ٹاؤن، کلمہ چوک اور شوق چوک سمیت مختلف علاقوں میں وقفے وقفے سے بارش ہورہی ہے۔ یہ مون سون کا چوتھا طاقتور اسپیل ہے جس نے پورے صوبے کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور، گوجرانوالہ، گجرات، چکوال، راولپنڈی اور اسلام آباد سمیت مختلف علاقوں میں آئندہ دو روز تک بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ ان بارشوں کے باعث پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ اور ندی نالوں میں طغیانی کا خطرہ ہے۔ قومی آفات سے نمٹنے والے ادارے (این ڈی ایم اے) نے خبردار کیا ہے کہ شمالی علاقہ جات میں لینڈ سلائیڈنگ کے ساتھ ساتھ گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے کا خطرہ بھی موجود ہے، جس سے دریائے ہنزہ اور شگر میں سیلابی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔ شہریوں کو محتاط رہنے اور متعلقہ اداروں کی ہدایات پر عمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ مزید یہ کہ موسمیاتی ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ 25 جولائی تک ملک کے مختلف علاقوں میں مزید بارشیں متوقع ہیں، جن سے شہری و دیہی علاقوں میں معمولات زندگی متاثر ہوسکتے ہیں۔ حکومتی ادارے ریلیف اقدامات کیلئے الرٹ

بقیہ جات 23

غیر قانونی احتجاج میں شامل نہیں ہوئے۔ فیصلے میں کہا گیا شاہ محمود قریشی 9 مئی کو کراچی میں تھے، پراسیکیوشن نے ڈاکٹر یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ کے خلاف کیس ثابت کیا، پراسیکیوشن نے اعجاز چودھری، میاں محمود الرشید سمیت 8 ملزمان کیخلاف بھی کیس ثابت کیا۔ ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت دیگر ملزموں نے عوام کو فوج کے خلاف اکسایا، ملزموں کے اس اقدام نے ملک پر تباہ کن اثرات چھوڑے، پراسیکیوشن ملزم حمزہ عظیم پاہٹ، رانا تنویر، اعزاز رفیق، افتخار اور ضیاس خان کے خلاف بھی مقدمہ ثابت نہیں کرسکی، لہٰذا عدالت شک کا فائدہ دیتے ہوئے ملزمان کو بری کررہی ہے۔ تحریری فیصلے میں لکھا گیا کہ ملزم حمزہ عظیم پاہٹ، رانا تنویر، اعزاز رفیق، افتخار اور ضیاس خان ضمانت پر ہیں اور ان کے ضامن بھی ذمہ داریوں سے بری ہوچکے ہیں جبکہ ملزم شاہ محمود قریشی زیر حراست ہیں، اگر وہ کسی اور کیس میں گرفتار نہ ہو تو اسے فوری رہا کیا جائے۔ تحریری فیصلے میں لکھا گیا ہے کہ عدالت ڈاکٹر یاسمین راشد، میاں محمود الرشید، اعجاز چودھری، عمر سرفراز چیمہ سمیت 8 دیگر ملزمان کو قصوروار سمجھتی ہے جس کی بنیاد پر انہیں 10، 10 سال قید بامشقت کی سزا کا حکم دیتی ہے۔ تحریری فیصلے کے مطابق ملزمان کو دفعہ 148 کے تحت 3 سال قید، دفعہ 440 کے تحت 3 سال قید اور 50 ہزار روپے جرمانہ کی سزا سنائی گئی ہے اور تمام سزائیں بیک وقت چلیں گی، تحریری فیصلے کے مطابق ملزمان کو سابقہ قید کا فائدہ دیا گیا ہے۔ عدالتی فیصلے میں لکھا گیا ہے کہ ڈاکٹر یاسمین راشد، میاں محمود الرشید، اعجاز چودھری، عمر سرفراز چیمہ زیر حراست ہیں۔ افضال عظیم پاہٹ، علی حسن عباس اور ریاض حسین کو پیشی پر گرفتار کرکے جیل حکام کے حوالے کیا گیا جبکہ خالد قیوم پاہٹ کیعدالت پیش نہ ہونے پر وارنٹ گرفتاری ایس ایچ او کو بھجوادیے گئے ہیں۔ عدالتی فیصلے میں لکھا گیا ہے کہ دقوعہ کی فوٹیجز اور آڈیو، ویڈیو کلپس میں ڈاکٹر یاسمین راشد اور دیگر ملزمان کی شناخت کی گئی، ویڈیوز میں حرکات، اشارے، آواز اور چہرے کی شناخت شامل ہیں۔ تمام ثبوت عدالت میں بطور ڈیجیٹل شہادت قابل قبول قرار دیئے گئے جبکہ سیف سٹی اتھارٹی کی ویڈیوز اور یو ایس بی میں موجود 9 ویڈیو کلپس کی فرانزک سائنس ایجنسی نے تصدیق کی ہے۔

بقیہ جات 24

ولہ میں صبح 6 تا شام 7 بجے کرفیو نافذ رہے گا۔ ضلعی انتظامیہ کے نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ کرفیو میں تمام تجارتی مراکز اور دکانیں بند ہوں گی جب کہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ انتظامیہ نے مسافروں کو بھی ہدایت کی ہے کہ کوڑ سے جنڈولہ تک مین شاہراہ اس دوران ہر قسم کی ٹریفک کے لئے بند رہے گی، شہری گھروں سے نہ نکلیں۔

بقیہ جات 25

انتقال کرگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اکتوبر 2023 سے اب تک غذائی قلت کے باعث اموات کی تعداد 111 ہوگئی۔ بین الاقوامی امدادی تنظیموں اور انسانی حقوق کے گروپوں نے غزہ میں بڑے پیمانے پر خوراک کی کمی سے خبردار کرتے ہوئے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ اس حوالے سے فوری اقدامات

بقیہ جات 26

کے رہنما عمر ایوب کے قابل ضمانت وارنٹ جاری کردیے۔ عمر ایوب، اعظم سواتی و دیگر کارکنان کے خلاف 4 اکتوبر کو احتجاج کے کیسز کی سماعت جج طاہر عباس سپرا نے کی۔ عدالت نے پی ٹی آئی کے سینئر اعظم خان سواتی کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور کرلی۔ عدالت نے غیر حاضر ملزمان کے ضمانتی مچلکے ضبط کرنے کا حکم دیتے ہوئے کیس کی سماعت 30 جولائی تک ملتوی کر

بقیہ جات 27

مقامی افراد نے لاش دیکھ کر حکام کو بتایا۔ حکام نے کہا کہ جی بی اسکاؤٹس نے اطلاع ملنے پر لاش کو نالے سے نکال کر چلاس میں اسپتال پہنچایا۔ ریسکیو حکام نے کہا کہ اب تک 6 لاشیں نکالی گئی ہیں جبکہ لاپتہ دیگر افراد کی تلاش جاری ہے۔ خیال رہے کہ دیامر میں بابوسر ریلے میں جاں بحق ڈاکٹر مشعال اور ان کے دیور کی میتیں لودھراں روانہ کردی گئی ہیں۔ واضح رہے کہ جاں بحق ہونے والے افراد لودھراں کے رہائشی تھے، جاں بحق ڈاکٹر کے والد بھی دیامر میں زخمی ہوئے تھے جبکہ 3 سال کا بیٹا بھی سیلاب میں لاپتہ ہوگیا تھا۔ فیملی ذرائع کے مطابق لودھراں کی سیاح ڈاکٹر فیملی کے 19 افراد کوسٹر میں گلگت بلتستان گئے تھے، کوسٹر میں موجود دیگر 16 افراد حفاظت سے

بقیہ جات 28

نہوں نے شہری شہباز بی بی کی جانب سے دائر درخواست کی سماعت کے دوران دیے۔ درخواست گزار نے مؤقف اختیار کیا کہ اس کا بیٹا مقدمات میں ملوث ہے اور اس وقت جیل میں قید ہے، تاہم خدشہ ہے کہ پولیس اسے جیل سے نکال کر جعلی پولیس مقابلے میں ماردے گی۔ سماعت کے دوران ایس پی سی ڈی ناصر پچوتا، اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل وقاص عمر کے ہمراہ پیش ہوئے۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت سے استدعا کی کہ ملزم کا جسمانی ریمانڈ نہ دیا جائے۔ اس پر چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیے کہ اگر ملزم کسی مقدمے میں ملوث ہے تو کیا اس کی تفتیش نہیں ہوگی؟ پولیس اگر تفتیش کرنا چاہتی ہے تو اسے قانون کے مطابق متعلقہ مجسٹریٹ سے رجوع کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ عدالت آئی جی پولیس یا دیگر افسران کو نہیں کہہ سکتی کہ وہ اپنے ماتحتوں کو تفتیش سے روک دیں۔ کسی کو بھی ساری زندگی کے لیے ریلیف نہیں دیا جاسکتا۔ چیف جسٹس نے یہ بھی کہا کہ آپ کی طرف سے دائر کردہ پہلے کی درخواست پر اعتراض لگا، وہ آپ نے واپس لے لی، اب دوبارہ وہی درخواست لے کر آگئے ہیں۔ اگر ملزم جیل میں ہے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق ہی کارروائی ہوگی۔ عدالت نے وکیل کی جانب سے درخواست واپس لینے کی بنیاد پر کیس نمٹا

بقیہ جات 29

پنے حق میں کوئی شواہد پیش نہیں کرسکے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پی ٹی آئی والے کہتے ہیں کہ ہم ریاست مدینہ کی بات کررہے تھے تو ہمیں 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ 190 ملین پاؤنڈ کیس کا جواب مذہبی نہیں نہ ہی ریاست مدینہ ہے، آپ قوم کو بتائیں کہ آپ نے بزنس ٹائیکون کے اربوں روپے کس طرح استعمال کیے؟ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بانی چیئرمین پی ٹی آئی کے بچوں کا حق ہے کہ وہ مہم چلائیں، وہ جہاں جارہے ہیں وہاں لوگوں کو بتائیں کہ ہمارے والد کو 190 ملین پاؤنڈ کرپشن کیس میں سزا ہوئی ہے، 190 ملین پاؤنڈ کیس کی فیکٹ شیٹ ساتھ لے کر جائیں اور جس سے بھی ملتے ہیں تو یہ بتائیں کہ یہ کرپشن کیس ہے سیاسی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ تاثر دینے کی کوشش کی جارہی ہے کہ 190 ملین پاؤنڈ کیس سیاسی کیس ہے۔

بقیہ جات 30

کی صورتحال انتہائی سنگین ہوچکی ہے، اسرائیلی فوج کی مستقل ناکہ بندی کے باعث مصر سرحد پر کھڑے امدادی ٹرکوں کو داخلے کی اجازت نہیں دی جارہی جس کے باعث فلسطینی ایک وقت کی روٹی کو بھی ترس گئے۔ اسرائیلی فوج کی بربریت پر تل ابیب میں نیتن یاہو حکومت کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ رپورٹس کے مطابق آٹے کے تھیلے اور فاقہ کش فلسطینی بچوں کی تصاویر اٹھائے اسرائیلی مظاہرین نے غزہ میں امداد کی فوری فراہمی اور جنگ بندی کا مطالبہ کیا۔

بقیہ جات 31

رٹ ارسال کر دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام کو ریلیف دیا جائے، چیف سیکرٹری کو روزانہ کی بنیاد پر پرائس کنٹرول کے حوالے سے رپورٹ ارسال ہوگی، پرائس کنٹرول ایکٹ پر عمل درآمد کریں۔ تینوں تحصیلوں میں ایس ڈی ایم صاحبان، پولیس مجسٹریٹس، لائیوسٹاک، فوڈ، زراعت، انڈسٹری، اوزان سمیت جملہ ذمہ داران بروقت کام کریں۔ "صارفین دکانداروں سے ریٹ لسٹ طلب کریں" جو دکاندار مصنوعی مہنگائی کا بحران، ذخیرہ اندوزی میں ملوث ہے اسکے خلاف عوام بلاخوف شکایات درج کروائیں تاکہ ایسے عناصر کو جیل بھیجا جائے۔ قانونی اخلاقی معاشرتی لحاظ سے ہمارا فرض ہے کہ عوام کو ریلیف دیں، چکن مٹن، سبزی پھل فروٹس، چینی دال، گوشت، بیف، پولٹری، گیس سلنڈر کی قیمتوں و معیار، پٹرول کی قیمتوں و پیمانے کا خیال رکھیں، دودھ دہی کی ملاوٹ کرنے والوں کو گرفتار، آئندہ ضلع میں کاروبار کرنے پر پابندی ہوگی، ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر ایس ڈی ایم بھمبر، برنالہ اور سماہنی نے کہا کہ ٹماٹر، ادرک لہسن کی قیمت میں روزانہ کیوں اضافہ ہوتا ہے، مقامی سطح پر پرائس کنٹرول کمیٹی ممبرز مشترکہ طور پر مہنگائی کنٹرول کرنے میں کردار ادا کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ انسپکٹر اوزان کی خصوصی طور پر بھمبر ضلع میں بھرپور چیکنگ کریں، اے ڈی لائیوسٹاک دودھ میں کیمیکل کے نمونہ جات کا سائنسی بنیادوں پر پرنٹر کے ذریعہ تحریری رزلٹ دیا کریں۔ عوامی ریلیف کے لیے مشترکہ کاوشیں

بقیہ جات 32

رانا سکندر حیات نے انکشاف کیا کہ انہوں نے خود میٹرک کے امتحانی سنٹرز کا دورہ کیا اور انتظامات کی نگرانی کی تاکہ نقل اور بدعنوانی کا خاتمہ ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شفاف امتحانی نظام کے ذریعے ہی محنتی طلبہ کو ان کا حق دیا جاسکتا ہے۔ اس موقع پر چیئرمین لاہور بورڈ زید بن مقصود نے بھی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ نقل کی روک تھام کے لیے تمام امتحانی مراکز میں کیمروں کے ذریعے نگرانی کی گئی، اور گیارہ ہزار سے زائد اسٹاف ممبران نے اپنی ڈیوٹیاں سرانجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ والدین پوزیشن حاصل کرنے والے بچوں پر فخر محسوس کر رہے ہیں، اور ایسے طلبہ ہی ملک کا روشن مستقبل ہیں۔ انہوں نے امتحانی عمل میں بہتری اور ٹیکنالوجی کے موثر استعمال پر بھی زور دیا۔ واضح رہے کہ رواں سال میٹرک امتحانات کے نتائج کے بعد تعلیمی حلقوں اور والدین کی جانب سے صوبائی حکومت کے اقدامات کو سراہا جارہا ہے۔

بقیہ جات 33

، 2024 میں 17 خودکش دھماکے ہوئے جن میں 139 جاں بحق اور 134 افراد زخمی ہوئے۔ اسی طرح 2023 میں 29 حملوں میں 329 افراد جاں بحق اور 582 زخمی ہوئے جبکہ 2022 میں ان حملوں کی تعداد 15 رہی جن میں 101 افراد جاں بحق اور 290 افراد زخمی ہوئے تھے۔ 2021 میں سب سے کم حملے ہوئے، اس سال صرف چار حملے ہوئے تھے جن میں 15 افراد جاں بحق اور 41 افراد زخمی ہوئے تھے۔

بقیہ جات 34

ہوٹل کے باہر موجود تھے، جہاں پولیس نے انہیں کچھ دیر کے لیے حراست میں لیا۔ بعدازاں انہیں تھانہ نیو ٹاؤن منتقل کیا گیا جہاں ابتدائی پوچھ گچھ کے بعد انہیں چھوڑ دیا گیا۔ رہائی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے راجہ بشارت نے کہا کہ میرے خلاف درج تمام مقدمات میں عدالتوں سے ضمانت کنفرم ہوچکی ہے، اس کے باوجود حراست میں لینا غیر قانونی اور سیاسی انتقام کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے اوچھے ہتھکنڈوں سے گھبرانے والے نہیں، تحریک انصاف کی سیاسی اور قانونی جدوجہد پہلے سے زیادہ مضبوطی سے جاری رہے گی۔ واضح رہے کہ راجہ بشارت ان پی ٹی آئی رہنماؤں میں شامل ہیں جن کے خلاف 9 مئی کے واقعات کے بعد مختلف مقدمات درج کیے گئے تھے، تاہم انسداد دہشت گردی عدالت سے وہ تمام مقدمات میں ضمانت حاصل کر چکے ہیں۔

بقیہ جات 35

ایک زیر حراست ملزم انور ملنگی پولیس ٹیم کے ہمراہ ریکوری کے لیے جا رہا تھا۔ اس دوران ان کے ساتھیوں نے پولیس ٹیم پر اچانک فائرنگ کردی۔ جوابی کارروائی میں زیر حراست ملزم انور ملنگی فائرنگ کی زد میں آکر موقع پر ہلاک ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ہلاک ملزم کے خلاف تین درجن سے زائد مقدمات درج تھے جن میں ڈکیتی، چوری اور دیگر سنگین جرائم شامل ہیں۔ سی سی ڈی حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کارروائی کے نتیجے میں ایک اور اہم مجرم کی گرفتاری کی راہ ہموار ہوچکی ہے، جس سے شہر میں جرائم پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ دوسرا واقعہ کاہنہ کے علاقے جھنڈو گاؤں کے قریب پیش آیا، جہاں گلبرگ پولیس کے زیر حراست ملزم سلیم مسیح کو جسمانی ریمانڈ پر برآمدگی کے لیے لے جایا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق جھنڈو گاؤں کے ایک خالی پلاٹ سے موٹر سائیکل برآمد کی گئی، تاہم

واپسی کے دوران نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے پولیس پر فائرنگ کردی۔ پولیس اہلکار محفوظ رہے لیکن زیر حراست ملزم سلیم مسیح فائرنگ کی زد میں آکر موقع پر دم توڑ گیا۔ دونوں واقعات میں پولیس کا موقف ہے کہ ملزمان اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہوئے، تاہم ان مبینہ مقابلوں کی شفافیت اور حقیقت جاننے کے لیے اعلیٰ سطح پر تفتیشی اقدامات کی بھی ضرورت

بقیہ جات 36

ولفن ٹیم پر بھی چاقو سے حملہ کرنے کی کوشش کی، جس پر شدید مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔ ڈولفن ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم عمران کو قابو میں لیا اور زخمی شہری کو ریسکیو کرکے قریبی ہسپتال منتقل کردیا۔ پولیس نے ملزم کے قبضے سے دو خطرناک چاقو برآمد کیے ہیں، جبکہ گرفتار ملزم کو مزید تفتیش کے لیے تھانہ ڈیفنس بی کے حوالے کردیا گیا ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ ایسے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں

بقیہ جات 37

مطابق پاکستان اور یو اے ای کے درمیان دوطرفہ تجارت 20.24 فیصد اضافے کے ساتھ 10.1 ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔ حال ہی میں پاک-یو اے ای مشترکہ وزارتی کمیشن کے 12 ویں اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، غذائی تحفظ، ہوابازی، آئی ٹی اور توانائی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ دوطرفہ تجارت اور صنعتی شراکت داری سے پاکستان کا درآمدی بل کم اور روزگار میں اضافہ ممکن ہے۔ ماہرین اقتصادیات کے مطابق نان ٹیرف رکاوٹیں ختم کرنے اور کسٹمز ہم آہنگ کرنے سے باہمی تجارت 5 سال میں دگنی ہوسکتی ہے۔ پاکستان کے آئی ٹی اور فن ٹیک شعبے خلیجی سرمایہ کاروں کے لیے خاصے پرکشش ہیں۔ کاروباری مشیر فیضان مجید نے اس حوالے سے بتایا کہ برآمدات میں اضافے کے لیے "دبئی فری زونز" کا استعمال اور تجارتی سہولت مراکز قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان اور یو اے ای کے درمیان دوطرفہ تعاون علاقائی استحکام اور معاشی ترقی کی راہ ہموار کرنے میں معاون ثابت

بقیہ جات 38

فظ نعیم الرحمن نے سرگودھا آمد پر مرکز جماعت اسلامی میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں مک مکا کی سیاست جاری ہے اور عوام کا استحصال کیا جا رہا ہے۔ ریزروسیٹوں کو ناجائز طریقے سے ن لیگ، پیپلز پارٹی اور جے یو آئی نے اپنے حق میں استعمال کیا جن پر نہ صرف نمائندے لائے گئے بلکہ انہی بنیادوں پر سینٹ میں بھی ممبران پہنچائے گئے۔ جو کہ آئین اور جمہوریت کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پی ٹی آئی قیادت نے احتجاج کی بجائے مک مکا کی راہ اختیار کی اور عوام کارکنان مقدمات، گرفتاریوں اور قربانیوں سے دوچار رہے جبکہ لیڈرشپ اقتدار کی بندربانٹ میں لگی رہی۔ انہوں نے سیاسی صورتحال کو "نورا کشتی" قرار دیتے ہوئے کہا کہ اب عوام باشعور ہوچکے ہیں اور ان کے چنگل سے نکلنے کو تیار ہیں۔ انہوں نے سیوریج، صاف پانی کی عدم دستیابی، کھلے عام منشیات کی فروخت، اور بلدیاتی اداروں کی بے اختیاری کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت بلدیاتی الیکشن کرانے سے بھاگ رہی ہے اور تمام اختیارات و فنڈز خود ہڑپ کیے جا رہے ہیں۔ اس گراس روٹ قیادت سے عوامی مسائل حل نہیں ہو رہے۔ جماعت اسلامی نے عوام کے درپیش مسائل پر مبنی "چارٹر آف ایشوز" مرتب کرنے اور ایک بھرپور عوامی تحریک شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو پورے ملک میں جاری تحریک کا حصہ ہوگی۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ بجلی کے نرخ اور ٹیکسز عوام کا خون چوسنے کا نیا حربہ ہیں۔ پروٹیکٹڈ صارف کے نام پر چھ مہینے کی شرط رکھی گئی وہ ظلم و زیادتی کے مترادف ہے۔ اگر ایک ماہ 200 کی بجائے صارف 201 یونٹ استعمال کرلے تو اس کا بل یکدم ہزاروں روپے بڑھ جاتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ 244 ارب روپے کی اوور بلنگ کا جو انکشاف آڈیٹر جنرل کی رپورٹ میں سامنے آیا ہے، وہ وزیر اعظم اور متعلقہ اداروں کی ناکامی کا کھلا ثبوت ہے۔ اس لوٹ مار پر جوابدہی ہونی چاہیے اور جماعت اسلامی قانونی چارہ جوئی کرے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ حکمران طبقہ اپنی مراعات، فری بجلی، بڑی گاڑیاں اور بے جا اخراجات کم نہیں کرتے، لیکن عوام پر روز بروز بوجھ بڑھاتے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی عوام درپیش مسائل کے حل کے لیے احتجاجی تحریک کو وسعت دے گی اور عوام کے حقوق کی جنگ ہر فورم پر لڑے گی۔ حافظ نعیم الرحمن نے امراسے ملاقات میں عوامی رابطہ کو فعال اور رکنیت سازی مہم کو تیز کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ جات 39

اور چائلڈ ویلفیئر سنٹر ٹاؤن شپ دکانوں شامل تھیں۔ پلاٹ نمبر 26اے 3 کروڑ 98لاکھ 94ہزار روپے جبکہ پلاٹ نمبر 25اے 3 کروڑ 60لاکھ روپے میں نیلام ہوا۔ پلاٹ نمبر 4 2اے 3 کروڑ 4 6لاکھ روپے جبکہ پلاٹ نمبر 3 2اے 3 کروڑ 8 6لاکھ روپے اور پلاٹ نمبر 22اے 3 کروڑ 70لاکھ روپے میں نیلام ہوا۔ پلاٹ نمبر 0 4، چار کروڑ 0 1لاکھ روپے، پلاٹ نمبر 39، چار کروڑ روپے میں اور پلاٹ نمبر 38 تین کروڑ 8 8لاکھ روپے میں نیلام ہوا۔ پلاٹ نمبر 37 چار کروڑ جبکہ پلاٹ نمبر 19 دو کروڑ 80لاکھ روپے اور پلاٹ نمبر 1 7 دو کروڑ 0 6لاکھ روپے، پلاٹ نمبر 6 1دو کروڑ 4 4لاکھ جبکہ پلاٹ نمبر 5 1 کارنر دو کروڑ 0 9لاکھ، پلاٹ نمبر 8 1 دو کروڑ 0 7لاکھ، پلاٹ نمبر 1 3اے، کارنر 3 کروڑ 2 4لاکھ جبکہ پلاٹ نمبر 1 3بی دو کروڑ 7 6لاکھ روپے میں نیلام ہوا۔ پلاٹ نمبر 31ای دو کروڑ 90لاکھ، پلاٹ نمبر 32اے دو کروڑ 4 9لاکھ، پلاٹ نمبر 3 3اے تین کروڑ 10لاکھ، پلاٹ نمبر 27بی ایک کروڑ 90لاکھ، پلاٹ نمبر 2 7سی ایک کروڑ 0 8لاکھ اور پلاٹ نمبر 7 2ڈی کارنر دو کروڑ 2 6لاکھ، پلاٹ نمبر 1 کارنر تین کروڑ 6 1لاکھ، پلاٹ نمبر 2 دو کروڑ 36لاکھ، پلاٹ نمبر 3 دو کروڑ 11لاکھ روپے میں نیلام ہوا۔ پلاٹ نمبر 4 دو کروڑ 8لاکھ، پلاٹ نمبر 5 ایک کروڑ 8 8لاکھ، پلاٹ نمبر 6 ایک کروڑ 4 7لاکھ، پلاٹ نمبر 6 4 کارنر تین کروڑ 17لاکھ، پلاٹ نمبر 47 دو کروڑ 60لاکھ، پلاٹ نمبر 8 4 کارنر دو کروڑ 2 6لاکھ، پلاٹ نمبر 53 کارنر دو کروڑ 1 7لاکھ، پلاٹ نمبر 4 5ایک کروڑ 7 6لاکھ، پلاٹ نمبر 55 ایک کروڑ 3 5لاکھ روپے میں نیلام ہوا۔ پلاٹ نمبر 6 5ایک کروڑ 60لاکھ، پلاٹ نمبر 57 ایک کروڑ 92لاکھ، پلاٹ نمبر 58 ایک کروڑ 56لاکھ روپے میں نیلام ہوا۔ پلاٹ نمبر 9 5ایک کروڑ 4 4لاکھ، پلاٹ نمبر 60 ایک کروڑ 51لاکھ، پلاٹ نمبر 61 کارنر ایک کروڑ 0 8لاکھ روپے میں نیلام ہوا۔ پلاٹ نمبر 3 1 کارنر چائلڈ ویلفیئر سنٹر ایک کروڑ 2 2لاکھ، پلاٹ نمبر 1 4 چائلڈ ویلفیئر سنٹر 3 7لاکھ، پلاٹ نمبر 5 1 چائلڈ ویلفیئر سنٹر 0 8لاکھ، پلاٹ نمبر 16 چائلڈ ویلفیئر سنٹر 85لاکھ روپے میں نیلام ہوا۔ پلاٹ نمبر 1 7 (کارنر) چائلڈ ویلفیئر سنٹر ایک کروڑ 12لاکھ روپے میں نیلام ہوا۔ ایل ڈی اے آکشن کمیٹی کے اراکین نے نیلامی کی نگرانی کی۔ ایڈیشنل ڈی جی ہیڈکوارٹر، ڈائریکٹر فنانس، ڈائریکٹر آکشن، ڈائریکٹر ہاؤسنگ، ڈائریکٹر ریونیو، ڈائریکٹر ہاؤسنگ فور اور متعلقہ افسران نے نیلام عام میں شرکت کی۔

بقیہ جات 40

آلودہ پانی کو صاف کرنے کیلئے بائیو ماس سے ماخوذ کاربن ڈاٹس ایمبیڈ ڈبائیو پلاسٹک کو ایک ڈوئل موڈ آن سائٹ نینو پلیٹ فارم ہے اس کامیابی پر وائس چانسلر پروفیسر کلثوم پراچہ نے کہا کہ دونوں اساتذہ کو نیشنل ریسرچ پروگرام برائے یونیورسٹیز کے تحت انتہائی مسابقتی تحقیقی گرانٹس حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں یہ ان کیلئے اور یونیورسٹی کیلئے ایک بڑا اعزاز ہے یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ویمن یونیورسٹی میں ہونے والی ریسرچ اعلیٰ کوالٹی کی

ہے موثر تحقیقی نتائج اور کمیونٹی فوائد سے جڑی ہے ویمن یونیورسٹی کی ریسرچ کو اب ملکی اور غیر ملکی سطح پر سراہا جارہا ہے ریسرچ کا میدان طالبات سے لیکر اساتذہ سب کیلئے کھلا ہے یونیورسٹی انتظامیہ ان کی ہر ممکن مدد کیلئے تیار ہے ہمیں یقین ہے ہماری اساتذہ اور طالبات ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتی جائیں گی،

بقیہ جات 41

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 10 افراد اپنی جان کی بازی ہار گئے جب کہ 13 افراد زخمی ہوئے، صوبہ پنجاب میں سب سے زیادہ 139 اموات رپورٹ ہوئیں، خیبر پختونخوا میں 60، سندھ میں 24 اور بلوچستان میں 16 افراد جان سے گئے۔ شدید بارشوں اور سیلاب کے باعث ملک بھر میں ہنگامی صورتحال ہے، متاثرہ علاقوں میں فوری امدادی کارروائیوں اور بحالی کے اقدامات کا مطالبہ زور پکڑ گیا ہے۔

بقیہ جات 42

فارمنگ آرٹس جیسے جدید شعبوں کے ذریعے اساتذہ کی تربیت ایک قابل تقلید اور انقلابی قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک کثیر الثقافتی ملک ہے جہاں مختلف زبانیں، مذاہب اور ثقافتیں ہم آہنگی کے ساتھ پھل پھول رہی ہیں۔ "یونیک ادارے میں مسیحی اساتذہ اور طلبہ کی شمولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ ادارہ قومی ہم آہنگی اور بین المذاہب یکجہتی کو فروغ دے رہا ہے۔ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں مسیحی برادری کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔" رمیش سنگھ اروڑہ نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت تعلیم کے فروغ کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال بڑھا رہی ہے۔ ہم نے صوبہ بھر میں ای لرننگ کا آغاز کردیا ہے اور اب طلبہ کے لیے خصوصی کوچنگ کلاسز کا دائرہ بھی وسیع کر رہے ہیں تاہم اساتذہ کی تربیت قوم کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ تقریب سے چیئرمین یونیک گروپ عبدالمنان خرم نے بھی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہوتے ہیں، ان کے کردار کی اہمیت کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ آج کا استاد صرف ایک مضمون پڑھانے والا نہیں بلکہ ایک رہنما، ایک مشعل راہ، اور ایک فکری معمار ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یونیک گروپ تعلیم کے شعبے میں جدت اور شفافیت کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے، اور طلبہ کی کردار سازی کو اولین ترجیح دی جارہی ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے طلبہ نہ صرف علمی اعتبار سے مضبوط ہوں بلکہ اخلاقی، سماجی اور ثقافتی سطح پر بھی ایک روشن مثال بنیں۔ تقریب کے اختتام پر تربیتی سیشن میں شریک اساتذہ کو اعزازی اسناد بھی دی گئیں جبکہ معروف ڈرامہ نگار حسیب پاشا اور دیگر کو بھی یادگاری شیلڈز سے نوازا گیا۔

بقیہ جات 43

کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی کیلئے بھرپور اقدامات جاری رہیں گے۔ تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ ورلڈ پولیس اینڈ فائر گیمز میں 80 سے زائد ممالک کی لاء انفورسمنٹ ایجنسیز کے کھلاڑیوں اور فائر فائٹرز نے حصہ لیا۔ سب انسپکٹر فرقان احمد خان نے گریکو رومن اور فری سٹائل ریسلنگ میں 02 کانسی کے تمغے جیتے۔ فرقان احمد خان پہلوان نے ریسلنگ مقابلے میں امریکہ اور منگولیا کے پہلوانوں کو شکست دی۔ امریکہ میں ہونے والی ورلڈ پولیس اینڈ فائر گیمز میں پاکستان کے واحد کھلاڑی نے پنجاب پولیس کی نمائندگی کی۔

بقیہ جات 44

کے لیے پاکستان کے عزم کا اظہار کیا ہے اور تمام مسائل کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف سے عالمی بینک کے مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان (مینا پ) کے ریجنل نائب صدر عثمان ڈیون نے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے پاکستان کے ساتھ طویل شراکت داری پر عالمی بینک بالخصوص عالمی بینک کے صدر اجے بنگا اور پاکستان کے لئے عالمی بینک کے سابق کنٹری ڈائریکٹر ناجی بن حسائن کا پاکستان کے لیے نئے کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک (سی پی ایف) کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کرنے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان کی ترقی کی ترجیحات بالخصوص توانائی، انسانی وسائل، ماحولیاتی تبدیلی اور گورننس کے شعبوں میں اصلاحات کیلئے سی پی ایف کے سٹریٹجک کردار کو سراہا۔ وزیراعظم نے سندھ طاس معاہدے جیسے اہم بین الاقوامی معاہدے کو نقصان پہنچانے کے بھارت کے یکطرفہ اور غیر قانونی اقدامات کی روشنی میں پاکستان کے جائز مؤقف کے لیے عالمی بینک کی اصولی حمایت کو سراہا۔ انہوں نے بین الاقوامی قانون کی پاسداری، خوشحالی کے حصول اور علاقائی امن کو برقرار رکھنے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے تمام مسائل کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے کے لیے پاکستان کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ وزیراعظم نے 2022 کے تباہ کن سیلاب کے دوران عالمی بینک کی بروقت اور فراخدلانہ مدد پر شکریہ ادا کیا جس نے پاکستان کو فوری امدادی سرگرمیاں اور تعمیر نو اور بحالی کے اقدامات شروع کرنے میں مدد کی۔ عثمان ڈیون نے پاکستان کے دورے کے دوران پرتپاک مہمان نوازی پر وزیراعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پاکستان کی دیرینہ شراکت داری اور معیشت کے اہم شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے عالمی بینک کے عزم کا اعادہ کیا۔ ڈیون نے پاکستان کی جاری میکرو اکنامک بحالی کو سراہتے ہوئے ملک کو مالیاتی استحکام اور پائیدار ترقی کی طرف لے جانے پر وزیراعظم شہباز شریف کی حکومت کی تعریف کی۔ انہوں نے موجودہ انتظامیہ کے اصلاحاتی ایجنڈے کو بھی بالخصوص سراہا۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف کی مضبوط قیادت کو ادارہ جاتی اصلاحات آگے بڑھانے، سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے اور جامع اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کیلئے اہم قرار دیا۔ ملاقات میں حکومت پاکستان اور عالمی بینک کی جانب سے طویل المدتی ترقیاتی اہداف کے حصول اور پاکستان کے عوام کے خوشحال مستقبل کی تعمیر کے لئے آئندہ سالوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے مشترکہ عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ جات 45

بدھ مت کے آثار قدیمہ کے تحفظ اور فروغ کیلئے باہمی تعاون کو مزید وسعت دی جائے گی۔ انڈونیشین سفارتکار نے ملاقات کے دوران شہر بالی کا تعارف کرایا جو کہ اپنی قدیم تہذیب، خاص طور پر بدھ مت کے مندروں اور مجسموں کے لیے مشہور ہے۔ انہوں نے پنجاب اور سندھ کے دوروں کا ذکر کرتے ہوئے پاکستانی عوام کی مہمان نوازی اور محبت کو سراہا اور کہا کہ انہوں نے صوفی مزارات کا بھی دورہ کیا جہاں انسانیت، محبت اور رواداری کا پیغام نمایاں طور پر دکھائی دیتا ہے۔ انہوں نے ملتان کے آموں کی خوشبو اور ذائقے کو دنیا میں بے مثال قرار دیا اور دونوں ممالک کے درمیان عوامی روابط بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اقتصادی اور ثقافتی شعبوں میں مزید تعاون کی تجویز دی تاکہ آنے والی نسلیں اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ وفاقی وزیر اورنگزیب کھچی نے کہا کہ پاکستان انڈونیشیا کو ایک بڑے مسلم بھائی کی حیثیت سے دیکھتا ہے اور 1965 کی جنگ میں انڈونیشیا کی حمایت کو ہمیشہ یاد رکھتا ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان قدیم تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے انڈونیشی سفارتکار کو ٹیکسلا، تخت بھائی اور شاہ اللہ دتہ کے بدھ

مت ورثہ کے مقامات کے دورے کی دعوت دی۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ اسلام آباد میں ایک "بدھ مت مرکز" قائم کیا جارہا ہے جہاں دنیا بھر سے آنے والے سیاحوں اور محققین کو پاکستان میں بدھ مت ورثہ کی جھلک دکھائی جائے گی۔ انہوں نے ویزا پالیسی میں آسانی پیدا کرنے کے حکومتی اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ غیر ملکی سیاحوں، خصوصاً بدھ مت زائرین کے لیے تمام ممکنہ سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان نے دنیا کے تقریباً 90 ممالک کے ساتھ ثقافتی مفاہمتی یادداشتیں (MoUs) طے کی ہیں اور انڈونیشیا کے ساتھ بھی نئی یادداشتوں کے مسودے پر کام کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ ثقافتی تبادلوں اور ورثہ کے تحفظ کو فروغ دیا جاسکے۔ وفاقی وزیر نے انڈونیشیا کو نومبر میں ہونے والے "لوک ورثہ میلہ" میں شرکت کی دعوت دی اور کہا کہ یہ عوامی روابط کو مضبوط بنانے کا بہترین موقع ہوگا۔ انہوں نے پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس کو انڈونیشی فنکاروں کے لیے مفت پلیٹ فارم کے طور پر پیش کیا۔ دونوں فریقین نے سیاحتی تعاون، تاریخی تصویری ریکارڈز جمع کرنے اور دونوں ممالک کی مشترکہ وراثت کو اجاگر کرنے کے لیے فوکل پرسن مقرر کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ وزیر نے نیشنل لائبریری آف پاکستان میں "انڈونیشین کارنر" قائم کرنے پر انڈونیشین سفارتخانے کو سراہا۔ اورنگزیب خان کھچی نے کہا کہ پاکستان میں تمام اقلیتوں کو برابر کے حقوق حاصل ہیں اور حکومت تمام مذاہب کے ثقافتی ورثے کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان ملک کو درپیش چیلنجز سے نکالنے اور ترقی و خوشحالی کی جانب لے جانے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہے ہیں۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے کو ثقافتی کتب اور روایتی تحائف پیش کیے۔ اس موقع پر "دینیٹی اسفیئر انسٹی ٹیوٹ آف آرٹس اینڈ ڈیزائن" کے سی ای او، جناب عثمان شاہ بھی موجود تھے۔

بقیہ جات 46

بدھ مت کے آثار قدیمہ کے تحفظ اور فروغ کیلئے باہمی تعاون کو مزید وسعت دی جائے گی۔ انڈونیشین سفارتکار نے ملاقات کے دوران شہر بالی کا تعارف کرایا جو کہ اپنی قدیم تہذیب، خاص طور پر بدھ مت کے مندروں اور مجسموں کے لیے مشہور ہے۔ انہوں نے پنجاب اور سندھ کے دوروں کا ذکر کرتے ہوئے پاکستانی عوام کی مہمان نوازی اور محبت کو سراہا اور کہا کہ انہوں نے صوفی مزارات کا بھی دورہ کیا جہاں انسانیت، محبت اور رواداری کا پیغام نمایاں طور پر دکھائی دیتا ہے۔ انہوں نے ملتان کے آموں کی خوشبو اور ذائقے کو دنیا میں بے مثال قرار دیا اور دونوں ممالک کے درمیان عوامی روابط بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اقتصادی اور ثقافتی شعبوں میں مزید تعاون کی تجویز دی تاکہ آنے والی نسلیں اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ وفاقی وزیر اورنگزیب کھچی نے کہا کہ پاکستان انڈونیشیا کو ایک بڑے مسلم بھائی کی حیثیت سے دیکھتا ہے اور 1965 کی جنگ میں انڈونیشیا کی حمایت کو ہمیشہ یاد رکھتا ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان قدیم تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے انڈونیشی سفارتکار کو ٹیکسلا، تخت بھائی اور شاہ اللہ دتہ کے بدھ مت ورثہ کے مقامات کے دورے کی دعوت دی۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ اسلام آباد میں ایک "بدھ مت مرکز" قائم کیا جارہا ہے جہاں دنیا بھر سے آنے والے سیاحوں اور محققین کو پاکستان میں بدھ مت ورثہ کی جھلک دکھائی جائے گی۔ انہوں نے ویزا پالیسی میں آسانی پیدا کرنے کے حکومتی اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ غیر ملکی سیاحوں، خصوصاً بدھ مت زائرین کے لیے تمام ممکنہ سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان نے دنیا کے تقریباً 90 ممالک کے ساتھ ثقافتی مفاہمتی یادداشتیں (MoUs) طے کی ہیں اور انڈونیشیا کے ساتھ بھی نئی یادداشتوں کے مسودے پر کام کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ ثقافتی تبادلوں اور ورثہ کے تحفظ کو فروغ دیا جاسکے۔ وفاقی وزیر نے انڈونیشیا کو نومبر میں ہونے والے "لوک ورثہ میلہ" میں شرکت کی دعوت دی اور کہا کہ یہ عوامی روابط کو مضبوط بنانے کا بہترین موقع ہوگا۔ انہوں نے پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس کو انڈونیشی فنکاروں کے لیے مفت پلیٹ فارم کے طور پر پیش کیا۔ دونوں فریقین نے سیاحتی تعاون، تاریخی تصویری ریکارڈز جمع کرنے اور دونوں ممالک کی مشترکہ وراثت کو اجاگر کرنے کے لیے فوکل پرسن مقرر کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ وزیر نے نیشنل لائبریری آف پاکستان میں "انڈونیشین کارنر" قائم کرنے پر انڈونیشین سفارتخانے کو سراہا۔ اورنگزیب خان کھچی نے کہا کہ پاکستان میں تمام اقلیتوں کو برابر کے حقوق حاصل ہیں اور حکومت تمام مذاہب کے ثقافتی ورثے کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان ملک کو درپیش چیلنجز سے نکالنے اور ترقی و خوشحالی کی جانب لے جانے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہے ہیں۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے کو ثقافتی کتب اور روایتی تحائف پیش کیے۔ اس موقع پر "دینیٹی اسفیئر انسٹی ٹیوٹ آف آرٹس اینڈ ڈیزائن" کے سی ای او، جناب عثمان شاہ بھی موجود تھے۔

بقیہ جات 47

نے والے مظالم کی شدید مذمت کی۔ اسحاق ڈار نے اپنے خطاب میں کہا کہ اسرائیل کی جانب سے اسپتالوں، اسکولوں، اقوام متحدہ کی تنصیبات، اور پناہ گزین کیمپوں کو نشانہ بنانا ایک سوچا سمجھا منصوبہ ہے جس کا مقصد فلسطینیوں کو اجتماعی سزا دینا تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اور جنرل اسمبلی کی متعدد قراردادوں کے بھی خلاف ہیں۔ نائب وزیراعظم نے فلسطینی مسئلے کو اقوام متحدہ کی ساکھ اور اثر کا امتحان قرار دیتے ہوئے کہا کہ اگر اس مسئلے کا حل نہ نکالا گیا تو اقوام متحدہ کی ساکھ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اسحاق ڈار نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ فوری جنگ بندی اور انسانی امداد کی بلا رکاوٹ رسائی کو یقینی بنائے تاکہ فلسطینی عوام کی تکالیف کم کی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ فلسطین میں یہودی آبادکاریاں بند اور ہنگامی انسانی بنیاد پر امداد فوری طور پر غیر مشروط بحال کی جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اسرائیل شام کی گولان کی پہاڑیوں اور دیگر رقبے سے بھی پیچھے ہٹ جائے اور 1967ء کے وقت کی سرحدیں بحال کی جائیں اور اسرائیل یہودی آبادیوں کو ملانے کے منصوبے سے بھی باز رہے۔ اسحاق ڈار نے مشرق وسطیٰ میں پائیدار اور جامع امن کے لیے شام، لبنان اور ایران کے مسائل کے حل کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اسحاق ڈار نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ وقت آچکا ہے کہ فلسطینی عوام کو انصاف، آزادی، وقار اور اپنی خودمختار ریاست کے حقوق دیے جائیں۔ اس سلسلے میں دفتر خارجہ کی جانب سے ایکس پر بھی پیغام جاری کیا گیا جس میں کہا گیا کہ پاکستان کی سربراہی میں اس مباحثے کو وزیر سطح تک اپ گریڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ جات 48

ماہرین اقتصادیات کے مطابق نان ٹیرف رکاوٹیں ختم کرنے اور کسٹمز ہم آہنگ کرنے سے باہمی تجارت 5 سال میں دگنی ہوسکتی ہے۔ پاکستان کے آئی ٹی اور فن ٹیک شعبے خلیجی سرمایہ کاروں کے لیے خاصے پرکشش ہیں۔ کاروباری مشیر فیضان مجید نے اس حوالے سے بتایا کہ برآمدات میں اضافے کے لیے "دبئی فری زونز" کا استعمال اور تجارتی سہولت مراکز قائم کرنے کی ضرورت ہے۔

اطلاع عام

بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امجد نذیر ولد نذیر احمد قوم بھٹی شناختی کارڈ نمبر 33402-0431542-5 ساکن چنگڑانوالہ تحصیل لالیاں ڈسٹرکٹ چنیوٹ۔ نے عمران رضا ولد سید محمد ثقلین شاہ زیدی قوم سید شناختی کارڈ نمبر 33100-4296312-9 سے مکان تعدادی 3 مرلے واقع چاہ وڈا گلی محلہ مسجد مکان نمبر 7 موضع چنیوٹ نمبر 2 تحصیل و ضلع چنیوٹ کا معاہدہ بیع کیا۔ ہے تاکہ وہ پراپرٹی مذکورہ بالا کو اپنے نام ٹرانسفر کرواسکے اس ضمن میں اگر کسی فرد سرکاری و غیر سرکاری ادارے بینک یا مالیاتی ادارہ وغیرہ کو اس معاہدہ یا ملکیت اراضی پر کسی قسم کا اعتراض ہو تو 7 یوم کے اندر ہمارے درج ذیل نمائندہ کو بمعہ ثبوت تحریری طور پر مطلع کریں معیاد گزرنے کے بعد کسی قسم کا کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر: امجد نذیر ولد نذیر احمد موضع چنگڑانوالہ تحصیل و ضلع چنیوٹ

طاہر فاروق کی خصوصی کاوشوں سے 30 سال سے تجاوزات بنے پلاٹ جناح مارکیٹ میں تبدیل

ایل ڈی اے نے جناح مارکیٹ، چائلڈ ویلفیئر سینٹر ٹاؤن شپ کے 45 کمرشل پلاٹ ایک ارب 11 کروڑ 55 لاکھ 94 ہزار روپے میں نیلام کر دیئے

ایڈیشنل ڈی جی ہیڈ کوارٹر، ڈائریکٹر فنانس، ڈائریکٹر آکشن، ڈائریکٹر ہاؤسنگ، ڈائریکٹر ریونیو، ڈائریکٹر ہاؤسنگ فور اور متعلقہ افسران نے نیلام عام میں شرکت کی

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی خصوصی کاوشوں سے ایل ڈی اے نے 30 سال سے تجاوزات بنے پلاٹوں کو جناح مارکیٹ میں تبدیل کر کے ریکارڈ ایک ارب سے زائد کا ریونیو اکٹھا کر لیا۔ ایل ڈی اے نے گزشتہ روز رواں مالی سال کے پہلے نیلام عام میں ایک ارب سے زائد کا ریونیو اکٹھا کیا۔ وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد نے ایکسپو سنٹر جوہر ٹاؤن میں نیلامی کے عمل کا خود جائزہ لیا۔ ایل ڈی اے نے جناح مارکیٹ، چائلڈ ویلفیئر سینٹر ٹاؤن شپ کے 45 کمرشل پلاٹ ایک ارب 11 کروڑ 55 لاکھ 94 ہزار روپے میں نیلام کیے۔ نیلام عام میں جناح مارکیٹ (بقیہ نمبر 39)

لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی، حکومت پنجاب
LahoreDevelopmentAuthority
@LahoreDevelopmentAuthority
ldaofficial
@LHRDevAuthority
UAN : 042-111-111-532
SCAN QR CODE FOR SITE MAP
ورڈ ویلپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے کاروباری افراد کے

وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد آکشن کمیٹی کے ہمراہ نیلام عام کا جائزہ لے رہے ہیں

مک مکا کی سیاست اور عوام کا استحصال کیا جا رہا ہے، حافظ نعیم الرحمن

ریزرو سیٹوں کو ناجائز طریقے سے ن لیگ، پیپلز پارٹی اور جے یو آئی نے اپنے حق میں استعمال کیا

جماعت اسلامی عوام کو درپیش مسائل پر ”چارٹر آف ایشوز“ مرتب کر کے بھرپور تحریک شروع کرے گی، حافظ نعیم الرحمٰن

سرگودھا (این این آئی) جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن نے ملک میں عوامی استحصال، مہنگی بجلی سے بھاری بلوں، بلدیاتی اداروں کی بے اختیاری، اور بنیادی سہولیات کی بدترین صورتحال پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی عوام کو درپیش مسائل پر ”چارٹر آف ایشوز“ مرتب کر کے بھرپور تحریک شروع کرے گی جو کہ پورے ملک میں جاری تحریک کا حصہ ہوگی۔ ذرائع کے مطابق جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن نے سرگودھا آمد پر مرکز جماعت اسلامی میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں مک مکا کی سیاست جاری ہے اور عوام کا استحصال کیا جا رہا ہے۔ (بقیہ نمبر 38)

لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کا چیئرمین یونیک گروپ آف انسٹی ٹیوشنز عبدالمنان خرم، فیکلٹی ممبران اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

ڈالر کی قیمت میں بڑی کمی کا امکان ہے، ذخیرہ اندوزی نہ کریں، ملک بوستان

اگر ہنڈی حوالہ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہا تو ڈالر کی قیمت 250 روپے تک بھی گر سکتی ہے

کراچی (این این آئی) ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین ملک بوستان نے کہا ہے کہ ڈالر کی قیمت میں اب مزید اضافہ نہیں ہوگا اور عوام ڈالر کی ذخیرہ اندوزی سے گریز کریں کیونکہ ڈالر کی قیمت 270 روپے تک واپس آنے کا امکان ہے۔ ملک بوستان نے کہا کہ حالیہ دنوں میں ڈالر کی قدر میں اضافے کی ایک بڑی وجہ افغانستان اور ایران میں اسمگلنگ ہے، جہاں اسمگلرز کے ایجنٹس قانونی منی چینجرز سے زیادہ نرخ کی پیشکش کر کے مارکیٹ سے ڈالر خرید رہے ہیں اور اس وجہ سے لیگل منی چینجرز کے کاؤنٹرز پر ڈالر کی سپلائی کم ہو گئی ہے اور ڈالر گرے اور بلیک مارکیٹ میں فروخت ہو رہا ہے۔

فلائی جناح طیارے سے بورڈنگ برج ٹکرا گیا، دروازے کو نقصان پہنچا

ریاض جانے والی فلائی جناح کی پرواز کے ایل ون دروازے پر بورڈنگ برج کے ٹکرانے سے ڈینٹ پڑ گیا

فلائی جناح انتظامیہ نے ایئرپورٹ منیجر کو مراسلہ بھیج کر آپریٹر کے سرٹیفکیٹ اور انسپکشن رپورٹ طلب کر لی

لاہور (زیڈ این این) لاہور سے ریاض جانے والی فلائی جناح کی پرواز نائن پی 580 کو اُس وقت حادثے کا سامنا کرنا پڑا جب پسنجر بورڈنگ برج طیارے سے ٹکرا گیا۔ حادثہ طیارے کے ایل ون دروازے پر پیش آیا جس کے باعث دروازے پر واضح ڈنٹ پڑ گیا۔ واقعہ کے بعد فلائی جناح کی انتظامیہ نے فوری طور پر تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے اور ایئرپورٹ منیجر کو باقاعدہ مراسلہ بھیج دیا گیا ہے۔ فلائی جناح انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ مراسلے میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ ایئرپورٹ حکام فوری طور پر متعلقہ بورڈنگ برج آپریٹر کے سرٹیفکیٹ کی جانچ پڑتال کریں، جبکہ پسنجر بورڈنگ برج نمبر 7 کی یومیہ انسپکشن رپورٹ بھی فراہم کی جائے تاکہ واقعے کی مکمل تحقیقات ممکن بنائی جا سکیں۔ فلائی جناح حکام کا کہنا ہے کہ طیارے کی مرمت اور مسافروں کی حفاظت اولین ترجیح ہے، اور اس قسم کے واقعات کی روک تھام کے لیے جامع اقدامات کیے جائیں گے۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق واقعے کے وقت طیارے میں مسافر سوار نہیں ہوئے تھے، تاہم حفاظتی اقدامات کے پیش نظر پرواز میں معمولی تاخیر ہوئی۔ مزید کارروائی ایوی ایشن سیفٹی ضوابط کے مطابق جاری ہے۔

موت کے بعد حمیرا اصغر کی واٹس ایپ ڈی پی کیسے غائب ہوئی؟ سوال نے تفتیشی ٹیم کو الجھا دیا

کراچی (این این آئی) کراچی کے پوش علاقے ڈیفنس میں کئی ماہ پرانی لاش ملنے کے بعد اداکارہ و ماڈل حمیرا اصغر کی موت معمہ بنتی جا رہی ہے۔ اداکارہ کی پراسرار گمشدگی، ان کے واٹس ایپ اکاؤنٹ پر ہونے والی سرگرمیوں اور لاش کے ساتھ برآمد ہونے والے مشکوک شواہد نے کئی سوالات کو جنم دے دیا ہے۔ اداکارہ حمیرا اصغر کی لاش ان کے فلیٹ سے اس وقت ملی جب گمشدگی کی شکایت پر تفتیش شروع کی گئی۔ ابتدائی تفتیش میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ اداکارہ کی موت سات یا آٹھ اکتوبر 2024 کو واقع ہوئی۔

ویمن یونیورسٹی ملتان کی دو اساتذہ نے ایک اور سنگ میل طے کر لیا

یونیورسٹی کی دو ٹیچرز نے ایک کروڑ 90 لاکھ کی ریسرچ گرانٹ حاصل کر لی: ترجمان

ملتان (خبر نگار) دی ویمن یونیورسٹی ملتان کی دو ٹیچرز نے ایک کروڑ 90 لاکھ کی ریسرچ گرانٹ حاصل کر لی ترجمان کے مطابق ویمن یونیورسٹی کی دو اساتذہ نے ایک اور سنگ میل طے کر لیا شعبہ کیمسٹری کی اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر فریال آفتاب اور اسسٹنٹ پروفیسر، اپلائیڈ سائیکالوجی ڈاکٹر سعدیہ مشرف نے بالترتیب 80 لاکھ 27 ہزار اور ایک کروڑ 17 لاکھ روپے کی ریسرچ گرانٹ حاصل کی ڈاکٹر سعدیہ مشرف کے پراجیکٹ کا عنوان جیون ساتھی کے جسمانی اور ذہنی تشدد کو کم کرنا اور کچی آبادیوں میں ذہنی صحت اور بہبود کو بہتر بنانے کے اقدامات ہے جبکہ ڈاکٹر فریال آفتاب کے پراجیکٹ کا عنوان ملتان کے (بقیہ نمبر 40)



Dr. Faryal Aftab
Assistant Professor,
Dept. of Chemistry

اساتذہ کی تربیت کیلئے یونیک گروپ آف انسٹی ٹیوشنز میں تربیتی نشست

یہ جان کر فخر محسوس ہو رہا ہے کہ یونیک گروپ آف انسٹی ٹیوشنز میں 83,000 سے زائد بچے اور بچیاں معیاری تعلیم حاصل کر رہے ہیں، صوبائی وزیر

تقریب میں چیئرمین یونیک گروپ عبدالمنان خرم، چیئرمین سہارا گروپ ابرار الحق، فیکلٹی ممبران اور بڑی تعداد میں اساتذہ کرام نے شرکت کی

لاہور (خبر نگار) یونیک گروپ آف انسٹی ٹیوشنز کے زیر اہتمام اساتذہ کی تربیت سے متعلق خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ مہمانِ خصوصی کے طور پر شریک ہوئے۔ اس موقع پر چیئرمین یونیک گروپ عبدالمنان خرم، چیئرمین سہارا گروپ ابرار الحق، فیکلٹی ممبران اور بڑی تعداد میں اساتذہ کرام نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے اپنے خطاب میں یونیک گروپ کی تعلیمی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ جان کر فخر محسوس ہو رہا ہے کہ یونیک گروپ آف انسٹی ٹیوشنز میں 83,000 سے زائد بچے اور بچیاں معیاری تعلیم حاصل کر رہے ہیں جبکہ پر (بقیہ نمبر 42)

شیخوپورہ میں سلنڈر پھٹنے سے گھر کی چھت گر گئی

شیخوپورہ (این این آئی) شیخوپورہ میں جوئیاں والا موڑ اکبر ٹاؤن میں سلنڈر پھٹنے سے گھر کی چھت گر گئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق سلنڈر سے گیس لیک ہوتی رہی دودھ گرم کرنے کے لیے آگ جلائی تو سلنڈر پھٹ گیا، سلنڈر پھٹنے سے کمرے کی کچی چھت گر گئی، گیس لیک کی آگ سے ایک خاتون پچیس فیصد جھلس گئی، جس کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔



لاہور: سی ٹی او لاہور اطہر وحید ٹریفک ڈرائیونگ سٹی سکول پولیس لاہور کے زیر اہتمام الحمراء آرٹ کونسل میں ڈرائیونگ سیکھنے والی خواتین سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

غیر معمولی بارشیں ماحولیاتی تبدیلی کا واضح ثبوت ہیں، حنیف عباسی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ غیر معمولی بارشیں ماحولیاتی تبدیلی کا واضح ثبوت ہیں۔ بدلتے ماحولیاتی حالات اور غیر معمولی مون سون بارشوں پر اہم پیغام میں وزیر ریلوے حنیف عباسی کا کہنا تھا کہ سیلابی ریلوں میں قیمتی جانی نقصان پر افسوس ہوا، اسلام آباد میں سیلابی ریلے کی زد اور لودھراں میں کلاؤڈ برسٹ سے جاں بحق ہونے والوں کی فیملی سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ موسم کی شدت اور خطرات کے پیش نظر احتیاط کریں۔ حنیف عباسی نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں پوری قوم متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت کی بحالی کا مطالبہ

122 سابق سرکاری ملازمین نے دستخط شدہ عرضداشت ارکان پارلیمنٹ کو پیش کر دی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی اور کشمیری سیاسی رہنماؤں، کارکنوں اور سابق بیوروکریٹس نے بھارتی دارالحکومت نئی دہلی میں ایک اجلاس کا انعقاد کیا جس میں بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت کی بحالی کا مطالبہ کیا گیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق اجلاس کا انعقاد ”فورم فار ہیومن رائٹس ان جموں و کشمیر“ نے کیا تھا۔ یہ اجلاس بھارتی پارلیمنٹ کے جاری مانسون اجلاس کے موقع پر منعقد کیا گیا تاکہ ریاستی اور خصوصی حیثیت کی بحالی کے مطالبے کو پارلیمنٹ تک پہنچایا جا سکے۔ سابق بھارتی مصالحت کار رادھا کمار نے اجلاس کے دوران کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ جموں و کشمیر کی ریاستی حیثیت کی بحالی کے لیے پارلیمنٹ میں ایک قرارداد لائی جائے۔ اجلاس میں کشمیری رہنماؤں فاروق عبداللہ، محمد یوسف تاریگامی اور آغا روح اللہ مہدی وغیرہ نے بھی شرکت کی۔

برازیل کا اسرائیل کے خلاف عالمی مقدمے میں جنوبی افریقہ کا ساتھ دینے کا اعلان

مقدمے میں ترکیہ، اسپین اور کولمبیا سمیت دیگر ممالک نے بھی شامل ہونے کی کوشش کی ہے، رپورٹ

دی ہیگ (این این آئی) عالمی عدالت انصاف میں غزہ میں اسرائیل کی جانب سے روا رکھی گئی نسل کشی کے مقدمے میں برازیل نے جنوبی افریقہ کا ساتھ دینے کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق برازیل کے صدر لوئیز اناسیو لولا ڈا سلوا طویل عرصے سے غزہ میں اسرائیل کے اقدامات کے سخت ناقد رہے ہیں۔ ان کا موقف فلسطینی عوام کے حق میں اور اسرائیلی پالیسیوں کے خلاف رہا ہے۔

دبئی، ویزا تجدید یا منسوخی سے قبل ٹریفک جرمانوں کی مکمل ادائیگی لازم

امیگریشن ڈیپارٹمنٹ نے دبئی پولیس کے ساتھ مل کر ایک نیا آن لائن سسٹم متعارف کرادیا

دبئی (این این آئی) دبئی کے رہائشیوں کو اب اماراتی ویزا کی تجدید، منسوخی یا تبدیلی کے لیے ٹریفک جرمانوں کی مکمل ادائیگی کرنا لازم ہوگی۔ امیگریشن ڈیپارٹمنٹ نے دبئی پولیس کے ساتھ مل کر ایک نیا آن لائن سسٹم متعارف کروایا ہے جو از خود ٹریفک جرمانے چیک کرے گا۔ یہ سسٹم ویزا اپڈیٹس کے عمل کے دوران صارف کے نام سے منسلک تمام ٹریفک کی خلاف ورزیاں چیک کرے گا۔

آئی جی پنجاب سے سب انسپکٹر فرقان احمد خان پہلوان کی ملاقات

ورلڈ پولیس اینڈ فائر گیمز میں ریسلنگ مقابلے میں 02 برانز میڈل جیتنے پر حوصلہ افزائی

آئی جی پنجاب نے سب انسپکٹر فرقان احمد خان پہلوان کو تعریفی سند سے نوازا، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے سب انسپکٹر فرقان احمد خان پہلوان نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ سب انسپکٹر فرقان احمد خان پہلوان کی ورلڈ پولیس اینڈ فائر گیمز میں ریسلنگ مقابلے میں 02 برانز میڈل جیتنے پر حوصلہ افزائی کی گئی۔ آئی جی پنجاب نے سب انسپکٹر فرقان احمد خان پہلوان کو تعریفی سند سے نوازا۔ اس موقع پر آئی جی پنجاب نے کہا کہ پنجاب پولیس کے ایتھلیٹس قومی و صوبائی سمیت بین الاقوامی سطح پر مسلسل کامیابیاں حاصل کر رہے ہیں۔ کھیلوں میں میڈلز جیتنے والے پولیس ایتھلیٹس محکمہ کا فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس (بقیہ نمبر 43)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور ورلڈ پولیس اینڈ فائر گیمز ریسلنگ مقابلے میں 02 برانز میڈل جیتنے پر سب انسپکٹر فرقان احمد خان پہلوان کو تعریفی سند سے نواز رہے ہیں

لاہور: ریسرچ ایوارڈ کی تقریب کے موقع پر چیئرمین پنجاب ایچ ای سی ڈاکٹر اقرار احمد خان اور وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر کا شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

بارشوں کے دوران مختلف حادثات میں اموات کی مجموعی تعداد 252 تک جا پہنچی

121 بچے 85 مرد اور 46 خواتین شامل

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 10 افراد جان کی بازی ہار گئے، 13 افراد زخمی، پنجاب میں سب سے زیادہ 139 اموات رپورٹ

خیبر پختونخوا میں 60، سندھ میں 24 اور بلوچستان میں 16 افراد جان سے گئے۔

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں حالیہ بارشوں کے دوران مختلف حادثات میں اموات کی مجموعی تعداد 252 تک جا پہنچی، 121 بچے، 85 مرد اور 46 خواتین شامل ہیں۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کی تازہ رپورٹ کے مطابق ملک بھر میں حالیہ بارشوں کے دوران مختلف حادثات میں اموات کی مجموعی تعداد 252 تک جا پہنچی ہے، جاں بحق ہونے والوں میں 121 بچے، 85 مرد اور 46 خواتین شامل ہیں۔ (بقیہ نمبر 41)

پی ٹی آئی رہنما راجہ بشارت کو مختصر حراست کے بعد پولیس نے رہا کر دیا

راجہ بشارت کو الیکشن ٹریبونل کے باہر پولیس نے تحویل میں لیا، تھانہ نیو ٹاؤن میں پوچھ گچھ کے بعد رہا کر دیا گیا

لاہور، راولپنڈی (زیڈ این این) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سینئر رہنما راجہ محمد بشارت کو تھانہ نیو ٹاؤن پولیس کی جانب سے مختصر طور پر تحویل میں لینے کے بعد رہا کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق راجہ بشارت قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 55 سے متعلق کیس کی سماعت کے لیے الیکشن ٹر (بقیہ نمبر 34)

دو مبینہ پولیس مقابلے، دو زیر حراست ملزمان ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

ڈیفنس اور کاہنہ میں زیر حراست ملزمان اپنے ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آ کر مارے گئے، ترجمان سی سی ڈی

لاہور (زیڈ این این) صوبائی دارالحکومت میں سی آئی اے (سی سی ڈی) کی کارروائیوں کے دوران دو مبینہ پولیس مقابلے پیش آئے جن میں دو زیر حراست ملزمان اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق پہلا واقعہ ڈیفنس کے علاقے میں پیش آیا، جہاں (بقیہ نمبر 35)



لاہور: شہری بارش سے بچنے کے لئے بس اسٹینڈ کے شیڈ کے نیچے کھڑے

ملک بھر میں ساڑھے چار سال کے دوران 79 خودکش حملے، 690 افراد جاں بحق: رپورٹ

پشاور (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ ساڑھے چار سال کے دوران 79 خودکش حملے ہوئے جن میں 690 جاں بحق اور 1300 سے زائد زخمی ہوئے۔ خیبر پختونخوا میں 54، بلوچستان میں 19، سندھ میں 4 اور پنجاب میں ایک خودکش حملہ ہوا، خیبر پختونخوا سب سے زیادہ متاثرہ صوبہ رہا جبکہ بلوچستان دوسرے نمبر پر متاثر صوبہ رہا۔ 2025 کے پہلے چھ ماہ میں 13 خودکش حملے ہوئے

ٹریفک مینجمنٹ یا ریونیو مہم؟ دو ماہ میں شہریوں پر ایک ارب روپے کے جرمانے، 16 لاکھ سے زائد چالان

لاہور (زیڈ این این) وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے شروع کی گئی ٹریفک مینجمنٹ مہم شہریوں کیلئے سہولت کے بجائے ریونیو بڑھانے کی مشق بن کر سامنے آئی ہے۔ صرف دو ماہ کے قلیل عرصے میں صوبے بھر میں 1 ارب روپے سے زائد کے ٹریفک جرمانے عائد کیے گئے، جبکہ 16 لاکھ سے زائد شہریوں کو چالان کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹریفک مینجمنٹ کی اس مہم میں سب سے زیادہ کارروائیاں لاہور میں کی گئیں

کراچی کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات، 4 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد ایک بار پھر فائرنگ کے واقعات کی لپیٹ میں آ گیا، جہاں مختلف علاقوں میں پیش آنے والے واقعات میں مجموعی طور پر 4 افراد زخمی ہو گئے، جن میں دو نوعمر لڑکے بھی شامل ہیں۔ بلدیہ رئیس گوٹھ میں فائرنگ کے واقعے میں 35 سالہ صادق زخمی ہوا، جسے فوری طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کیا گیا۔ چھیپا ذرائع کے مطابق واقعہ مبینہ طور پر ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر پیش آیا

ایل ڈی اے سٹی کے ترقیاتی کام سست روی کا شکار، نئے بلاکس کا قبضہ مؤخر

تین نئے بلاکس ایون، اے ٹو اور ایچ کا قبضہ دینے کا اعلان کیا، بعد ازاں پراسیس روک دیا گیا

لاہور (زیڈ این این) ایل ڈی اے سٹی نے ترقیاتی کام مکمل کرنے اور تین نئے بلاکس کے قبضے دینے کا اعلان کیا تھا، تاہم اب ان امور پر پراسرار خاموشی اختیار کر لی گئی ہے۔ ایل ڈی اے سٹی میں انڈر گراؤنڈ وائرنگ سمیت دیگر ترقیاتی سرگرمیاں سست روی کا شکار ہو چکی ہیں، جبکہ بلاکس ایون، اے ٹو اور ایچ بلاک کا قبضہ دینے کا پراسیس روک دیا گیا ہے، حالانکہ ان بلاکس میں تمام ڈویلپمنٹ ورکس مکمل کیے جا چکے تھے اور پلاٹ الاٹیز کو قبضے دینے کی تیاریاں مکمل تھیں۔ ذرائع کے مطابق ایل ڈی اے حکام نے گزشتہ سال دسمبر اور رواں برس مارچ میں باقاعدہ قبضہ کھولنے کے اعلانات کیے تھے، مگر ان پر عملدرآمد نہ ہو سکا۔ اس سست روی کی وجہ سے اردگرد کی نجی ہاؤسنگ سوسائٹیز کو نمایاں فائدہ ہو رہا ہے، جبکہ ایل ڈی اے سٹی کے ہزاروں الاٹی قبضہ نہ ملنے سے شدید پریشان ہیں۔

لاہور: پرنسپل جنرل ہسپتال پروفیسر فاروق افضل مخیر حضرات سے لیپروسکوپک مشین کا عطیہ وصول کرنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں، ایم ایس پروفیسر فریاد حسین بھی موجود ہیں

لاہور کے مختلف علاقوں سے 4 افراد کی لاشیں برآمد، شناخت نہ ہو سکی

نولکھا، ہمدرد چوک، اچھرہ اور گجومتہ سے لاشیں ملیں، دو افراد نشے کی زیادتی سے ہلاک

تمام افراد کی شناخت نہیں ہو سکی، لاشیں مردہ خانے منتقل کر دی گئیں، ترجمان ایدھی

لاہور (زیڈ این این) شہر کے مختلف علاقوں سے چار افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں جن کی شناخت تاحال نہیں ہو سکی۔ ایدھی ترجمان کے مطابق نولکھا کے علاقے سے 45 سالہ نامعلوم شخص کی لاش ملی ہے، جبکہ ہمدرد چوک کے قریب 32 سالہ شخص مبینہ طور پر نشے کی زیادتی کے باعث جان کی بازی ہار گیا۔ اسی طرح اچھرہ کے علاقے سے 50 سالہ خواجہ سرا کی لاش برآمد ہوئی جبکہ گجومتہ کے قریب بھی ایک 50 سالہ شخص نشے کی زیادتی کے باعث جاں بحق پایا گیا۔ جاں بحق ہونے والے تمام افراد کی شناخت تاحال ممکن نہیں ہو سکی۔

لاہور میں زیر تعمیر عمارت میں کام کے دوران تین مزدور کرنٹ لگنے سے شدید زخمی

لائٹس لگاتے ہوئے کرنٹ لگنے سے تین مزدور جھلس گئے، حالت تشویشناک، ریسکیو نے ہسپتال منتقل کر دیا

لاہور (زیڈ این این) لاہور میں زیر تعمیر عمارت میں کام کے دوران تین مزدور کرنٹ لگنے سے شدید زخمی ہو گئے۔ ڈی ایچ اے لاہور کے ایک فیز میں زیر تعمیر عمارت میں افسوسناک حادثہ پیش آیا ہے، جہاں تعمیراتی کام کے دوران کرنٹ لگنے سے تین مزدور شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق مزدور لائٹس لگانے کے لیے کھدائی کر رہے تھے کہ اچانک انہیں کرنٹ لگا۔ حادثے کے بعد ریسکیو ٹیم نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر متاثرہ مزدوروں کو سی پی آر دیا اور انہیں ایوی سینا ہسپتال منتقل کر دیا۔ تینوں مزدوروں کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے، اور انہیں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔

لاہور موٹر سائیکل سوار بارش سے بچنے کے لیے چھتری تانے اپنی منزل کی جانب گامزن ہیں

پنجاب یونیورسٹی میں دو بوائز ہاسٹلز طالبات کیلئے مختص، نئے نام بھی رکھ دیے گئے

وائس چانسلر ڈاکٹر محمد علی کی ہدایت پر 56 فیصد طالبات کی تعداد کے پیش نظر 2 بوائز ہاسٹلز کو گرلز ہاسٹلز میں تبدیل کر دیا گیا

لاہور (زیڈ این این) پنجاب یونیورسٹی میں طالبات کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر دو بوائز ہاسٹلز کو گرلز ہاسٹلز میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد علی کی خصوصی ہدایت پر یہ اقدام اٹھایا گیا جس کے نتیجے میں بوائز اور گرلز ہاسٹلز کی تعداد مساوی ہو گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب یونیورسٹی میں اس وقت 56 فیصد طالبات اور 44 فیصد طلباء زیر تعلیم ہیں۔ اس سے قبل طالبات کے لیے صرف 12 جبکہ طلباء کے لیے 16 ہاسٹلز مختص تھے، جس سے طالبات کو رہائش کے شدید مسائل کا سامنا تھا۔ طالبات کو مساوی سہولیات فراہم کرنے کے لیے دو بوائز ہاسٹلز، ہاسٹل نمبر 17 اور خالد بن ولید ہال کو گرلز ہاسٹلز میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔

ڈولفن ٹیم نے دورانِ پٹرولنگ خطرناک جیب تراش گرفتار کر لیا

ملزم سے دو خطرناک چاقو برآمد، شہری کو ریسکیو کر کے اسپتال منتقل، ملزم تھانہ ڈیفنس بی کے حوالے

لاہور (زیڈ این این) ڈولفن پولیس ٹیم نے پٹرولنگ کے دوران پبلک ٹرانسپورٹ میں واردات کرنے والے ایک خطرناک جیب تراش کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق ملزم شہریوں کا روپ دھار کر سواریوں کی جیبوں کا صفایا کرتا تھا۔ ڈیفنس کے علاقے میں واردات کے دوران پکڑے جانے کے خوف سے ملزم نے شہری کرامت کو خنجر مار کر زخمی کر دیا۔ ملزم نے گرفتاری کے وقت ڈ (بقیہ نمبر 36)

ڈولفن سکواڈ نادر آباد کی کارروائی، 2 مشکوک افراد گرفتار

مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ، فرار کی کوشش ناکام، پستول، موبائلز اور گولیاں برآمد

لاہور (زیڈ این این) نادر آباد ڈولفن سکواڈ نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے دو مشکوک موٹر سائیکل سوار ملزمان کو گرفتار کر لیا، جن کے قبضے سے اسلحہ اور دیگر سامان برآمد کر لیا گیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق ڈولفن ٹیم نے ایئرپورٹ روڈ کے قریب دو مشکوک افراد کو رکنے کا اشارہ کیا، تاہم انہوں نے موقع سے فرار ہونے کی کوشش کی۔ ٹیم نے فوری تعاقب کرتے ہوئے دونوں افراد کو قابو کر لیا۔

عالمی سطح پر سب سے زیادہ بولی جانے والی 10 زبانوں کی فہرست میں اردو بھی شامل

دنیا کی 10 سب سے زیادہ بولی جانے والی زبانیں تقریباً آدھی دنیا کی آبادی کی نمائندگی کرتی ہیں، رپورٹ

کراچی (این این آئی) ایک حالیہ رپورٹ کے مطابق دنیا کی 10 سب سے زیادہ بولی جانے والی زبانیں تقریباً آدھی دنیا کی آبادی کی نمائندگی کرتی ہیں، انگریزی، چینی، ہندی، ہسپانوی، اور فرانسیسی جیسی زبانیں بین الاقوامی سطح پر بھی اہم ذریعہ ابلاغ سمجھی جاتی ہیں

پاک یو اے ای تجارتی تعاون معاشی تعلقات کی بحالی کی علامت بن گیا، رپورٹ

دونوں ممالک کے درمیان دو طرفہ تعاون علاقائی استحکام اور معاشی ترقی کی راہ ہموار کرنے میں معاون ثابت ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور امارات کے درمیان تجارتی تعاون دونوں ممالک کے مابین معاشی تعلقات کی بحالی کی علامت بن گیا۔ ایس آئی ایف سی کی موثر پالیسیوں کی بدولت پاک۔یو اے ای مشترکہ تعاون کے فروغ میں اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے (بقیہ نمبر 37)

لاہور شہر میں موسلا دھار بارش کے دوران ٹریفک رواں دواں ہے

سکردو میں پھر بادل پھٹ گئے، 49 مکانات، 20 دکانیں اور دو مساجد منہدم

سکردو (این این آئی) سکردو کے علاقے کندوس میں بھی کلاؤڈ برسٹ کے نتیجے میں آنے والے شدید سیلاب نے بڑے پیمانے پر تباہی مچادی، سیاحوں سمیت متعدد افراد پھنس گئے۔ مقامی ذرائع کے مطابق سیلابی ریلے کی زد میں آ کر 49 مکانات، 20 دکانیں اور دو مساجد مکمل طور پر منہدم ہو گئیں، علاقے میں مواصلاتی نظام درہم برہم ہو گیا جب کہ سیلاب رابطہ پل بھی بہا لے گیا، جس سے زمینی رابطہ منقطع ہو گیا۔ سب ڈویژن ڈغونی میں بھی شدید بارشوں کے باعث ایک مکان کی چھت گرنے کا واقعہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں ایک لڑکی ملبے تلے دب کر جاں بحق ہو گئی، متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں جاری ہیں

وزیر اعلیٰ ای ٹیکسی منصوبے کا آغاز اگست میں ہوگا، اسکیم میں خواتین کیلئے 30 ای ٹیکسیوں کا کوٹہ مختص ہوگا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ ای ٹیکسی منصوبے کا آغاز اگست میں ہوگا، محکمہ ٹرانسپورٹ نے منصوبے پر ورکنگ مکمل کر لی، اسکیم میں خواتین کیلئے تیس ای ٹیکسیوں کا کوٹہ مختص ہوگا۔ وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب کا کہنا ہے کہ درخواستوں کی آن لائن وصولی کیلئے پی آئی ٹی بی کے تعاون سے پورٹل کی تیاری کی جا رہی ہے

بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، بیرسٹر سیف

پی ٹی آئی رہنماؤں کو سوچے سمجھے منصوبے کے تحت جھوٹے مقدمات میں سزائیں دی گئی ہیں، مشیر اطلاعات

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ اپنے ایک بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ پورے ملک میں بانی پی ٹی آئی کی رہائی کی تحریک کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں، پورے صوبے میں ورکرز کنونشنز اور کارنر میٹنگز کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے رہنماؤں کو سزائیں سوچے سمجھے منصوبے کے تحت دلائی جا رہی ہیں، پی ٹی آئی کی قیادت کو جھوٹے مقدمات میں سزائیں دی گئی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ سزائیں دلوانا بانی پی ٹی آئی کی رہائی کی تحریک کو کمزور کرنے کی ناکام کوشش ہے، سزائیں دلوانے سے واضح ہوتا ہے کہ حکومت تحریک سے شدید خوفزدہ ہے۔ بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کی قیادت اور کارکنان جھوٹے مقدمات سے دبنے والے نہیں

شاہ محمود قریشی 9 مئی کو کراچی میں تھے، پراسیکیوشن نے ڈاکٹر یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ کے خلاف کیس ثابت کیا

لاہور (این این آئی) لاہور کی انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے شیر پاؤ پل جلاؤ گھیراؤ کیس کا 42 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ جاری کردہ تحریری فیصلے کے مطابق تفتیش میں تمام ملزمان ان واقعات میں ملوث پائے گئے، تفتیشی افسران شاہ محمود قریشی سمیت 6 ملزمان کے خلاف شواہد پیش نہیں کر سکے، شاہ محمود قریشی سمیت 6 ملزمان کو بری کیا جاتا ہے،

راولپنڈی: جہلم روڈ پر خانہ بدوش خواتین اونٹوں کے ساتھ فٹ پاتھ پر بیٹھی ہیں

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور